تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد تر جمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ
پاور آف پاکستان
اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | جمعۃ المبارک 06 فروری 2026، 17 شعبان المعظم 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 175



اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف منعقدہ پاکستان قازقستان بزنس فورم سے خطاب کر رہے ہیں۔

# تجارتی حجم میں اضافے کے مواقع، دو طرفہ تجارت کو ایک ارب ڈالر تک لے جانا ہدف ہے، وزیر اعظم

## قازقستان کے ساتھ ریل اور روڈ رابطے کو مضبوط بنانا چاہتے ہیں، موجودہ تجارتی حجم 250 ملین ڈالر ہے جو اپنی صلاحیت سے بہت کم ہے، پاکستان اور قازقستان کے درمیان تجارتی حجم میں اضافے کے وسیع مواقع موجود ہیں

### قازقستان کے دورے کی دعوت پر اپنے بھائی قاسم جومارت توکایوف کا مشکور ہوں، تجارت اور اقتصادی شعبے میں تعاون کو وسعت دینے کے لیے 5 سالہ روڈ میپ پر اتفاق کیا ہے، دونوں ملکوں کے درمیان طے پانے والے 37 سمجھوتے دوطرفہ تعاون میں سنگ میل ثابت ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور قازقستان کے اقتصادی شعبے میں 5 سالہ روڈ میپ پر اتفاق ہوا۔ وفاقی دارالحکومت میں پاکستان اور قازقستان کے مشترکہ بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان وسط ایشیائی ریاستوں کو تجارت کے لیے اپنی بندرگاہوں کے ذریعے قریب ترین راستہ فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قازقستان اپنی مصنوعات گوادر اور کراچی پورٹ کے ذریعے برآمد کر سکتا ہے، قازقستان کے ساتھ ریل اور روڈ رابطے کو مضبوط بنانا چاہتے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا موجودہ (بقیہ نمبر 38)

# جعلی حکومت وہ ہوتی ہے جو لوگوں کا حق اور ترقی کھا جاتی ہے، مریم نواز

## جب لوگ روزگار، سڑکیں مانگتے ہیں تو کہتے ہیں ہم نے شعور دیا، تو کیا شعور پر بیٹھ کر کالج جائیں گے؟ کے پی کے عوام روزگار کا سوال کرتے ہیں تو کہتے ہیں شعور دیا، تو کیا لوگ شعور کو روزگار کا ذریعہ بنائیں گے؟

### لوگ گرین بس مانگتے ہیں تو کہتے ہیں شعور دیا تو کیا لوگ شعور پر سفر کریں گے؟ ورکر کا بیٹا جیل میں ہے، اپنے بیٹے کو برطانیہ میں بٹھایا ہوا ہے، جس طرح راجن پور کے لوگوں نے میرا استقبال کیا ہمیشہ یاد رکھوں گی

راجن پور (بیورو رپورٹ) مریم نواز نے راجن پور میں گرین الیکٹرک بسوں سمیت دیگر منصوبوں کا افتتاح کر دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے (بقیہ نمبر 37)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کابینہ کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

## کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو سلام، پاکستان ہر فورم پر آواز بلند کرتا رہے گا، سیدال خان ناصر

کراچی (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے یوم کشمیر کے موقع پر اپنے (بقیہ نمبر 2)

## پاکستان کشمیریوں کے ساتھ تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا، امیر مقام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیریوں کے (بقیہ نمبر 3)

# چیئرمین سینٹ کی کمبوڈیا کے وزیر اعظم سے ملاقات

### دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

پنوم پنہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کمبوڈیا کے وزیر اعظم ہن مانیٹ سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور کمبوڈیا کے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ بدھ کو جاری اعلامیہ کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے پارلیمانی سفارت کاری (بقیہ نمبر 4)

## اپنے وعدے پر قائم، بلوچستان کے لوگوں کی کوئی بھی نوکری بیچنے نہیں دی جائے گی، وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت (بقیہ نمبر 5)

# افغانستان میں چھوڑا گیا امریکی اسلحہ پاکستان میں دہشتگردی کیلئے استعمال ہونے کا انکشاف

### امریکی ادارے سگار کے سابق سربراہ جان سوپکو کے مطابق امریکی افواج کے انخلا کے دوران تقریباً 3 لاکھ جدید امریکی ہتھیار افغانستان میں موجود تھے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) افغانستان میں امریکی انخلا کے بعد چھوڑا گیا جدید امریکی اسلحہ پاکستان میں دہشت گردی کیلئے استعمال ہو رہا ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کی ایک تفصیلی رپورٹ کے مطابق یہ اسلحہ نہ صرف پاکستان بلکہ افغانستان کے تمام ہمسایہ ممالک کیلئے سنگین سیکیورٹی خطرہ بن چکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ ہتھیار ابتدائی طور پر سابق افغان فوج کی صلاحیت بڑھانے کیلئے فراہم کیے گئے (بقیہ نمبر 6)

# لاہور، سانحہ بھاٹی گیٹ کیس کے گرفتار ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع

### چار دن میں کیا تفتیش کی گئی، اس طرز تفتیش میں تو 14 روز بھی ناکافی ہیں، جوڈیشل مجسٹریٹ کا تفتیشی افسر پر شدید برہمی کا اظہار

لاہور (این این آئی) ماتحت عدلیہ نے بھاٹی گیٹ حادثہ کیس میں گرفتار ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع کر دی، عدالت نے ملزمان کو 9 فروری کو دوبارہ پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ ضلع کچہری لاہور میں جوڈیشل مجسٹریٹ شفقت عباس نے بھاٹی گیٹ کے (بقیہ نمبر 8)

## مشینیں انسانی سیاسی دانش، تجربے اور اخلاقی فیصلوں کا متبادل نہیں بن سکتیں، سینیٹر رضا ربانی

کراچی (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ سینیٹر رضا ربانی نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں جمہوری ادارے سیاسی تقسیم، تیز رفتار (بقیہ نمبر 7)

چیئرمین سینیٹ آف پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کنگڈم آف کمبوڈیا کے وزیر اعظم سمڈیک موہا بورور تھیپاڈی ہن مانیٹ کے ساتھ ملاقات میں کمبوڈیا کے۔

# وزیر تجارت سے قازق ہم منصب کی ملاقات

### دونوں ممالک کے درمیان تجارت، کنیکٹوٹی اور سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور قازقستان نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، کنیکٹوٹی اور سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے اس سلسلے میں وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے قازقستان کے تجارت اور انضمام کے وزیر ارمان شقالیف نے (بقیہ نمبر 9)

## عمران خان کیخلاف فارن فنڈنگ کیس میں اہم پیشرفت، چالان مکمل

اسلام آباد (این این آئی) بنکنگ کورٹ اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی عمران خان و دیگر کیخلاف فارن (بقیہ نمبر 13)

## وفاقی وزیر شزا فاطمہ خواجہ ایک روزہ سرکاری دورے پر کویت پہنچ گئیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کام شزا فاطمہ خواجہ ایک روزہ سرکاری دورے (بقیہ نمبر 12)

## جواء ایپس کی تشہیر، عروب جتوئی کی عبوری ضمانت میں توسیع



لاہور (این این آئی) جوئے کی ایپس کی غیر قانونی تشہیر کے مقدمہ میں معروف یوٹیوبر سعد (بقیہ نمبر 11)

# حکومت کا مسافروں کو آف لوڈ کرنے کے عمل کو قانونی تحفظ دینے کا فیصلہ

### مسافروں کو آف لوڈ کرنے کے عمل کو قانونی تحفظ دینے کیلئے قواعد و ضوابط تیار کر لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ایئرپورٹس پر مسافروں کو جہازوں سے آف لوڈ کرنے کے تنازعے پر حکومت نے مسافروں کو قانونی تحفظ دینے کا فیصلہ کر لیا اور اس کے قواعد و ضوابط تیار کر کے وزارت داخلہ کو منظوری کیلئے بھیج دیئے گئے۔ نجی ٹی وی نے حکام وزارت داخلہ (بقیہ نمبر 14)

# وفاقی وزیر قانون سے کینیڈا کے ہائی کمشنر کی ملاقات، عدالتی اصلاحات پر تعاون کے عزم کا اعادہ

### حکومت غریب قیدیوں اور نوعمر زیر حراست افراد کی سہولت کے لیے ایک پائلٹ منصوبہ متعارف کرانے جا رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے بدھ کو یہاں کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان نے ملاقات کی جس میں عدالتی اصلاحات، قانونی نظام کی بہتری اور ادارہ جاتی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی جوڈیشل اکیڈمی (ایف جے اے) میں کینیڈا حکومت کے تعاون سے جاری عدالتی تربیتی اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی، جو ہائی کمیشن آف کینیڈا اور MUSAWI کے اشتراک سے منعقد کیے جا رہے ہیں۔ ان پروگرامز کا مقصد (بقیہ نمبر 15)

## مبینہ جعلی پولیس مقابلوں کیخلاف درخواست پر سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں جاری مبینہ جعلی پولیس مقابلوں کے خلاف درخواست پر سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل نے میاں داؤد ایڈووکیٹ سمیت دیگر وکلاء کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت (بقیہ نمبر 16)

# سیوریج لائن میں بچی سمیت گر کر جاں بحق ہونے والی سعدیہ کے شوہر، والد کی عدالت پیشی

### ہمیں ابھی تک کوئی رقم یا چیک نہیں ملا، ابھی ہم صدمے میں ہیں، عدالت نے بلوایا ہے تو حاضر ہوئے ہیں' والد

لاہور (این این آئی) بھاٹی گیٹ میں سیوریج لائن میں گر کر جاں بحق ہونے والی خاتون سعدیہ کا والد اور شوہر ضلع کچہری میں پیش ہوئے۔ اس سوال کہ کیا آپ کو ایک کروڑ روپے کا چیک مل گیا ہے کے جواب میں والد ساجد حسین نے کہا کہ ہمیں ابھی تک کوئی رقم یا چیک نہیں ملا۔ صحافی نے سوال کیا کیا آپ معاملے کو صلح صفائی کی طرف لے کر جا رہے ہیں جس پر انہوں نے کہا کہ ابھی ہم صدمے میں ہیں، آج پہلی بار عدالت نے بلوایا ہے حاضر ہوا ہوں۔

# وزیر اعلیٰ بسنت کے سلسلہ میں خود ایک ایک انتظام کی نگرانی کر رہی ہیں، مریم اورنگزیب

### دوران بسنت کسی بھی افسوسناک واقعے سے بچنے کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے رات گئے اندرون شہر کا دورہ کر کے موچی گیٹ اور دیگر گنجان آباد علاقوں میں بسنت انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سینئر صوبائی وزیر نے بازاروں میں فروخت ہونے والی کیو آر کوڈ پتنگوں کے سائز اور چرخی کے بغیر کیو آر کوڈ ڈور کا موقع پر معائنہ کرتے ہوئے بسنت کو محفوظ بنانے کے لیے ایس او پیز پر عملدرآمد کی جانچ پڑتال کی۔ (بقیہ نمبر 29)

لاہور: صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس میں سولر پینلز کا افتتاح کر رہے ہیں۔

## سٹی ٹریفک پولیس کو 14 فروری سے نیا یونیفارم پہننے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) سٹی ٹریفک پولیس کے افسران اور وارڈنز کو 14 فروری سے نیا یونیفارم پہننے کی ہدایت جاری کر دی گئی۔ ٹریفک پولیس حکام کے مطابق افسران اور وارڈنز نیا یونیفارم خود سلوائیں گے جس کے لیے فی کس 5 ہزار روپے فراہم کیے جائیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ 2 روز میں تمام ٹریفک وارڈنز کو (بقیہ نمبر 30)

# وزیر بلدیات کا پی ڈی پی پر کام کی رفتار پر اظہار اطمینان

### مختلف شہروں میں 19 ریذیڈنٹ اور 6 اسسٹنٹ ریذیڈنٹ انجینئرز تعینات، 41 انسپکٹرز کا بھی تقرر کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر جاری کام کی رفتار پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے مقررہ ٹائم لائن کا ہر مرحلے پر خیال رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ پی ڈی پی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے زور دیا کہ کمشنر صاحبان زیر زمین ٹینک اور ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کے لئے اراضی کی فراہمی یقینی بنائیں۔ اجلاس میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور ایڈیشنل سیکرٹری احمر سہیل کیفی نے بھی شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 17)

سیکرٹری پی آئی ایس پی امیر احمد علی وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

# خیبر پختونخوا، بلوچستان کے حالات سنگین، دہشتگردی کے اسباب کو ختم کرنا ہو گا، حافظ نعیم الرحمن

### (ن)، پی پی کا طرز حکمرانی دنیا میں بدترین گورننس کی مثال ہے، شریف اور بھٹو خاندان کی تیسری نسل کو حکمرانی کے لیے تیار کیا جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حکمران پانچ فروری کو یوم یکجہتی کشمیر رسم کے طور پر نہ منائیں، مقبوضہ وادی میں بھارتی تسلط اور ظلم کے خلاف واضح اور جاندار موقف اپنایا جائے۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے حالات سنگین ہیں، دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے اسباب پر غور کرنا ہو گا۔ ملک میں دہشت گردی کی بڑی وجہ امریکہ سے دوستی ہے۔ پاکستان کا غزہ امن بورڈ کا حصہ (بقیہ نمبر 18)

# پی آئی اے کے کرایوں میں خصوصی ڈسکاؤنٹ کا اعلان

### سرکاری بکنگ دفاتر، ویب سائٹ، موبائل ایپ یا مستند ٹریول ایجنٹس سے رابطہ کر سکتے ہیں، ترجمان

کراچی (این این آئی) پی آئی اے کی جانب سے کرایوں میں خصوصی ڈسکاؤنٹ کا اعلان کیا گیا ہے، تاہم اس سے کن مسافروں کو فائدہ ہوگا، اس کی تفصیلات بھی جاری کر دی گئی ہیں۔ ترجمان کے مطابق پی آئی اے نے پیرس سے پاکستان کے مختلف شہروں کا سفر کرنے والے مسافروں کے لیے کرایوں میں 10 فیصد خصوصی رعایت دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس حوالے سے تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ اس خصوصی رعایت کا اطلاق پیرس سے پاکستان آنے والے مسافروں پر ہوگا (بقیہ نمبر 32)

## محمد ہمایوں خان کا امریکا اور ایران کے مابین ہونے والے اہم مذاکرات میں پاکستان کی شمولیت کا خیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے امریکا اور ایران کے مابین ہونے والے اہم مذاکرات میں پاکستان کی شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ تنازعات کا حل طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ اپنے بیان میں ہمایوں خان نے اسے خطے میں امن کے فروغ کے لیے (بقیہ نمبر 31)

# پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے لیے اے آئی ڈیش بورڈ کا قیام

### لائیو مانیٹرنگ سسٹم کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور موثر انداز میں مکمل کرنا ممکن ہو سکے گا

لاہور (این این آئی) ترقی یافتہ پنجاب کے وژن کے تحت صوبے بھر میں ترقیاتی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی کے لیے ایک جدید لائیو ڈیش بورڈ تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 19)

## کابینہ کمیٹی کا اجلاس، مختلف ایجنڈہ آئٹمز پر غور

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے امور قانون سازی و نجکاری (ایس سی ایل پی اینڈ پی) کا اجلاس سول سیکرٹریٹ میں ہوا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری احمد رضا سرور اور متعلقہ سیکرٹری صاحبان نے شرکت کی۔ اجلاس کے (بقیہ نمبر 20)

# پاکستانی قوم کشمیریوں کے اس جائز حق کیلئے اپنی حمایت جاری رکھے گی، شافع حسین

### ہر سال 5 فروری اس عزم کے ساتھ منایا جاتا ہے کہ پوری قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے، صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر سال 5 فروری اس عزم کے ساتھ منایا جاتا ہے کہ پوری قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہتے کشمیری دہائیوں سے حق خود ارادیت کے حصول کیلئے قربانیاں دے رہے ہیں اور پاکستانی قوم کشمیریوں کے اس جائز حق کیلئے اپنی حمایت جاری رکھے گی۔

لاہور: آئی جی پنجاب راؤ عبدالکریم سنٹرل پولیس آفس میں ایڈیشنل آئی جیز، آر پی اوز اور ڈی پی اوز کے اہم ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

# لاہور ہائیکورٹ کا محفوظ بسنت کیلئے ریڈ زون پارکس میں میڈیکل کیمپس قائم کرنے کا حکم

### بسنت فیسٹیول کے دوران تمام متعلقہ فریقین عوام کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے' عدالت کے ریمارکس

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے محفوظ بسنت منانے کے حوالے سے ریڈ زون والے پارکس میں میڈیکل سہولیات کیمپ قائم کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے محفوظ بسنت منانے کے حوالے سے اہم احکامات جاری کرتے ہوئے ریڈ زون میں واقع پارکس میں میڈیکل سہولت کیمپس قائم کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے بسنت کے موقع پر تمام حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ جسٹس ملک اویس خالد نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری (بقیہ نمبر 21)

## اساتذہ طلبہ کو مصنوعی ذہانت، چیٹ جی پی ٹی کی تربیت فراہم کریں، پروفیسر ڈاکٹر محمد علی

لاہور (این این آئی) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا ہے کہ اساتذہ کو اپنے طلباء و طالبات کو مصنوعی ذہانت اور چیٹ جی پی ٹی کے ساتھ تعلیم و تربیت فراہم کرنا ہو گی۔ وہ پنجاب یونیورسٹی ادارہ تعلیم و تحقیق کے زیر اہتمام پانچویں تقسیم تقریب اسناد سے فیصل آڈیٹوریم میں خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 25)

ابوظہبی: خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری 2026 کے زید ایوارڈ برائے انسانی برادرانہ مجلس میں شریک ہیں۔

# صدر ورلڈ بینک نے سندھ کے کمیونٹی پر مبنی بحالی ماڈل کو عالمی مثال قرار دے دیا

### صدر اجے بنگا نے بہاول جت میں امرود کا یادگار پودا لگایا اور کمیونٹی سینٹر میں خواتین سے ملاقات کی

کراچی (این این آئی) ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا نے سندھ پیپلز ہاؤسنگ فار فلڈ افیکٹیز پروگرام کے تحت تعمیر شدہ گھروں عالمی مثال قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ محفوظ گھروں کو صاف پانی، صفائی ستھرائی، بہتر غذائیت اور سماجی شمولیت سے جوڑا جا رہا ہے، جو انسانی سرمائے کی ترقی کے لیے مضبوط بنیاد ہے۔ انہوں نے سندھ کے کمیونٹی پر مبنی بحالی ماڈل کو عالمی مثال قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا (بقیہ نمبر 26)

## کراچی پولیس کی ناکامی، اسپتال سے اغوا 3 ماہ کا بچہ تاحال بازیاب نہ ہو سکا

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ سٹی کی انویسٹی گیشن (ڈی سی آئی) پولیس بچے کو بازیاب کرانے میں ناکام رہی، سول ہسپتال کے شعبہ اطفال سے گزشتہ سال اغوا کیا گیا 3 ماہ کا اذان تاحال بازیاب نہ ہو سکا۔ تین ماہ کے اذان کو شعبہ اطفال سے خاتون اور مرد اغوا کر کے لے گئے (بقیہ نمبر 27)

# رمضان المبارک کے پیش نظر نگہبان کارڈ کی فراہمی کا عمل تیز کرنے کی ہدایت

### نگہبان کارڈ کے لیے قائم کی جانے والی کیمپ سائٹس سے متعلق تفصیلات طلب کر لی گئیں

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے رمضان المبارک کے پیش نظر نگہبان کارڈ کی فراہمی کا عمل تیز کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ ایوان وزیر اعلیٰ نے صوبہ بھر میں نگہبان کارڈ کے لیے قائم کی جانے والی کیمپ سائٹس سے متعلق تفصیلات طلب کر لی ہیں جبکہ تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو فوری طور پر سائٹس کی تفصیلات فراہم کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 23)

## مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے پاکستان کو سیاسی و معاشی طور پر مستحکم کرنا ہو گا' ڈاکٹر محمد علی

لاہور (این این آئی) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے پاکستان کو سیاسی و معاشی طور پر مستحکم کرنا ہو گا جو علم کے بغیر ممکن نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب یونیورسٹی (بقیہ نمبر 22)

لاہور: ڈی جی کاؤنٹر نارکوٹکس فورس پنجاب بریگیڈیئر مظہر اقبال نجی یونیورسٹی میں منشیات فروشی سے متعلق آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

# یہ آپ کا قصور نہیں، اخلاقی پستی، تربیت کا مسئلہ ہے، مسرت چیمہ کا عابد شیر علی کی پوسٹ پر ردعمل

### عوام کی نفرت اور لعن طعن کا بدلہ خاں صاحب پر غصہ نکال کے لیں گے کیا؟' سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما عابد شیر علی کی بانی چیئرمین عمران خان سے متعلق ایک پوسٹ پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ یہ آپ کا قصور نہیں آپ کی اخلاقی پستی اور تربیت کا مسئلہ ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ عوام کی نفرت اور لعن طعن کا بدلہ خاں صاحب پر غصہ نکال کے (بقیہ نمبر 33)

## پنجاب یونیورسٹی ایف سی آئی ٹی کے زیر اہتمام کیریئر فیئر کا انعقاد

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی فیکلٹی آف کمپیوٹنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام طلباؤ طالبات اور معروف صنعتی اداروں کو ایک ہی چھت تلے اکٹھا کرنے کے لیے 15 واں کیریئر فیئر 2026 منعقد ہوا۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر (بقیہ نمبر 34)

# جنوری میں تجارتی خسارہ کم، برآمدات پہلی بار 3 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئیں

### ٹیکسٹائل شعبہ برآمدات میں سرفہرست رہا، ویلیو ایڈڈ سیگمنٹ میں نمایاں بہتری ہوئی

کراچی (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاشی اصلاحات سے برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے مطابق جنوری میں پاکستان کی برآمدات پہلی بار 3 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئیں جب کہ درآمدات کم ہو کر ساڑھے 5 ارب ڈالر کے قریب (بقیہ نمبر 36)

## ہارمونل بیماری کے باعث ایک کروڑ پاکستانی خواتین بانجھ پن کا شکار ہو سکتی ہیں، ماہرین صحت کی وارننگ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں تولیدی عمر کی پندرہ سے بیس فیصد خواتین پولی سسٹک اووری سنڈروم کا شکار ہیں یعنی ملک بھر میں (بقیہ نمبر 35)

# پارلیمان اس لیے اہم ہے کیونکہ جمہوریت کا دارومدار انہی اداروں پر ہے، اسپیکر

### ایوانوں میں تشدد، شور شرابہ، غیر سنجیدہ بحث اور عوامی مسائل کے حل کی کمی ہو تو جمہوریت پر اعتماد مجروح ہوتا ہے، عالمی پارلیمانی کانفرنس سے خطاب

کراچی (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ پارلیمان اس لیے اہم ہے کیونکہ جمہوریت کا دارومدار انہی اداروں پر ہے اور عوام کا اعتماد پارلیمانی طرز عمل سے جڑا ہوا ہے۔ بدھ کو 7 ویں سی پی اے ایشیا ریجنل کانفرنس اور دوسری مشترکہ ایشیا و جنوب مشرقی ایشیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ملک احمد خان نے کہا کہ اگر ایوانوں میں تشدد، شور شرابہ، غیر سنجیدہ بحث اور عوامی مسائل کے حل کی کمی ہو تو (بقیہ نمبر 28)

## پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا ذیشان رفیق

**پاکستانی عوام کے دل اپنے کشمیری بھائیوں کیساتھ دھڑکتے ہیں، انشاءاللہ مقبوضہ کشمیر میں جاری تاریک رات کا جلد خاتمہ ہوگا**

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے یوم یکجہتی کشمیر پر پیغام پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیر پر بھارت کو ناجائز قبضہ تاریخ کا سیاہ باب ہے۔ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کی سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج 5 فروری کو دنیا بھر میں پاکستانی کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں۔ بھارتی حکومت زیادہ عرصے تک کشمیریوں کے حقوق غصب نہیں کرسکتی۔

## ننکانہ صاحب سمیت ملک بھر میں شب براءت عقیدت واحترام سے منائی گئی

**فرزندانِ اسلام نے اللہ تعالی کے حضور گناہوں کی بخشش ومغفرت اور ملک وقوم کی سلامتی واستحکام کے لیے خصوصی دعائیں مانگیں**

ننکانہ صاحب (این این آئی) ننکانہ صاحب سمیت ملک بھر میں شب براءت نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ اس بابرکت رات کے موقع پر مساجد میں خصوصی عبادات، نوافل اور صلوا التسبیح کا اہتمام کیا گیا جبکہ فرزندانِ اسلام نے اللہ تعالی کے حضور گناہوں کی بخشش ومغفرت اور ملک وقوم کی سلامتی واستحکام کے لیے خصوصی دعائیں مانگیں۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب میں شہریوں کی بڑی تعداد نے عصر کے بعد اپنے پیاروں کی یاد میں قبرستانوں کا رخ کیا، جہاں انہوں نے قبروں کی صفائی کی، پھولوں کی چادریں چڑھائیں اور مرحومین کے ایصالِ ثواب اور درجات کی بلندی کے لیے دعائیں کیں۔ شب برت کے موقع پر مختلف قبرستانوں اور بازاروں کے باہر گلاب کے پھولوں کے اسٹالز بھی لگائے گئے۔

**فیصل آباد میں پتنگ فروش گرفتار، سینکڑوں پتنگیں برآمد**

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے پتنگ بازی کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران پتنگ فروش کو گرفتار کر کے سینکڑوں پتنگیں برآمد کرلیں۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او فیصل آباد صاحبزادہ بلال عمر کی ہدایت پر پتنگ فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔

سٹی وفد کی سربراہی کرنے والے وائس چیئرمین غلام مصطفی دیوان کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔

## غزہ میں انسانی ہمدردی کو روکنا جنگی جرم اور عالمی ضمیر کے لیے کھلا چیلنج

**اسرائیل کی جانب سے غزہ میں امدادی سرگرمیوں پر پابندیاں انسانیت کے قتلِ عام کے مترادف ہیں، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل**

ننکانہ صاحب (این این آئی) متحدہ عوامی موومنٹ کے بانی ومرکزی چیئرمین صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے غزہ میں امدادی سرگرمیوں پر اسرائیلی پابندیوں کو انسانیت کے خلاف بدترین جرائم اور ریاستی جبر کی واضح مثال قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل دانستہ طور پر انسانی ہمدردی کی راہوں کو مسدود کر کے نہتے شہریوں کو بھوک، بیماری اور موت کے منہ میں دھکیل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غزہ اس وقت ایک ایسی محصور بستی بن چکا ہے جہاں بچے خوراک سے محروم، مریض ادویات کے بغیر اور زخمی علاج نہ ملنے کے باعث اذیت میں مبتلا ہیں، مگر افسوس کہ اسرائیل امداد کو بھی ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ انسانی فلاحی تنظیموں پر غیر اخلاقی شرائط مسلط کرنا، اجازت ناموں کے نام پر رکاوٹیں کھڑی کرنا اور امدادی عمل کو ناممکن بنانا دراصل اجتماعی سزا کا تسلسل ہے۔

**فیصل آباد شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی وراہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری**

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی وراہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 70 سے زائد مقامات پر شہری لاکھوں کی نقدی طلائی زیورات ودیگر قیمتی سامان سے محروم۔ تفصیل کے مطابق چنیوٹ بازار پارکنگ کے قریب آفتاب ٹیکسٹائل ملز کے مالک علی تنویر سے موٹرسائیکل سوار ڈاکوؤں نے 16 لاکھ کی رقم چھین لی اور فرار ہوگئے۔

## تین سالوں میں تمام تعلیمی اداروں کو سولر انرجی پر منتقل کیا جائے گا، صوبائی وزیر توانائی

**صوبائی وزیر توانائی فیصل ایوب کھوکھر کا یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس میں سولر پینلز کا افتتاح**

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر نے یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس لاہور کا دورہ کیا اور یونیورسٹی میں سولر پینلز کے منصوبے کا باضابطہ افتتاح کردیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف ہوم اکنامکس پروفیسر ڈاکٹر زیب النساء سمیت یونیورسٹی انتظامیہ اور متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق حکومت پنجاب گرین انرجی کی جانب تیزی سے بڑھ رہی ہے۔

## صحرائے تھل ماہنی میں پاکستان کا پہلا اور ایشیا کا پانچواں بڑا کیمل بریڈنگ اینڈ ریسرچ سنٹر

**سنٹر میں اسوقت اعلی نسل کے 60 سے زائد اونٹ اور اونٹنیاں موجود ہیں**

جنڈانوالا (این این آئی) بھکر کے علاقہ صحرائے تھل ماہنی میں پاکستان کا پہلا اور ایشیا کا پانچواں بڑا کیمل بریڈنگ اینڈ ریسرچ سنٹر جو ریگستانی جہاز اونٹ کی معدوم ہوتی نسل کے تحفظ اور افزائش کے لیے ایک اہم سنگِ میل ثابت ہو رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس جدید سنٹر میں اس وقت اعلی نسل کے 60 سے زائد اونٹ اور اونٹنیاں موجود ہیں، جبکہ ساتھ ہی اعلی نسل کی بھیڑوں کی افزائش بھی کی جا رہی ہے۔ پاکستان بھر سے مویشی پال حضرات اپنے جانوروں کی افزائشِ نسل کے لیے اس سنٹر سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں، جس سے لائیو اسٹاک کے شعبے کو فروغ مل رہا ہے۔ کیمل بریڈنگ اینڈ ریسرچ سنٹر میں اونٹوں کی جینیٹک بہتری، جدید افزائشی طریقوں، بیماریوں سے بچا، دودھ اور گوشت کی غذائی افادیت پر باقاعدہ سائنسی تحقیق جاری ہے۔ ماہرین کے مطابق اونٹ کا دودھ اور گوشت نہ صرف ذائقہ میں لذیذ بلکہ صحت کے لیے انتہائی مفید ہے

**فیصل آباد پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 24 منشیات فروش ملزمان گرفتار کرلئے**

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 24 منشیات فروش ملزمان گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق منشیات فروشوں کے خلاف فیصل آباد پولیس کا بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ترجمان پولیس نے بتایا کہ فیصل آباد پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں چوبیس منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں زبیر، عادل، صدام، عمران، شوکت، اشفاق، پرویز، ابراہیم، وارث، احمد وغیرہ شامل ہے۔

## صنعتوں کو زیادہ گیس استعمال کرنے کی ترغیب دی جارہی ہے، جنرل منیجر سوئی نادرن

**منظور شدہ لوڈ سے زیادہ گیس استعمال کرنے والوں کو صرف نوٹس دیئے گئے ہیں مگر کوئی بھی کنکشن اس بنیاد پر کاٹا نہیں گیا**

مکوآنہ (این این آئی) سوئی نادرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ فیصل آباد کے جنرل منیجر عمران صفدر ورک نے کہا کہ حکومت کی پالیسی کے مطابق صنعتوں کو زیادہ گیس استعمال کرنے کی ترغیب دی جارہی ہے جبکہ منظور شدہ لوڈ سے زیادہ گیس استعمال کرنے والوں کو صرف نوٹس دیئے گئے ہیں مگر کوئی بھی کنکشن اس بنیاد پر کاٹا نہیں گیا۔ وہ آج فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں تاجروں اور صنعتکاروں کے ایک اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے گیس کمپنی اور نجی شعبہ کے درمیان رابطوں کو اچھا اور مثبت قدم قرار دیا اور کہا کہ اِن ملاقاتوں میں اٹھائے جانے والے مقامی نوعیت کے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جا رہا ہے جبکہ اُن کے دائرہ کار سے باہر مسائل کو ہیڈ آفس تک پہنچایا جارہا ہے۔

**فیصل آباد پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو ملزمان کو گرفتار کرلیا**

مکوآنہ (این این آئی) سی پی او فیصل آباد کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ بلوچنی پولیس کی بڑی کارروائی، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو ملزمان گرفتار۔ ملزمان نے گھریلو لڑائی جھگڑے کی وجہ سے فائرنگ کر کے غلام مرتضیٰ کو فائر جبکہ امجد اور ضیاء عباس کو بھی لڑائی کے دوران زخمی کر دیا تھا۔ ایس ایچ او تھانہ بلوچنی سب انسپکٹر عدیل مصطفیٰ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے ملزمان احسان اور حسیب کو گرفتار کیا۔

سابق رکن قومی اسمبلی اسلم بھوتانی کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے میں نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سینیٹر مشاہد حسین سید اور دیگر شریک ہیں

## نیٹ میٹرنگ صارفین کے لیے بلنگ پالیسی میں تبدیلی نافذ

**نیٹ میٹرنگ صارفین کیلئے ایکسپورٹ ریٹ میں 66 پیسے کمی**

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے نیٹ میٹرنگ صارفین کے لیے بلنگ پالیسی میں تبدیلی نافذ کردی۔ وزارتِ توانائی کی ہدایت پر نیٹ میٹرنگ بلنگ میکانزم تبدیل کردیا گیا ہے جس کے تحت نیٹ میٹرنگ صارفین کے لیے ایکسپورٹ ریٹ میں 66 پیسے کی کردی گئی ہے۔ لیسکو کے آئی ٹی ڈائریکٹوریٹ نے نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا ہے، فی یونٹ ایکسپورٹ ریٹ 25.98 روپے سے کم ہوکر 25.32 روپے مقرر کردیا گیا ہے۔

## لاہور میں تین روز میں 54 کروڑ سے زائد کی ڈور، پتنگیں فروخت ہوئیں

**تیسرے روز مارکیٹس میں 5 لاکھ سے زائد گڈے، پتنگیں، 10 ہزار سے زائد پنے فروخت ہوئے**

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں تین روز میں 54 کروڑ سے زائد کی ڈور اور پتنگیں فروخت ہوئیں۔ حکومت کی جانب سے پتنگ اور ڈور کی باضابطہ اجازت ملنے کے بعد پتنگوں اور ڈور کی فروخت عروج پر ہے اور تین روز میں 54 کروڑ روپے کی پتنگیں اور ڈور فروخت ہو چکی ہے۔ لیگل ایڈوازر کائٹ فلائنگ ایسوسی ایشن ایڈوکیٹ ملک فیضان احمد کے مطابق تیسرے روز مارکیٹس میں 5 لاکھ سے زائد گڈے، پتنگیں اور 10 ہزار سے زائد پنے فروخت ہوئے۔ ڈیڑھ تاوا گڈا 650 روپے، ایک تاوا 450 روپے اور پونا تاوا 250 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے، لاہور: دو پیس کا پنا 7 سے 8 ہزار کا فروخت ہو رہا ہے، لاہور: چار پیس کا پنا 12 سے 15 ہزار کا فروخت کیا جارہا ہے، تیسرے روز پتنگوں کے ریٹ میں اضافہ جبکہ دستیابی میں کمی رہی

**بغیر سیفٹی راڈ موٹرسائیکل چلانے پر شہریوں کیخلاف مقدمات درج کرنے کا سلسلہ جاری**

لاہور (این این آئی) پولیس کی جانب سے بغیر سیفٹی راڈ موٹرسائیکل سواروں کے خلاف مقدمات کا سلسلہ جاری ہے۔ گلبرگ اور نصیر آباد پولیس نے سیفٹی راڈ نہ لگانے پر 2 مقدمات درج کر لئے۔ گلبرگ پولیس نے اے ایس آئی محمد امجد کی مدعیت میں حسن عباس کے خلاف مقدمہ درج کیا جبکہ نصیر آباد پولیس نے سب انسپکٹر خالد محمود جاوید کی مدعیت میں حمزہ جمیل کے خلاف مقدمہ درج کیا۔

**ورلڈ بینک کے صدر سراج اجے پال سنگھ بنگا کی خوشاب میں ”گلی سکھاں والی“ آمد**

سرگودھا (این این آئی) ورلڈ بینک کے صدر سراج اجے پال سنگھ بنگا نے خوشاب میں ”گلی سکھاں والی“ گئے جہاں ان کے والد لیفٹیننٹ جنرل ہربھجن سنگھ بنگا کی پرورش ہوئی۔ وہاں تاریخی گوردوارہ میں ان کے اعزاز سے منعقدہ تقریب میں علاقہ کا مختصر تعریف کرواتے ہوئے انہیں خوش آمد کہا گیا اور بزرگ راہنما نے اپنے مذہبی عقید میں چادر ڈالی اس موقع پر عالمی امن کی دعا کی گئی اس تقریب میں کئی علاقوں سے آئے ہوئے دیگر سکھ راہنماوں نے شرکت کر کے تقریب کو پررونق بنایا۔

ہوپ برج ویلفیئر آرگنائزیشن، المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی کے تعاون سے لیاری میں مفت میڈیکل کیمپ میں ریضوں کا معائنہ کر رہے ہیں

## مذاکرات کا مقصد دشمنی یا جنگ کو بڑھنے سے روکنا ہونا چاہیے شیری رحمان

**خاص طور پر خطے میں امن کے مفادات کے پیش نظر امریکا ایران اہم مذاکرات میں پاکستان کے شامل ہونے پر خوشی ہے**

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلزپارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ خاص طور پر خطے میں امن کے مفادات کے پیش نظر امریکا ایران اہم مذاکرات میں پاکستان کے شامل ہونے پر خوشی ہے۔ بدھ کو امریکا ایران مذاکرات میں پاکستان کی شمولیت پر اپنے پیغام میں شیری رحمن نے کہا کہ خاص طور پر خطے میں امن کے مفادات کے پیش نظر امریکا ایران اہم مذاکرات میں پاکستان کے شامل ہونے پر خوشی ہے۔

کراچی: چیئرمین واٹر کارپوریشن ومیئر کراچی بیرسٹر مرتضی وہاب صدر دفتر کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن میں KW&SC Unified App کا افتتاح کرنے بعد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

## یونیسکو کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر خالد العنانی کا ٹیکسلا کا دورہ

**بیر ماؤنڈ اور سرکپ سمیت اہم آثارِ قدیمہ کے مقامات کا دورہ کیا**

لاہور (این این آئی) اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے یونیسکو کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر خالد العنانی نے ٹیکسلا کا دورہ کیا۔ انہوں نے بیر ماؤنڈ اور سرکپ سمیت اہم آثارِ قدیمہ کے مقامات کا دورہ بھی کیا اور حکومت پنجاب کی جانب سے آثارِ قدیمہ کے تحفظ اور بحالی کے اقدامات کو عالمی معیار سے ہم آہنگ بنانے کے اقدامات کو سراہا۔ ڈاکٹر خالد العنانی نے ٹیکسلا اور روہتاس قلعہ کے عالمی ثقافتی ورثے کے مقامات کی بہتری کے لیے پنجاب حکومت کی کاوشوں کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے بہتر سیاحتی سہولیات اور عوام دوست ثقافتی مقامات کے قیام کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت کو سراہتے ہوئے سینئر وزیر مریم اورنگزیب کے کردار کو پنجاب کے ثقافتی ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں اہم قرار دیا۔ ٹیکسلا آمد پر ڈاکٹر خالد العنانی کا استقبال وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر سید توقیر حسین شاہ، صوبائی وزیر لوکل گورنمنٹ ذیشان رفیق اور یونیسکو کی ایگزیکٹو بورڈ میں پاکستان کے نمائندے نے کیا۔

## بلوچستان میں پاک افواج زندہ باد ریلی کا انعقاد، ہزاروں افراد کی شرکت، سبز ہلالی پرچم لہراتے رہے

**مٹھی بھر دہشت گرد اپنے مکروہ عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، سردار عبدالرحمان کھیتران ودیگر کا خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع بارکھان میں ایک عظیم الشان پاکستان زندہ باد اور پاک افواج زندہ باد ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کی، ریلی میں ہزاروں کی تعداد میں مقامی عوام نے شرکت کی اور ہاتھوں میں پاکستان کے سبز ہلالی پرچم لہراتے ہوئے وطن عزیز اور مسلح افواج کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اعلان کیا۔ ریلی بارکھان سے شروع ہوئی اور رکھنی تک پہنچی جہاں صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان ہمارا وطن ہے اور اس کے دفاع اور سلامتی کیلئے ضلع بارکھان کے عوام صف اوّل میں کھڑے ہیں، پاک افواج کے جوان ہماری عزت اور سرحدوں کی حفاظت کے لیے اپنی جانیں قربان کررہے ہیں اور پوری قوم ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مٹھی بھر دہشت گرد اپنے مکروہ عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ پوری قوم کو اپنی افواج پر فخر ہے۔

لاہور لبرٹی چوک میں جشن بسنت کی مناسبت سے بڑے سائز کے گڈے کا ماڈل شہریوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔

## لکی مروت میں پولیس کانسٹیبل اہل خانہ کے سامنے قتل، مسلح افراد نے گھر کو آگ لگادی

**مسلح حملہ آور اچانک گھر میں داخل ہوئے اور اندھا دھند فائرنگ کردی اور فرار ہوگئے، تلاش شروع**

لکی مروت (این این آئی) لکی مروت میں پولیس کانسٹیبل کو گھر میں گھس کر فائرنگ سے قتل کردیا گیا، مسلح افراد نے گھر کو بھی آگ لگادی۔ پولیس کے مطابق واقعہ سرائے نورنگ کے گاؤں نصر خیل میں پیش آیا جہاں نامعلوم مسلح افراد نے رات گئے پولیس کانسٹیبل دستگیر کو اس کے گھر میں گھس کر اہل خانہ کے سامنے فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حملہ آور اچانک گھر میں داخل ہوئے اور اندھا دھند فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں کانسٹیبل دستگیر موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کے بعد ملزمان نے کانسٹیبل دستگیر کے گھر کو آگ بھی لگادی جس سے گھر کے اندر موجود سامان کو نقصان پہنچا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی نفری موقع پر پہنچی اور شواہد اکٹھے کرنے کے ساتھ ساتھ علاقے کو گھیرے میں لیا۔ کانسٹیبل کی شہادت اور گھر کو نذر آتش کیے جانے کے واقعے کے بعد علاقے میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے جبکہ شہریوں میں خوف وہراس بھی پھیل گیا۔

پشاور، خیبر پختونخوا انڈر 21 گیمز میں شریک کھلاڑی سلامی کے چبوترے سے گزر رہے ہیں۔

## روحانی اقدام: داتا دربار میں روزانہ کشف المحجوب درس کا آغاز ہوگیا، ڈاکٹر احسان بھٹہ

**درس کشف المحجوب کی تعلیمات پر مبنی ہیں جو محبت، رواداری، روحانی پاکیزگی، صبر اور سماجی ہم آہنگی پر زور دیتی ہیں**

لاہور (این این آئی) سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے شبِ برات کی مناسبت سے اوقاف ڈیپارٹمنٹ کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشف المحجوب درس کو عام زائرین کے لیے روزانہ کی بنیاد پر دربارِ حضرت مخدوم سید علی ہجویری میں شروع کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر جنرل اوقاف شاہد حسن کلیانی، ایڈمنسٹریٹر داتا دربار محمد علی خان اور دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے بتایا کہ یہ روحانی اہمیت کے حامل اقدام کو ڈپٹی پرائم منسٹر ووزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار کے وژن اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کے مطابق شروع کیا گیا ہے جس کا مقصد عوام میں اسلامی تعلیمات، صوفیانہ اقدار اور اخلاقی رہنمائی کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ درس کشف المحجوب کی تعلیمات پر مبنی ہیں جو محبت، رواداری، روحانی پاکیزگی، صبر اور سماجی ہم آہنگی پر زور دیتی ہیں۔ اس اقدام کا مقصد زائرین کو مستند دینی واخلاقی رہنمائی فراہم کرنا اور داتا دربار کے روحانی ماحول اور تقدس کو برقرار رکھنا ہے۔

## یومِ یکجہتی کشمیر، بھارتی مظالم ناقابلِ برداشت، اقوامِ متحدہ فوری کردار ادا کرے، احسن افضل کھوکھر

**کشمیری عوام کئی دہائیوں سے بھارتی جبر واستبداد کا سامنا کر رہے ہیں، انکی جدوجہد آزادی کو دبایا نہیں جاسکتا**

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن افضل کھوکھر نے کشمیریوں پر بھارت کے مظالم کی شدید مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ سے فوری کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے بھارتی جبر واستبداد کا سامنا کر رہے ہیں، ان کی جدوجہد آزادی کو دبایا نہیں جاسکتا، پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ان کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے 5 فروری یومِ یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کر رہا ہے، جن میں ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیاں، پیلٹ گنز کا استعمال اور اظہارِ رائے پر پابندیاں شامل ہیں۔ عالمی برادری بالخصوص اقوامِ متحدہ کو مقبوضہ کشمیر میں جاری مظالم کا نوٹس لیتے ہوئے اپنی قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد دنیا کو یہ پیغام دینا ہے کہ پاکستانی قوم کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد میں ان کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑے گی۔

کراچی: سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے زیراہتمام چانسلر محمد اکبر علی خان کی قیادت میں کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلی نکالی جارہی ہے۔

## کشمیریوں کی جدوجہد آزادی جائز حق ہے، طاقت سے دبایا نہیں جاسکتا، رانا جاوید عمر

**پی ٹی آئی رہنما کی جانب سے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی مذمت، اقوام متحدہ سے عملی کردار ادا کرنے کا مطالبہ**

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی ایک جائز اور قانونی حق ہے، جسے طاقت کے زور پر دبایا نہیں جاسکتا، بھارتی حکومت مقبوضہ کشمیر میں ریاستی جبر کے ذریعے کشمیریوں کی آواز دبانے کی ناکام کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے 5 فروری یومِ یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں روز کا معمول بن چکی ہیں، جہاں بے گناہ شہریوں کو ماورائے عدالت قتل، گرفتاریوں اور جبری گمشدگیوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے عالمی برادری اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارتی مظالم کا فوری نوٹس لیں اور کشمیری عوام کو ان کا حقِ خودارادیت دلانے کے لیے عملی کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ 5 فروری یومِ یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد دنیا کو یہ واضح پیغام دینا ہے کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

## ڈاکٹر نے کہا عمران خان کا بروقت علاج نہ کیا تو آنکھ ضائع ہوسکتی ہے، مریم ریاض وٹو

**بشریٰ بی بی جیل میں کمزور ہوگئی ہیں، 3 ماہ بعد فیملی ممبر کی ملاقات ہوئی ہے، ہمشیرہ بشریٰ بی بی**

اسلام آباد (این این آئی) سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کی ہمشیرہ مریم ریاض وٹو نے کہا ہے کہ پمز کے ڈاکٹر نے عمران خان کے بروقت علاج نہ کروائے جانے پر آنکھ ضائع ہونے کا خدشہ ظاہر کیا تھا۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کی ہمشیرہ نے کہا کہ بشریٰ بی بی جیل میں کمزور ہوگئی ہیں، 3 ماہ بعد فیملی ممبر کی بشریٰ بی بی سے ملاقات ہوئی ہے، میری بھانجی اور بھابھی کی بشریٰ بی بی سے ملاقات ہوئی ہے۔

**برائلر گوشت کی قیمت میں 15 روپے کلو کمی**

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 15 روپے کمی سے 533 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 10 اضافے سے 368 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 14 روپے کمی سے 323 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔ اوپن مارکیٹ میں بعض مقامات پر دکانداروں نے برائلر گوشت سرکاری نرخ سے 20 روپے کلو زائد پر فروخت کیا۔

## کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی ایک جائز اور اصولی تحریک ہے، نوید شہزاد مرزا

**پاکستانی قوم ہر فورم پر کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی، ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن**

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مینیجنگ ڈائریکٹر نوید شہزاد مرزا نے یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی ایک جائز اور اصولی تحریک ہے اس لئے کئی دہائیوں کے جبر اور سفاکیت کے باوجود بھارت اپنے عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے بے پناہ قربانیوں کے باوجود اپنے عزم اور حوصلے کو کمزور نہیں ہونے دیا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حق کی آواز کو خاموش نہیں کرایا جاسکتا۔ آج کا دن اس عہد کی تجدید کا دن ہے کہ پاکستانی قوم ہر فورم پر کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کے عالمی اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیں

کراچی: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ اور صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن 7 ویں سی پی اے ایشیا ریجنل کانفرنس میں شریک ہیں۔

## بسنت کے تہوار سے ہونے والی معاشی سرگرمیوں کا تخمینہ اندازوں سے تجاوز کرگیا

**8 سے 10 ارب کا تخمینہ لگایا تھا، بسنت کی سرگرمیاں دیکھتے ہوئے 20 سے 25 ارب تک کی سرگرمیاں ہونے کا اندازہ**

لاہور (این این آئی) 25 سال کے طویل وقفے کے بعد رواں ماہ منائے جانے والے بسنت کے تہوار سے ہونے والی معاشی سرگرمیوں کا تخمینہ اندوزں سے تجاوز کر گیا، ماہرین نے بسنت کے تہوار پر 8 سے 10 ارب روپے کی معاشی سرگرمیاں ہونے کا تخمینہ لگایا تھا لیکن لوگوں کا جوش وخروش دیکھتے ہوئے مختلف شعبوں میں 20 سے 25 ارب کی سرگرمیاں ہونے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ پتنگ، ڈور سازی، ہوٹلنگ، کیٹرنگ، ٹرانسپورٹ، متفرق مقامی خدمات اور سیاحت کے شعبے کے ماہرین کے مطابق دو دہائیاں قبل بسنت کے تہوار سے صرف صوبائی دارالحکومت لاہور میں 5 سے 7 ارب روپے کی معاشی سرگرمیاں ہوتی تھیں۔ بسنت کا تہوار طویل عرصے کے بعد ہونے اور ماضی کی بسنت کے قصے کہانیوں کی وجہ سے آج کی نوجوان نسل بسنت منانے کے لئے پرجوش ہے

**جنرل ہسپتال کی او پی ڈی کی چوتھی منزل سے 25 سالہ لڑکی نے چھلانگ لگادی**

لاہور (این این آئی) جنرل ہسپتال کی او پی ڈی کی چوتھی منزل سے 25 سالہ لڑکی نے چھلانگ لگادی جسے شدید زخمی حالت میں سرجیکل ایمرجنسی میں منتقل کردیا گیا، متاثرہ لڑکی میڈیکل یونٹ 2 میں زیر علاج تھی۔ بتایا گیا ہے کہ عائشہ نامی مریضہ نے او پی ڈی کی چوتھی منزل سے چھلانگ لگائی جبکہ زخمی لڑکی کو علاج کے لیے سرجیکل ایمرجنسی منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق ذہنی توازن درست نہ ہونے کی وجہ سے لڑکی نے چھلانگ لگائی۔

## قصور انسانیت شرما گئی ملزم کی رات گئے تک 4 سالہ بچی کیساتھ زیادتی

**روہی نالہ مصطفی آباد سے 4 سالہ نامعلوم بچی ملی تھی جس کو سفاک ملزم نے زیادتی کے بعد پھینک دیا تھا**

قصور (این این آئی) نواحی علاقے روہی نالہ مصطفی آباد میں انسانیت سوز واقعہ پیش آیا ہے جس میں درندہ صفت ملزم نے 4 سالہ بچی کو اپنی ہوس کا نشانہ بنا ڈالا۔ ایم ایس جنرل ہسپتال پروفیسر فریاد حسین نے بچی کے ساتھ زیادتی کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ متاثرہ بچی کا لاہور جنرل ہسپتال میں علاج ومعالجہ جاری ہے، گائنا کالوجسٹ متاثرہ بچی کا چیک اپ کر رہی ہیں، بچی کی حالت اب خطرے سے باہر ہے۔

## جعلی اور ملاوٹ شدہ دودھ کی ترسیل کے مقدمے میں ملزم کی ضمانت مسترد کردی

**جعلی، مصنوعی، غیر معیاری دودھ تیار، ترسیل کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، ہائیکورٹ**

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے جعلی، مصنوعی اور غیر معیاری دودھ تیار اور ترسیل کرنے والوں کے خلاف سخت موقف اختیار کرتے ہوئے قرار دیا کہ ایسے عناصر کسی بھی قسم کی نرمی کے مستحق نہیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے 2400 لیٹر ملاوٹ شدہ دودھ کی ترسیل کے مقدمے میں ملزم محمد یونس کی ضمانت پر رہائی کی درخواست مسترد کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس تنویر احمد شیخ نے ملزم کی درخواست ضمانت پر چھ صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا جس میں کہا گیا کہ دودھ ایک مکمل غذا اور مکمل مشروب کے طور پر استعمال ہوتا ہے جو ہڈیوں کی نشوونما میں اہم کردار ادا کرتا اور فریکچر کے امکانات کو کم کرتا ہے جبکہ مصنوعی دودھ، جسے میٹھا زہر بھی کہا جاتا ہے، درحقیقت دودھ نہیں بلکہ قدرتی دودھ کی ایک خطرناک مصنوعی نقل ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ دودھ کی مقدار بڑھانے کے لیے انتہائی درجے کی ملاوٹ کی جاتی ہے، مصنوعی دودھ اگرچہ فوری طور پر جان لیوا ثابت نہیں ہوتا۔

**یکم رمضان 19 فروری کو ہونے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات کی چاند سے متعلق پیشگوئی**

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے رمضان المبارک کے چاند سے متعلق پیشگوئی کردی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پاکستان میں یکم رمضان 19 فروری 2026 کو ہونے کا امکان ہے، 18 فروری کی شام چاند نظر آنے کا قوی امکان ہے، چاند کی پیدائش 17 فروری 2026 کو شام 5 بجکر 1 منٹ پر ہوگی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں 18 فروری کو چاند کی عمر تقریباً 26 گھنٹے ہوگی، کراچی میں سورج غروب ہونے کا وقت 6 بجکر 25 منٹ ہے۔

## حکمران ہمت کریں تو کشمیر کی آزادی یقینی ہے، جے یو آئی (س)

**مسئلہ کشمیر خطے کا ہی نہیں بلکہ عالمی امن کا مسئلہ ہے جسے پرامن اور منصفانہ طریقے سے حل کیا جانا چاہیے**

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام س پنجاب کے امیر مولانا پیر عبد القدوس نقشبندی، ناظم اعلی ایوب خان، مرکزی سالار وامیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلی مولانا محمد طیب عثمانی، سیکرٹری اطلاعات قاری رحمت اللہ لاشاری مولانا، صلاح الدین ایوبی ودیگر نے مشترکہ بیان میں کہا کہ حکمران ہمت کریں تو کشمیر کی آزادی یقینی ہے، 78 برسوں سے کشمیری مائیں، بہنیں، بیٹیاں آزادی کیلئے میدان میں کھڑی ہیں، وادی لہو لہان ہے، مسئلہ کشمیر خطے کا ہی نہیں بلکہ عالمی امن کا مسئلہ ہے جسے پرامن اور منصفانہ طریقے سے حل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جے یو آئی (س) ہمیشہ مظلوموں کے حق میں آواز بلند کرتی رہی ہے اور کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد کو اسلامی اور انسانی فریضہ سمجھتی ہے۔

**بسنت کے دوران پولیو مہم 6 سے 8 فروری تک بلاتعطل جاری رہے گی**

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں بسنت کے دوران پولیو مہم 6 سے 8 فروری تک بلاتعطل جاری رہے گی۔ انسداد پولیو پروگرام کے مطابق خوشیوں کے تہوار میں بچوں کی صحت اولین ترجیح ہے، بسنت کے موقع پر بھی کوئی وقفہ نہیں، ہر بچے تک پولیو ویکسین لازمی ہے، بسنت کے دوران نقل وحرکت، پولیو ورکرز کے لیے اضافی چیلنج ہے۔

کراچی: سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کے صدر احمد عظیم علوی کمشنر سیسی بادی بخش کلہوڑو کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

## بھارت سے چلنے والی آلودہ ہوا کے باعث لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس میں وقتی اضافہ

**جدید ڈیٹا، سائنسی ماڈلز اور ٹیکنالوجی کے استعمال سے سموگ کنٹرول میں نمایاں پیشرفت جاری ہے، سینئر وزیر**

لاہور (این این آئی) بھارت سے چلنے والی آلودہ ہوا کے باعث لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس میں وقتی اضافہ ہوگیا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کے مطابق جدید ڈیٹا، سائنسی ماڈلز اور ٹیکنالوجی کے استعمال سے سموگ کنٹرول میں نمایاں پیشرفت جاری ہے۔ بسنت کے موقع پر حکومت پنجاب کی جانب سے فراہم کی گئی فری ٹرانسپورٹ سے فائدہ اٹھا کر شہری سڑکوں پر گاڑیوں کا دباؤ کم کریں۔

## شدید دھند کے باعث موٹروے کے مختلف سیکشنز ٹریفک کیلئے بند

**شہری دھند کے دوران غیرضروری سفر سے گریز کریں اور اپنی حفاظت کو یقینی بنائیں، موٹروے پولیس**

لاہور (این این آئی) شدید دھند کے باعث پنجاب کی مختلف اہم موٹرویز پر ٹریفک معطل کردی گئی ہے، موٹروے پولیس کے ترجمان سنٹرل ریجن کے مطابق موٹروے ایم ٹو لاہور سے ہرن مینار تک دھند کی وجہ سے بند کردی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ لاہور سیالکوٹ موٹروے ایم الیون اور موٹروے ایم تھری فیض پور سے جڑانوالہ تک بھی شدید دھند کے باعث ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کی گئی۔ سید عمران احمد، ترجمان سنٹرل ریجن کے مطابق موٹرویز کی بندش کا مقصد عوام کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنانا ہے کیونکہ دھند ڈرائیونگ کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔ موٹروے پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ دھند کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور اپنی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ ترجمان کے مطابق دھند کے موسم میں دن کے وقت سفر کو ترجیح دی جائے۔

**عالمی برادری اور اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر حل کریں، قاضی عبدالودود**

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے رہنماء قاضی عبدالودود نے کہا ہے کہ عالمی برادری اور اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر حل کریں، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے ان شاء اللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیر میں آزادی کا سورج طلوع ہوگا، بھارتی دہشت گردی عیاں بے نقاب ہوچکی، طاقت سے کشمیریوں کو آزادی سے دور نہیں رکھا جاسکتا۔ کشمیر محض ایک علاقائی تنازع نہیں بلکہ ایک سنگین انسانی بحران ہے

کراچی: چیئرمین انٹر بورڈ کراچی فقیر محمد لاکھو کی ہدایت پر انٹر بورڈ کے افسران وملازمین کی مظلوم کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک پرامن وپرجوش ریلی نکالی جارہی ہے۔

**فراڈ کیس، سابق ڈی جی آئی ایس آئی فیض حمید کے بھائی کی ضمانت بحالی درخواست پر پیشرفت، نوٹس جاری**

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق ڈی جی آئی ایس آئی فیض حمید کے بھائی نجف حمید کی ضمانت بحالی کی درخواست پر نوٹس جاری کر دیئے۔ جسٹس راجا انعام امین منہاس کے روبرو ایف آئی اے فراڈ کیس کی سماعت کے دوران نجف حمید عدالت میں موجود تھے، جہاں انہوں نے ایف آئی اے کے مقدمے میں ضمانت منسوخی کا فیصلہ چیلنج کررکھا ہے۔ نجف حمید نے اسپیشل جج سینٹرل کی جانب سے 24 جنوری کو سنائے گئے ضمانت منسوخی کے فیصلے کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کیا

## بچوں کی جسمانی صحت برقرار رکھنے کیلئے پولیو کا خاتمہ ضروری ہے، سید مراد علی شاہ

**پہلے روز 2 لاکھ 26 ہزار سے زائد بچے پولیو کے قطروں سے محروم رہے، وزیراعلی سندھ کو انسداد پولیو مہم کے پہلے دن کی رپورٹ پیش کردی گئی**

کراچی (این این آئی) وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ بچوں کی جسمانی صحت کو برقرار رکھنے کیلئے پولیو کا خاتمہ ضروری ہے۔ وزیراعلی سندھ کو انسداد پولیو مہم کے پہلے دن کی رپورٹ پیش کردی گئی، رپورٹ کے مطابق سندھ بھر میں پولیو مہم کی مجموعی گھریلو کوریج 92 فیصد، ریکال کوریج 93 فیصد رہی، پہلے روز 2 لاکھ 26 ہزار سے زائد بچے پولیو کے قطروں سے محروم رہے۔

# سر درد... ادویات کے بغیر علاج ممکن

ڈاکٹر رؤف ملک

**دنیا بھر میں سر درد کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جارہا ہے**

**وٹامن بی کمپلیکس، میگنیشیم، کیلشیم اور وٹامن سی کا استعمال سر درد کے مرض سے مکمل طور پر نجات دلاتا ہے**

دنیا بھر میں سر درد بہت ہی عام مسئلہ بن چکا ہے۔ اکثر لوگ اس درد کا شکار رہتے ہیں، سر درد کو طبی ماہرین نے کئی اقسام میں تقسیم کیا ہے جن میں سے کچھ زیادہ پیچیدگیاں پیدا کرتی ہیں اور کچھ نہیں۔ درد کے ریسپٹر دماغ کی تہہ میں شریانوں، وریدوں، جھلیوں، سر کی کھال کے خلئے، گردن، چہرہ اور ناک کی نسوں وغیرہ میں واقع ہوتے ہیں۔ لیکن دماغ میں ریسپٹر نہیں ہوتے۔ سر درد مکینکل اور کیمیکل ریسپٹرز کے نتیجہ میں ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں سر میں درد زخم آنے یا چوٹ لگنے کی وجہ سے بھی ہوتا ہے اور یہ سر درد نہایت خطرناک ہوتا ہے۔ کیونکہ ایسا درد کئی ماہ یا سالوں تک پیچھا

نہیں چھوڑتا۔ کلسٹر ہیڈیک کی وجہ سے بھی ہوتا ہے اور یہ سر درد نہایت خطرناک ہوتا ہے۔ کیونکہ ایسا درد کئی ماہ یا برسوں تک پیچھا نہیں چھوڑتا کلسٹر ہیڈک آنکھ کے نیچے اور اس کے ارد گرد ہوتا ہے اس میں آنکھوں سے پانی بہتا ہے، آنکھیں سوجھ جاتی ہیں اور بعض اوقات شدید دورے پڑتے ہیں۔ مریض کو متلی اور قے آتی ہے جبکہ بعض اوقات سر درد دماغی انفیکشن کی وجہ سے بھی ہوتا ہے۔ دماغ میں سوزش ہو جاتی ہے اور بخار چڑھ جاتا ہے۔ سر درد سے نجات حاصل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل باتوں پر عمل کیا جاسکتا ہے۔

اگر عام علامات کے پیش نظر سر میں درد ہو تو قدرتی طور پر ان طریقوں سے علاج کیا جاسکتا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق بہترین علاج قدرتی طریقہ علاج ہے۔ جس میں متوازن غذائی پروگرام اور ورزش وغیرہ بھی شامل ہے۔ جس سے سر درد ممکن حد تک ختم ہو جاتا ہے۔ سر درد کی بہت سی قسمیں ہیں، کبھی تو یہ درد سر کے آدھے حصے میں ہوتا ہے تو کبھی پورے حصے میں محسوس ہوتا ہے اور بعض دفعہ تو متلی اور قے کی شکایت بھی ہو جاتی ہے۔ جس شخص کے سر میں درد ہو، اسے چاہئے کہ نمک کی ایک چٹکی زبان پر رکھ لے اور دس یا پندرہ منٹ کے بعد ایک گلاس پانی پی لے۔ درد فوری دور ہو جائے گا اس کے علاوہ اگر پیاز کو خوب باریک پیس کر پاؤں کے تلوں پر لیپ کریں تو ہر قسم کا درد دور ہو جاتا ہے۔ تربوز کے بیج یا مغز لے کر انہیں کھرل یا کونڈی وغیرہ میں ڈال کر پانی میں ملا کر خوب گھوٹیں یہاں تک مکھن کی طرح کا ہو جائے پھر اس کا لیپ مریض کے سر پر کریں، سر کا درد دور ہو جائے گا۔ ماہرین غذائیات کے مطابق، وٹامن بی کمپلیکس، میگنیشیم، کیلشیم اور وٹامن سی کا استعمال سر درد کے مرض سے مکمل طور پر نجات دلاتا ہے۔ پودینہ، روزمیری اور کیمو مائل جیسی مفید بوٹیاں چائے کے طور پر استعمال کی جاسکتی ہیں اس سے سر درد کے ریسپٹرز کو کافی حد تک سر درد سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ قہوہ اور چائے کے مناسب اور بروقت ستعمال سے سر درد کا دورانیہ کافی حد تک کم ہو جاتا ہے اور اس کے استعمال کی وجہ سے بعض مریضوں میں قدرے پسینہ آنے کے نتیجہ میں بھی سر درد میں کمی آجاتی ہے۔ صبح سویرے باقاعدگی سے ورزش اور جاگنگ بھی سر درد سے نجات دلانے میں اہم رول ادا کرتی ہے۔ کیونکہ صبح بیدار ہونے سے سارا دن پرسکون گزرتا ہے اور سر درد کے مواقع بہت کم رہ جاتے ہیں۔ بعض اوقات قبض اور اعصابی تناؤ بھی سر درد کی وجہ بنتے ہیں اس لئے قبض اور تناؤ سے نجات حاصل کرنے کے لئے معمول سے قدرے زیادہ پانی اور فائبر یعنی ریشہ دار اجزاء کا استعمال کریں اور خوش رہنے کی عادت اپنائیں۔ لیموں کا رس ٹھنڈے پانی میں ڈال کر استعمال کریں اس سے بھی افاقہ ہوتا ہے قبض سر درد کی وجہ بھی بنتا ہے اس لئے قبض اور تناؤ سے نجات حاصل کرنے کے لئے معمول سے قدرے زیادہ پانی اور فائبر یعنی ریشہ دار اجزاء کا استعمال کریں اور خوش رہنے کی عادت اپنائیں۔ لیموں کا رس ٹھنڈے پانی میں ڈال کر استعمال کریں، چائے کے کپ میں موسم کے مطابق لیموں کا رس ڈال کر پئیں۔ اس سے آپ کو کافی حد تک سر درد سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔ سر درد کی ایک اور وجہ بے خوابی ہے۔ اگر نیند پوری نہ ہو تو سر درد جیسے مسائل لاحق ہوتے ہیں۔ اس لئے سر درد سے نجات پانے کے لئے از حد ضروری ہے کہ نیند پوری کی جائے اور مکمل آرام کیا جائے تاکہ اعصاب پرسکون حالت میں کام انجام دے سکیں اور سر درد کی شکایت دور ہو جائے۔ اگر مریض کا بلڈ پریشر زیادہ نہ ہو تو زبان پر ایک چٹکی نمک 12 منٹ تک رکھیں اور بارہ منٹ بعد ایک گلاس ٹھنڈا پانی پی لیں، جیسا بھی شدید سر کا درد ہو گا رفع ہو جائے گا لیکن بلڈ پریشر کے مریض یہ عمل نہ کریں کیونکہ اس سے ان کا بلڈ پریشر مزید بڑھنے کا امکان ہو سکتا ہے۔

**بعض اوقات سردرد دماغی انفیکشن کی وجہ سے بھی ہوتا ہے، دماغ میں سوزش ہو جاتی ہے اور بخار چڑھ جاتا ہے، اگر عام علامات کے پیش نظر سر میں درد ہو تو قدرتی طریقوں سے علاج کیا جاسکتا ہے**



# دنیا بھر میں خواتین کو جسمانی و ذہنی صحت کے مسائل کا شدید سامنا

ڈاکٹر عاصمہ شبیر

دنیا بھر کے معاشرے خواتین کو ان کی زندگی کے مراحل میں ان کو درکار صحت کی دیکھ بھال کی سہولتیں فراہم کرنے میں ناکام ہیں، خاص طور پر بلوغت اور بڑھاپے کے ادوار میں۔ صحت اور سلامتی کیلئے خواتین کو وقت پر چیک اپ کرانا چاہیے۔ عالمی ادارہ صحت نے لڑکیوں اور خواتین کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے ہنگامی اقدامات کی اپیل کی تھی۔ ڈبلیو ایچ او کی ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ دنیا بھر میں لڑکیوں اور عورتوں کو معاشرے میں ان کو دیے گئے کمتر مقام کے باعث روا رکھے جانے والے تعصب کی بنا پر صحت کی وہ سہولتیں فراہم نہیں کی جاتیں جن کی انہیں ضرورت ہے۔ خواتین کو متاثر کرنے والے صحت کے مخصوص مسائل کے بارے میں مثلاً زچگی کے دوران دیکھ بھال وغیرہ کے بارے میں کئی رپورٹیں شائع ہو چکی ہیں، لیکن یہ پہلا مطالعاتی جائزہ ہے، جس میں صحت کے ان مسائل کا ایک مربوط انداز میں جائزہ لیا گیا ہے، جو خواتین کو زندگی کے ان کے پورے دورانیے میں متاثر کرتے ہیں۔ رپورٹ میں یہ انکشاف کیا گیا ہے کہ دنیا بھر کے معاشرے خواتین کو ان کی زندگی کے اہم مراحل میں ان کو درکار صحت کی دیکھ بھال کی سہولتیں فراہم کرنے میں ناکام ہیں، خاص طور پر بلوغت اور بڑھاپے کے ادوار میں۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق اس ناکامی کی کئی پیچیدہ وجوہات ہیں۔ لیکن انہوں نے کہا کہ اس مطالعاتی جائزے سے حاصل شدہ اعداد و شمار کے تجزیے سے یہ ظاہر ہوا ہے کہ خواتین کے خلاف جنسی تفریق اور خراب صحت کے درمیان براہ راست تعلق موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک خواتین کو دنیا کے اتنے بہت سے حصوں میں دوسرے درجے کا شہری سمجھا جائے گا، ان کی صحت میں کوئی نمایاں بہتری نہیں ہوگی۔ رپورٹ سے ظاہر ہوا ہے کہ دنیا بھر میں لگ بھگ سات کروڑ 30 لاکھ خواتین پر ہر سال ایک بار شدید ڈیپریشن کا حملہ ہوتا ہے۔ ڈبلیو ایچ او کا خواتین کی صحت سے متعلق کہنا ہے کہ معاشرہ خواتین کو ہر عمر اور ان کی زندگی کے ہر مرحلے میں ناکامیوں سے دوچار کرتا ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ لڑکیوں اور بڑی عمر کی خواتین کی صحت کی دیکھ بھال کو خاص طور پر نظر انداز کیا جاتا ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ معمر خواتین کی موت کا ایک بڑا سبب دل کے امراض ہیں۔ دل کی بیماری کو عام طور پر مردوں کا مرض سمجھا جاتا ہے اور اکثر اوقات بڑی عمر کی خواتین کو اس لیے نظر انداز کر دیا جاتا ہے کیونکہ ان کی علامات مختلف ہوتی ہیں اور ان کی بیماری کا جلدی پتا نہیں چلتا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ دنیا بھر میں خواتین صحت کی نگہداشت کا بڑا حصہ فراہم کرتی ہیں، چاہے وہ گھر میں ہو، کمیونٹی میں ہو یا صحت کے نظام سے وابستہ ہو۔ لیکن جب خواتین اپنی صحت کی دیکھ بھال کا مسئلہ سامنے آتا ہے، تو ہمارا نظام خواتین کو ان کی پوری زندگی کے دوران ان کی مخصوص ضروریات اور چیلنجوں سے نمٹنے میں مسلسل ناکام ثابت ہو رہا ہے۔

**دنیا بھر میں لگ بھگ سات کروڑ 30 لاکھ خواتین کو سال میں ایک بار شدید ڈیپریشن کا حملہ ضرور ہوتا ہے**



# ہیلتھ کارنر

## نشے سے مرگی کا علاج ممکن

نیویارک: ایک حالیہ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ مرگی کا علاج نشہ آور جڑی بوٹی کینابیس (قنب) سے ممکن ہے، اس جڑی بوٹی کے پتوں سے بھنگ یا حشیش بھی تیار کی جاتی ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق مرگی ایک قابل علاج مرض ہے، جو دراصل ایک ذہنی بیماری ہے، اور دنیا بھر میں 5 کروڑ افراد اس بیماری میں مبتلا ہیں۔ مرگی کا علاج مختلف طریقوں سے کیا جاتا ہے، دور دراز اور قدرے پسماندہ علاقوں میں اس مرض کو قابو کرنے کے لیے دیسی طریقے بھی اپنائے جاتے ہیں۔ تاہم حال ہی میں امریکی نیورو سائنسدانوں کی جانب سے کی گئی تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ مرگی کا علاج کینابیس (قنب) نامی نشہ آور جڑی بوٹی سے بھی ہوسکتا ہے۔ امریکن اکیڈمی آف نیورولاجی کے مطابق کینابیس کے پتے مرگی کے مرض میں مددگار ثابت ہوتے ہیں، اس کے پتوں سے تیار کردہ نشہ آور پاؤڈر مرگی کے دوروں میں کمی لاتا ہے۔ تحقیق کاروں کی جانب سے مرگی کے 225 مریضوں پر تجربہ کیا گیا، جن مریضوں پر تجربہ کیا گیا ان کی عمریں 16 سال کے ارد گرد تھیں۔ مریضوں کو 2 مختلف گروپس میں تقسیم کیا گیا، ایک گروپ کو یومیہ 20 گرام کینابیس سے تیار شدہ نشہ آور خوراک دی گئی، جب کہ دوسرے گروپ کو یہی خوراک یومیہ 10 گرام دی گئی۔ نتائج سے پتہ چلا کہ جن مریضوں کو یومیہ 20 گرام نشہ آور خوراک دی گئی، ان میں مرگی کے دوروں میں 42 فیصد تک کمی آئی، جب کہ دوسرے گروپ کے دوروں میں بھی 37 فیصد کمی واقع ہوئی۔ نیورو سائنس دانوں کے مطابق یہ تجربہ ان مریضوں پر کیا گیا جنہیں ماہانہ بنیادوں پر 85 فیصد مرگی کے دورے پڑتے تھے، اور تجربے سے ثابت ہوا کہ کینابیس سے تیار شدہ دوائی مرگی کے مرض میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ خیال رہے کہ مرگی ایک ایسا مرض ہے جس میں مریض کو بے ہوشی کے دورے پڑتے ہیں، یہ بیماری یا تو موروثی ہوتی ہے یا پھر کسی واقعے کے بعد لاحق ہوتی ہے۔ یہ دماغی بیماری ہوتی ہے، بے ہوشی کے دورے کے بعد مریض کی یادداشت کئی منٹوں تک چلی جاتی ہے، تاہم وہ آہستہ آہستہ واپس آنے لگتی ہے۔ مرگی کے مریض کو اس بات کا پتہ نہیں چلتا کہ اسے کب بے ہوشی کا دورہ آنے والا ہے، پاکستان میں بھی ہزاروں افراد اس مرض میں مبتلا ہیں۔ مرگی کا مرض زیادہ تر کم عمری میں ہوتا ہے اور جوں جوں عمر بڑھتی جاتی ہے، اچھی خوراک، مناسب علاج اور بہتر سوچ کے ذریعے اس مرض کو ختم کیا جاسکتا ہے، تاہم کچھ مریضوں کو یہ مرض عمر بھر لاحق رہتا ہے۔

## غذاؤں کے درست استعمال سے ذہنی دباؤ کم ہوسکتا ہے

گورنمنٹ رانا لیاقت علی خان کالج آف ہوم اکنامکس میں غذا اور غذائیت سوسائٹی کے زیر اہتمام ذہنی دباؤ و پریشانی میں غذا اور یوگا کا کردار کے عنوان پر ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں یوگا انسٹرکٹر رخسانہ خالد نے خصوصی یوگا کی مشقوں سے ورکشاپ کو آگاہ کیا اس ورکشاپ میں ڈاکٹر صائمہ رشید نے ذہنی دباؤ، اس کے سدباب، اقسام، اسباب اور اپنے مختلف مریضوں کی کیفیات پر روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر صائمہ رشید جو کہ مہمان خصوصی تھیں۔ انہوں نے ان غذاؤں اور طریقہ کار کی وضاحت کی، جن کے استعمال سے ہم ذہنی دباؤ کو کم اور قابو کر کے ایک نارمل زندگی گزار سکتے ہیں اور معمولات زندگی میں پیش آنے والے چیلنجز کا موثر طریقے سے مقابلہ کر سکتے ہیں۔

## مینڈک کی رال میں زکام کا علاج

سائنسدانوں نے مینڈک کی رال میں زکام کا علاج دریافت کرلیا ہے۔ سائنسی جریدے میں شائع ہونی والی تحقیق کے مطابق مینڈک کی رال میں موجود مولی کیول سے زکام کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ ان کے مطابق رال میں زکام کے وائرس کو تباہ کرنے کی طاقت موجود ہے۔ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ یہ مینڈک بھارت کے بعض علاقوں میں پایا جاتا ہے جسے 2015 میں دریافت کیا گیا تھا۔

## آلودہ مشروب اور خراب پھل گیسٹرو کا سبب ہیں، طبی ماہرین

گرمیوں کا آغاز ہوتے ہی بازاروں میں مشروبات اور پھلوں کا استعمال بڑھ جاتا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق اگر مشروبات آلودہ اور پھل خراب ہوں تو یہ اکثر اوقات گیسٹرو کا باعث بنتے ہیں۔ شدید گرمی اور چلچلاتی دھوپ میں شہری موسم کی حدت سے بچنے کے لئے پھلوں اور بازار میں دستیاب مشروبات کا سہارا لیتے ہیں، ان مشروبات پر مکھیاں بیٹھی ہوں یا دھول پڑی ہو تو یہ گیسٹرو کا سبب بن سکتے ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق گیسٹرو کی زد میں زیادہ تر بچے آتے ہیں، مریض کی علامات میں معدے اور پیٹ میں درد، قے آنا اور گلے اور سینے میں جلن وغیرہ شامل ہے۔ طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ گرمیوں میں ہر دسواں فرد گیسٹرو کا شکار ہوسکتا ہے، اس مرض سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ بازار کے کھانوں اور مشروبات سے پرہیز کیا جائے، بیماری بڑھنے لگے تو ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ گیسٹرو کی علامات کے ظاہر ہوتے ہی پانی کا استعمال بڑھا دینا چاہیے تاکہ جسم میں پانی کی کمی نہ ہو اور بیماری بروقت کنٹرول ہو جائے۔

## سانس میں بو کا باعث بننے والی بڑی وجہ سامنے آ گئی

سانس میں بو کس شخص کو پسند ہوسکتی ہے؟ یقیناً اس سے پوری شخصیت کا تاثر خراب ہو جاتا ہے، تاہم یہ کسی غذائی عنصر کی کمی کی جانب اشارہ بھی ہوسکتا ہے۔ یہ بات برطانیہ میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ ویسے تو انسان پیاسا ہو تو سانس میں بو پیدا ہو جاتی ہے جس کی وجہ پانی کی کمی سے خوراک اور بیکٹریا منہ میں زیادہ دیر تک موجود رہتے ہیں جو بدبو کا باعث بنتے ہیں۔ تاہم تحقیق میں بتایا گیا کہ یہ جسم میں آئرن اور وٹامن سی کی کمی کی علامت بھی ہوسکتی ہے۔ نارتھ امبریا یونیورسٹی کی تحقیق میں بتایا گیا کہ غذا اور ناقص غذائیت کو اکثر افراد نظرانداز کر دیتے ہیں مگر یہ روزمرہ کے طبی مسائل کا باعث بننے والی عادت ہے۔ تحقیق کے مطابق وٹامن سی جسم میں ایسے مواد کو خارج کرنے میں مدد دیتا ہے جو کہ سانس میں بو کا باعث بنتے ہیں۔ محققین کے مطابق وٹامن سی ایسا تیزابی اور ناقابل رہائش ماحول پیدا کرتا ہے جو منہ میں پیدا ہونے والے بیکٹریا کو ختم کرتا ہے۔ اس سے قبل کولوراڈو یونیورسٹی کی ایک تحقیق کے مطابق سانس میں بو پیدا ہونا کچھ جان لیوا امراض کی بھی نشانی ہوسکتی ہے۔ تحقیق کے مطابق بہت زیادہ بو جگر اور گردوں کے امراض کی علامت ہوسکتی ہے جبکہ یہ گردے فیل ہونے کی بھی نشانی ہوتی ہے۔ ایک اور تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ مسوڑوں اور دل کے امراض کے درمیان تعلق موجود ہے اور سانس میں بو پیدا ہونا اس کی ابتدائی انتباہی علامت ہوسکتی ہے۔ انٹرنیشنل اینڈ امریکن ایسوسی ایشن فار ڈینٹل ریسرچ کی تحقیق کے مطابق مسوڑوں کے امراض کی ایک بڑی نشانی بدبودار سانسیں ہوتی ہیں۔ محققین کے مطابق اگر سانس کی بو بہت زیادہ ہو اور کافی دورانیے تک رہے تو آپ کو ڈاکٹر سے معائنہ ضرور کرالینا چاہیے۔

# تربوز کے 8 حیرت انگیز فوائد

پھلوں کے طبی فوائد سے کوئی انکار نہیں کرسکتا مگر بعض موسمی پھلوں کے اپنے ہی خواص ہوتے ہیں۔ موسمی پھلوں میں موسم گرماں کا تحفہ تربوز بھی ایسے ہی حیرت انگیز طبی فوائد سے بھرپور ہے جن کے بارے میں لوگ بہت کم جانتے ہیں۔ ایک بین الاقوامی طبی ادارے نے اپنی ایک رپورٹ میں تربوز کے حیرت انگیز طبی خواص اور فوائد پر روشنی ڈالی ہے اور بتایا ہے کہ تربوز کس طرح انسانی صحت کے لیے توانائی کا بے بہا خزانہ ہے؟ وٹامن اے اور سی کی خوبیوں سے مالا مال تربوز انسانی جسم میں نمکیات کی کمی دور کرنے، جسمانی درجہ حرارت کو معمول پر رکھنے میں بھی مدد دیتا ہے۔ غذائی خواص اور پوٹاشیم جیسی خصوصیات سے لبریز تربوز آپ کو تندرست اور چاق و چوبند رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ آیئے اس کے اہم فوائد جانتے ہیں۔

**1۔۔قوت حافظہ میں اضافہ اور دماغی تقویت:** عموماً لوگ تربوز کو زبان کا ذائقہ تبدیل کرنے کے لیے کھاتے ہیں مگر ماہرین کا کہنا ہے کہ تربوز میں وٹامن B6 کی وافر مقدار ہوتی ہے جو دماغ کو تقویت دینے کے ساتھ ساتھ قوت حافظہ کو بہتر بناتی ہے۔ تربوز کا پانی معدے میں جاتا ہے مگر اس کے اثرات دماغ پر مرتب ہوتے ہیں اور دماغ کی صلاحیت کو بہتر بنانے میں مدد دیتے ہیں۔

**2۔۔ پانی کی وافر مقدار:** تربوز اپنے اندر پانی کا بے پناہ ذخیرہ رکھتا ہے۔ ایک تربوز میں 91.5 فی صد پانی ہوتا ہے جو انسانی جسم میں پانی کی ضرورت پوری کرنے میں نسخہ کیمیا ہے۔

**3۔۔۔ الیکوپین کی 40 فیصد مقدار:** ایک گلاس تربوز کے پانی میں ٹماٹر کی نسبت الیکوپین نامی مادے کی مقدار 1.5 درجے زیادہ ہوتی ہے۔ الیکوپین جسم میں مضر صحت گیسوں کو ختم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ بالخصوص انسانی نشوونما میں رکاوٹ بننے والی گیسوں کو تلف کرتے ہوئے مدافعتی نظام کو بہتر بناتی ہے۔ الیکوپین جسم میں سرطان کے خطرات کا بھی تدارک کرتی ہے۔

**4۔ زرد تربوز:** دنیا بھر میں تربوز کی کئی اقسام پائی جاتی ہیں۔ زرد رنگ کا تربوز شہد کی طرح شیریں ہوتا ہے۔ اسی طرح سرخ تربوز بھی اپنی مٹھاس اور افادیت میں زرد تربوز ہی کی طرح ہے۔

**5۔ بینائی کے لیے مفید:** تربوز میں وٹامن A کی وافر مقدار موجود ہوتی ہے جو آنکھوں کے لیے انتہائی مفید ہے۔ تربوز کے کثرت استعمال سے آنکھوں کی تمام بیماریاں دور ہوتی اور بینائی بہتر ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ معدے کے امراض کا بھی تدارک ہوتا ہے۔

**6۔ پٹھوں کے درد سے آرام:** ماہرین کا خیال ہے کہ تربوز کے استعمال سے پٹھوں کی تکالیف میں مبتلا افراد کو بھی آرام ملتا ہے۔ چونکہ تربوز سٹرولین پیدا کرنے کا اہم ترین ذریعہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ شریانوں اور خون کی نالیوں کی صفائی اور ان کے نظام کو بہتر بناتے ہوئے پٹھوں کو بھی تقویت دیتا ہے۔

**7۔۔ وزن میں کمی:** تربوز میں کیلوریز کم کرنے کی بے پناہ صلاحیت ہوتی ہے۔ پانی کی بہت زیادہ مقدار انسانی جسم میں وزن کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ تربوز چونکہ پانی کا مجموعہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے اس کے استعمال سے وزن میں خاطر خواہ کمی واقع ہوتی ہے۔

**8۔۔ الٹراوائیلٹ شعاعوں سے تحفظ:** تربوز کے بے شمار فوائد میں ایک اہم الٹراوائلٹ شعاؤں سے انسان کا تحفظ ہے۔ جسم کی جلن، جلدی امراض سے بچاؤ اور جلد کے کینسر سے بھی روکتا ہے۔

# غزہ اَمن بورڈ کے قیام کا اعلان

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ اَمن معاہدے کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرتے ہوئے غزہ اَمن بورڈ کے اراکین کے ناموں کا اعلان کردیا ہے جو حماس کی جگہ وہاں کے حکومتی امور چلائے گا۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر نے خود کو غزہ اَمن بورڈ کا چیئرمین مقرر کرتے ہوئے انتقالِ حکمرانی اور اَمن منصوبے کو آگے بڑھانے کی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔وائٹ ہاؤس کے مطابق امریکہ نے پاکستان کے ساتھ ساتھ ترکیہ، مصر، فرانس، جرمنی، آسٹریلیا، ارجنٹائن اور کینیڈا کے رہنماؤں کو بھی اِس بورڈ میں شامل ہونے کی باضابطہ دعوت دی ہے۔ پاکستان وزارتِ خارجہ نے اِس کی تصدیق بھی کر دی ہے۔ترک ذرائع کے مطابق صدر اردگان نے دعوت موصول کر لی ہے جبکہ مصر نے صدر السیسی کی شرکت پر غور شروع کر دیا ہے۔کینیڈین وزیراعظم اور ارجنٹائن کے صدر بھی بورڈ میں شمولیت پر غور کررہے ہیں۔صدر ٹرمپ کے مطابق یہ بورڈ امریکی سرپرستی میں اَمن منصوبے کے دوسرے مرحلے کو آگے بڑھائے گا جس کے تحت فلسطینی ٹیکنوکریٹک کمیٹی روزمرہ انتظام چلائے گی،آئی ایس ایف سکیورٹی کی نگرانی کرے گی تاہم امدادی سامان کی قِلت، جزوی تشدد،اسرائیلی انہدامی کارروائیوں اور حماس کو غیر مسلح کرنے جیسے معاملات پر غیر یقینی صورتحال تاحال قائم ہے۔بورڈ کی ذمہ داریوں میں غزہ کے مستقبل کے لئے سیاسی حکمتِ عملی کی تشکیل، عالمی سطح پر مالی وسائل اکٹھا کرنا، اور سکیورٹی سے متعلق اہم معاملات کی نگرانی شامل ہے۔بورڈ میں برطانیہ کے 1997ء سے 2007ء تک وزیراعظم رہنے والے سرٹونی بلیئر بین الاقوامی رُکن ہوں گے،اِس کے ساتھ ساتھ مشرقِ وسطیٰ اَمن منصوبے کے خصوصی ایلچی سٹیو وِٹکوف، وزیر خارجہ مارکو روبیو، صدر ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر، عالمی بینک کے صدر اجے بانگا مارک روون اور سکیورٹی مشیر کے طور پر رابرٹ گبریل بھی رکن نامزد ہوئے ہیں۔ بلغاریہ کے سابق سفارتکار اور اقوامِ متحدہ کے مشرقِ وسطیٰ کے خصوصی نمائندے نکولے ملادی نوف بورڈ اور انٹرنیشنل کمیٹی کے درمیان رابطے کا کام کریں گے۔فلسطینی رہنما اور معروف ٹیکنوکریٹ ڈاکٹر علی شاعتھ کو نیشنل کمیٹی فار دی ایڈمنسٹریشن آف غزہ کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے جو وہاں روزمرہ انتظامات، بنیادی خدمات کی بحالی اور اداروں کی تعمیرِنو کے لئے کام کرے گی۔ اَمن بورڈ کے ساتھ غزہ ایگزیکٹو بورڈ بھی قائم کیا گیا ہے جس میں بین الاقوامی مسلم اور اسرائیلی شخصیات شامل ہیں۔ امریکی صدر نے باضابطہ طور پر امریکی میجر جنرل جیسپر جیفرز کو غزہ میں بین الاقوامی استحکام فورس (آئی ایس ایف) کا کمانڈر نامزد کیا ہے جو کہ غزہ کی سکیورٹی کے سربراہ ہوں گے۔

وائٹ ہاؤس کے مطابق بورڈ کے ہر رُکن کو غزہ کے استحکام، حکمرانی کی صلاحیت سازی، علاقائی تعلقات،تعمیر نو، سرمایہ کاری اور مالی وسائل کی فراہمی جیسے اہم شعبوں کی ذمہ داری دی جائے گی اور امریکہ اہم عرب ممالک، اسرائیل اور عالمی برادری کے ساتھ مل کر اِس عبوری فریم ورک کی مکمل حمایت کرے گا۔اَمن بورڈ کا دائرہ اختیار صرف سکیورٹی تک محدود نہیں ہوگا بلکہ غزہ کی مکمل بحالی اور مستقبل کے ڈھانچے کی تعمیر بھی اس کے ذمے ہیں۔

ایک طرف امریکہ اَمن بورڈ کی تشکیل ہو رہی ہے تو دوسری طرف اسرائیلی وزیراعظم بینجمن نیتن یاہو کا کہنا ہے کہ اسرائیل کے ساتھ مربوط رابطہ نہیں تھا اور یہ اُس کی پالیسی کے منافی ہے۔ سابق فلسطینی اتھارٹی کے نائب وزیر علی شعث کی سربراہی میں قائم 15 رکنی کمیٹی کے حوالے سے اسرائیلی وزیراعظم نے اپنے وزیر خارجہ کو ہدایت کردی ہے کہ وہ اِس معاملے پر امریکی وزیر خارجہ سے رابطہ کریں۔ واضح رہے کہ فلسطینی اتھارٹی کے سابق نائب وزیر علی شعث غزہ میں 15 رُکنی فلسطینی ٹیکنوکریٹک کمیٹی کی نگرانی کریں گے جسے نیشنل کمیٹی فار ایڈمنسٹریشن آف غزہ (این سی اے جی) کا نام دیا گیا ہے۔

پاکستان نے ابھی تک باضابطہ طور پر بورڈ کی رکنیت قبول نہیں کی تاہم اُمید ظاہر کی جارہی ہے کہ غزہ میں قیامِ اَمن کے حوالے سے کسی ذمہ داری کو قبول کرنے میں تامل نہیں ہوگا۔بورڈ کا قیام ایک بڑی پیش رفت ہے اور اِس میں رکاوٹیں ڈالنے کے بجائے اسے موثر بنانے کی سعی کی جانی چاہئے۔باخبر ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ دعوت پاکستان کے لئے اعزاز، اعتماد اور ذمہ داری کا نام ہے، پاکستان اسے اَمن، انسانیت اور انصاف کے وسیع تر مقاصد کے لئے مثبت کردار میں ڈھالے گا۔ یہ خبر نہ صرف انتہائی مثبت ہے بلکہ اِسے ایک کامیاب سفارتی پیش رفت بھی کہا جاسکتا ہے۔اُمید کی جارہی ہے کہ پاکستان کی شرکت سے فلسطینی عوام کی مشکلات کم ہوں گی، ایک منصفانہ اور پائیدار حل کی کوششیں تیز تر ہو سکیں گی۔ پاکستان کو برادر مسلمان ملکوں کے ساتھ مشورے کے بعد قدم آگے بڑھانا چاہئے۔ساحل پر کھڑے ہوکر اظہارِ خیال کرتے رہنے سے بات نہیں بنے گی، مسلمان ممالک کو عملی پیش رفت کرنا ہوگی اور حالات کو آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کی طرف دھکیلنا ہوگا کہ اِس کے بغیر مشرق وسطیٰ تو کیا اَمن عالم خطرات سے دوچار رہے گا۔

ضروری نوٹس
اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر وایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔
ادارہ

# فکر کو تبدیل کیجیے!

راؤ منظر حیات

چندر گپت موریا اور اشوک کے زمانے سے برصغیر کے معاملات کا احاطہ کیجیے۔ چند اجزاء مسلسل ایک جیسے نظر آئیں گے۔ پہلی بات تو یہ کہ دولت اور اقتدار ہمیشہ ایک ہی شخص یا اس کے نزدیک ترین لوگوں کے درمیان رہا ہے۔ خاندانی بادشاہت ہمیشہ قائم و دائم رہی ہے۔ یعنی پورے ہندوستان میں 'دھن' دولت اور اقتدار' صرف اور صرف چند خوش قسمت افراد کے ہاتھ میں رہا ہے۔

آٹھ نو صدیاں پہلے' حکومت 'ان مسلمانوں کے ہاتھ میں چلی گئی جن کا اس علاقہ سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں تھا۔ ان کے مزاج شاہی اور پہلے کے حکمرانوں میں رتی بھر بھی فرق نہیں تھا۔ داد عیش اور ذاتی آرام کے سوا 'ان کا مقصد حیات کچھ بھی نہیں تھا۔ تنقیدی نظر سے دیکھیں' تو ہندو اور مسلمان بادشاہوں کے طرز حکومت اور رہن سہن میں کوئی خاص فرق نہیں تھا۔ ڈھائی ہزار برس سے برصغیر میں حکمرانوں کی سطح پر کوئی جوہری تبدیلی نہیں آئی۔ بلکہ کسی بھی بدلاؤ کے امکانات کی مکمل بیخ کنی کی گئی ہے۔ وہی حکمرانوں کے محلات' ان گنت کنیزیں' دن اور رات کے شاہانہ شوق اور عام لوگوں سے دوری' سب کچھ بغیر کسی تبدیلی کے جاری ہے۔ اور آج بھی وہی حالات ہیں۔

دوسری بات' بھی حد درجہ اہم ہے۔

عام آدمی کی حالت' نہ پہلے کبھی بہتر تھی اور نہ ہی آج اس کی بہتری کے امکانات ہیں۔ دہلی' جو عرصہ دراز سے دارالحکومت رہا ہے، اس میں کیا تھا؟ بادشاہ کا لال قلعہ' چند فقید المثال مقبرے' سطوت شاہی کے چند نشانات' اس کے علاوہ' عام آدمی کے لیے کیا سہولتیں تھیں؟ دہلی کی کم از کم ایک ہزار سالہ تاریخ تو موجود ہے۔ خود ملاحظہ فرما لیجیے۔ عوام کے لیے' کچی پکی 'سڑکیں' گلیاں' نکاسی آب کا بوسیدہ سا نظام' بے ڈھنگے بازار' سرکاری اعمال کی چیرہ دستیاں اور ایک ایسا رہن سہن' جس میں سہولتیں نہ ہونے کے برابر تھیں۔ ہاں! لال قلعہ میں ہر دن اور رات' جشن ہوتا تھا۔ عام آدمی کا بے حد ابتر حال تھا۔ حکمران طبقے اور عام لوگوں میں ہزاروں نوری سال کا فرق تھا۔ جدید سائنسی تعلیم کو نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔

عام مسلمانوں کی صورتحال تو اس قدر دگر گوں تھی' کہ مذہبی درسگاہوں کے علماء نے جدید تعلیم اور ایجادات کو حرام قرار دے رکھا تھا۔ مطلب یہ کہ عوام کو علم کے نزدیک نہ آنے کی بھرپور سرکاری جدوجہد تھی۔ جو اپنی تئیں مکمل طور پر کامیاب تھی۔ تیسری بات بھی اہم ہے۔ مسلمان بادشاہوں نے' اس امر پر بہت توجہ دی تھی کہ مذہبی تعلیم کو تعلیم قرار دے دیا جائے۔ مسلمان بچے کیا پڑھتے تھے؟ یہ حد درجہ اہم بات ہے۔ دین کے بنیادی نکات' لسانیات' چند مخصوص تاریخی کتب' اور پھر اسی پر ناز ہوتا تھا۔ ہاں! اپنے وقت کے حساب سے چند تعلیمی درسگاہوں کے نشانات ضرور ملتے ہیں۔ جس میں ٹیکسلا کی یونیورسٹی کا نام آتا ہے۔ گزشتہ ایک ہزار برس کو تو چھوڑیئے۔ ذرا تین سو برس پہلے کے معاملات کو پرکھیے۔ مغربی دنیا ایک بے مثال سائنسی اور صنعتی ترقی کے دور سے گزر رہا تھا۔ نت نئی ایجادات ہو رہی تھیں۔ فلسفی' عام انسان کی بہتری اور مساوات کے متعلق سنجیدہ ترین بحث کر رہے تھے۔

یونیورسٹیاں اور اسکول قائم ہو رہے تھے۔ حکمرانوں کو ضابطہ میں لانے کے لیے آئین سازی کی جا رہی تھی۔ نئے اقتصادی نظام کی داغ بیل ڈالی جا رہی تھی۔ مغرب' مکمل طور پر جمود سے مبرا ہو رہا تھا۔ وہاں علم' تحقیق' انسانی حقوق اور سائنس کا سنہرا سورج طلوع ہو چکا تھا۔ مگر اس جدت کو برصغیر میں خصوصاً مسلمان' خوف اور شک کی بنیاد پر دیکھ رہے تھے اور مسلمانوں کو مزید قدامت پسندی کی راہ دکھا رہے تھے۔ انگریزی زبان تک کو حرام قرار دے دیا گیا تھا۔ مسلمان' جدت پسندی سے گھبرا رہے تھے۔ اس میں کلیدی کردار' ہمارے مذہبی طبقہ کا تھا۔ جن کی اجارہ داری خطرے میں پڑ چکی تھی۔ سرسید احمد خاں وہ واحد شخص تھے۔ جنھوں نے مسلمانوں کو جدید تعلیم کے نزدیک لانے کی کوشش کی۔ مگر انھیں غلیظ القابات سے نوازا گیا۔

ہر سطح پر ان کی بھرپور مخالفت ہوئی۔ گلستان بوستان پڑھنے کو ہی تعلیم کا درجہ دینے والوں کی تمام فکری اساس' سرسید احمد خان نے دھڑام سے زمین بوس کر دی۔ مسلمان نوجوان کو انگریزی سیکھنے کی ترویج دی۔ علی گڑھ کالج اور یونیورسٹی میں مسلمان بچوں کے لیے جدید تعلیم کے تمام انتظامات کیے گئے۔ آہستہ آہستہ مسلمانوں کو سمجھ آگئی کہ وہ جدید دنیا سے کتنے پیچھے رہ چکے ہیں۔ ان میں سے اکثریت نے ماڈرن علوم کی طرف توجہ دینی شروع کر دی۔ اسکے بالکل برعکس' ہندو بہت پہلے سمجھ چکے تھے کہ انگریزوں کی حکمرانی سے فائدہ کیسے اٹھایا جائے؟ ان کا طرز عمل ہم سے بہت مختلف تھا۔ ان کے مذہبی پیشواؤں نے ہندوؤں کو جدید علوم حاصل کرنے کا حکم دے دیا۔ وہ مذہب جس میں سمندر پار جانا' گناہ کبیرہ بتایا جاتا تھا۔ اسی مذہبی فکر کے پیروکاروں نے ان گنت تعداد میں مغربی یونیورسٹیوں میں جانا شروع کر دیا۔ ہندو خواتین نے بھی جدید تعلیم اور طرز فکر کو اوڑھنا بچھونا بنا لیا۔ اور اس طرح ہندو اپنے ہم عصر مسلمانوں سے ہر لحاظ سے بہت آگے نکل گئے۔

چوتھی بات عرض کرنا ضروری ہے۔ جب مسلمان' پسماندگی سے نکلنے میں ناکام ہو گئے تو ہم نے اپنے اوپر خود ہی ایک خودکش حملہ کر ڈالا۔ وہ یہ کہ ہم نے قدامت پسندی کو اپنے لیے مزید اہم قرار دے دیا۔ ہمارے چند مذہبی علماء نے قدامت پسندی کے چلن کو مذہب کے قریب قرار دے ڈالا۔ ہر نئی چیز اور فکر کو غیر اسلامی قرار دے دیا۔ یہ معاملہ آج بھی اسی صورت میں جاری و ساری ہے۔ شاید آپ کے علم میں نہ ہو کہ انگریزوں کو برصغیر

# بطورِ قائدِ حزبِ اختلاف محمود خان اچکزئی سے توقعات

تنویر قیصر شاہد

پشاور انجینئرنگ یونیورسٹی سے سول انجینئرنگ کی باقاعدہ سند لے کر فارغ التحصیل ہونے والے اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے محترم سیاستدان و رکن قومی اسمبلی جناب محمود خان اچکزئی بالآخر قومی اسمبلی کے قائدِ حزبِ اختلاف بن گئے ہیں ۔ یہ واقعہ 16 جنوری 2026 کو ہُوا ہے۔ نئے سال میں پی ٹی آئی کے لیے یہ پہلی کامیابی اور خوشخبری ہے۔اسپیکر قومی اسمبلی، جناب ایاز صادق، نے قائدِ حزبِ اختلاف کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ اگر یہ فیصلہ پہلے کر دیا جاتا تو زیادہ مستحسن ہوتا۔اب دُودھ تو دے دیا گیا ہے،مگر مینگنیاں ڈال کر۔ فیصلے میں تاخیر تو یقیناً ہُوئی ہے، لیکن ہُوئی تاخیر تو کچھ باعثِ تاخیر بھی ہوگا۔

حیرانی کی بات ہے کہ پچھلے تقریباً پانچ ماہ سے قومی اسمبلی بغیر اپوزیشن لیڈر ہی کام کر رہی تھی۔ زیادہ حیرت انگیز بات مگر یہ بھی رہی کہ گذشتہ پانچ مہینوں کے دوران اپوزیشن بنچوں کی جانب سے کوئی بڑا طوفان یا احتجاج بھی دیکھنے میں نہ آیا۔ یقین ہے کہ اب اِس فیصلے اور اقدام سے قومی اسمبلی میں اپوزیشن بنچوں کو قرار اور سکون آ گیا ہوگا۔ محمود خان اچکزئی صاحب سے قبل قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کے جناب عمر ایوب خان اپوزیشن لیڈر تھے ۔ مگر جب وہ اپنے بعض مبینہ سنگین اقدامات کے سبب رکن قومی اسمبلی نہ رہے تو قومی اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف کی نشست خالی ہوگئی تھی۔ عمر ایوب خان کا ایم این اے اور اپوزیشن لیڈر کی سیٹیں کھو دینا پی ٹی آئی اور بانی پی ٹی آئی کے لیے کسی بڑے دھچکے سے کم نہیں تھا۔ عمر ایوب خان کی خالی کردہ نشست پر ضمنی انتخاب ہُوا تو بھی پی ٹی آئی ہار گئی اور نون لیگ کامیاب ہوگئی تھی۔

عمر ایوب خان کو بھی قائدِ حزبِ اختلاف بانی پی ٹی آئی نے نامزد کیا تھا، اور اب محمود خان اچکزئی کو بھی بانی پی ٹی آئی ہی نے نامزد کیا ہے ۔ عمر ایوب خان تو پی ٹی آئی کے تھے، مگر اچکزئی صاحب تو پی ٹی آئی سے باہر اپنی پارٹی ''پشتونخوا ملّی عوامی پارٹی'' (MKMAP) کے سربراہ ہیں۔ بانی پی ٹی آئی نے اچکزئی صاحب کو نیشنل اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر نامزد کیا تو پی ٹی آئی پورے اخلاص، کمٹمنٹ اور قوت کے ساتھ اُن کی پشت پر کھڑی ہوگئی ۔ یہ منظر ہمیں یہ بھی بتاتا ہے کہ پچھلے دو برسوں سے مسلسل پسِ دیوارِ زنداں رہنے کے باوجود پی ٹی آئی پر اب بھی بانی صاحب کی کس قدر گرفت ہے۔

اچکزئی صاحب کے مقابل کوئی دوسرا اُمیدوار بھی کھڑا نظر نہیں آیا۔ کیا اِسے بھی جمہوری عمل قرار دیا جاسکتا ہے؟ اس دوران مگر یہ سوال بھی بار بار اُبھر کر سامنے آتا رہا ہے کہ آیا بانی پی ٹی آئی کو اپنی پارٹی کے اندر کوئی ایک شخص بھی ایسا دکھائی نہ دیا جو قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی کی جانب سے اپوزیشن لیڈر بن سکتا؟ کیا بانی صاحب کا یہ فیصلہ اور سوچ اپنی پوری پارٹی کے ارکانِ قومی اسمبلی پر عدم اعتماد نہیں ہے؟ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ بانی کے فیصلے کے باوصف پی ٹی آئی میں کوئی ناراضی، رنجیدگی اور کبیدہ خاطری نظر نہیں آرہی ۔ اِسے پی ٹی آئی کی یکجہتی کہنا چاہیے ۔ جناب محمود خان اچکزئی کے قائدِ حزبِ اختلاف بن جانے پر مگر سمجھ میں نہیں آتا کہ مبارک باد کسے دی جائے؟ پی ٹی آئی کو یا پشتونخوا ملّی عوامی پارٹی کو یا سُنی اتحاد کونسل کو یا تحریکِ تحفظِ آئینِ پاکستان کو؟؟ اچکزئی صاحب ''تحریکِ تحفظِ آئینِ پاکستان'' کے بھی تو رُوحِ رواں ہیں۔

جناب محمود خان اچکزئی سے بجاطور پر توقعات وابستہ کی گئی ہیں کہ وہ قومی اسمبلی میں بطورِ قائدِ حزبِ اختلاف یادگار اور شاندار کردار ادا کرینگے ۔ وہ خود پاکستان کے بزرگ ، جہاندیدہ اور سرد گرم چشیدہ سیاستدان ہیں ۔ اُن کی عمر 77 برس ہے ۔ اُنھوں نے پاکستانی سیاست اور اقتدار کے کئی موسم دیکھ رکھے ہیں ۔ وہ ایک بار صوبائی اسمبلی اور چار بار قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہو چکے ہیں۔

اُنھوں نے (مارچ 2024ء میں) صدارتی انتخاب بھی لڑا، مگر وہ جناب آصف علی زرداری کے مقابل شکست کھا گئے تھے ۔ حیرانی کی بات ہے کہ اُنہیں صدارتی انتخاب کے دوران تینوں صوبوں سے تو ووٹ ملے، مگر انہیں اپنے صوبے سے ایک بھی ووٹ نہ ملا ۔ بلکہ یہاں تک کہا جاتا ہے کہ اچکزئی صاحب کو صدارتی انتخاب کے لیے بلوچستان میں اپنا کوئی پولنگ ایجنٹ بھی نہ ملا تھا ۔ جنابِ محمود خان اچکزئی بلوچستان کے ممتاز ترین اور قوم پرست سیاستدان ، عبدالصمد خان اچکزئی مرحوم، کے صاحبزادے ہیں۔ عبدالصمد اچکزئی مرحوم بلوچستان میں انگریز سامراج کے خلاف جنگِ آزادی بھی لڑتے رہے اور تقسیمِ برِصغیر کے مخالفین میں سے ایک تھے ۔ صمد خان اچکزئی مرحوم شاعر بھی تھے ، سوانح حیات بھی لکھی ، ادیب بھی تھے اور مترجم بھی۔

محمود خان اچکزئی صاحب کے ایک بھائی (محمد خان اچکزئی) بلوچستان کے گورنر بھی رہے ۔ اُنھوں نے اپنی گورنری کے دوران تین وزرائے اعظم (نواز شریف، شاہد خاقان عباسی اور بانی پی ٹی آئی) کے ساتھ کام کیا اور اپنے عہدے کی میعاد پوری کرکے ہی فارغ ہُوئے تھے ۔ محمود اچکزئی کے دوسرے بھائی (حامد خان اچکزئی) پیشے کے اعتبار سے ڈاکٹر ہیں ۔ مالٹا اور برطانیہ میں ڈاکٹری کرتے رہے ہیں ۔ اب سیاست کرتے ہیں اور اپنے بھائی کی پارٹی کا دست و بازُو ہیں ۔ یوں ہم کہہ سکتے ہیں کہ نئے قائدِ حزبِ اختلاف اپنے سیاسی و خاندانی پسِ منظر کے لحاظ سے آئیڈیل شخصیت ہیں۔

اِسی لیے اُن سے توقعات بھی زیادہ بڑی وابستہ کی گئی ہیں ۔ اُن کی نامزد کنندہ شخصیت (بانی پی ٹی آئی) نے مگر مبینہ طور پر اُنہیں اِس عہدے کے لیے اس لیے چُنا ہے تاکہ وہ اُنہیں جیل کی تنہائیوں سے آزاد کروا سکیں ۔ یہ کام مگر محمود خان اچکزئی کے لیے خاصا مشکل، صبر آزما اور مہم جویانہ ہے ۔ پی ٹی آئی نے شائد اُنہیں اِس صبر آزما میدان میں اس لیے اُتارا ہے کہ اچکزئی صاحب مہمات سر کرنے کے خوگر ہیں۔

وہ قید و بند سے نہیں ڈرتے کہ اُنھوں نے اپنے والدِ گرامی کی طرح کئی بار جیل یاترا کی ہے ۔ وہ دہشت گردوں کے بموں سے بھی نہیں ڈرتے کہ وہ اِن مقامات سے بھی گزر چکے ہیں ۔ خاص طور پر 1973 میں جب اُن کے والدِ گرامی کو اُن کے گھر پر بم مار کر شہید کر دیا گیا تھا۔ تب سے اُنہیں بموں کا ڈر بھی نہیں رہا۔ یاد رہے کہ عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کے وقت وزیر اعظم، زیڈ اے بھٹو، نے بلوچستان پر گورنر راج نافذ کر رکھا تھا۔

لگتا یہی ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے بہ امرِ مجبوری ہی محمود خان اچکزئی صاحب کو آگے بڑھایا ہے۔ یہ وہی محمود اچکزئی ہیں جن کی بانی صاحب جلسے جلسوں میں نقلیں بھی اُتارا کرتے تھے اور متعدد جلسوں میں اُنہیں نامناسب الفاظ سے بھی پکارتے رہے ہیں۔ مگر شاباش ہے محمود خان اچکزئی کو جنھوں نے ایک بار بھی بانی صاحب کے توہین آمیز انداز کا توہین سے جواب نہیں دیا۔ یہ اُن کے بڑے پَن کا ثبوت ہے ۔ قومی اسمبلی میں نئے نئے منتخب ہونے والے جناب محمود خان اچکزئی کی عملی سیاست و سوچ میں یہ ''نقص'' یا ''خامی'' کہی جاتی ہے کہ وہ اپنی قوم پرستانہ سیاست سے مغلوب ہوکر مرکز گریز خیالات کے حامی ہیں۔

افغانستان کی جانب اُن کا جھکاؤ ڈھکا چھپا نہیں ہے ۔ افغانستان بارے آج کل بانی صاحب اور اچکزئی صاحب کے خیالات یکساں ہیں ۔ شائد اسی پس منظر میں وفاقی وزیر اطلاعات، جناب عطاء اللہ تارڑ، نے 16 جنوری 2026 کو اپنے ایک انٹرویو میں محمود خان اچکزئی پر سخت طنز بھی کیا ۔ وزیر موصوف کا طنز غیر مناسب یا سخت تو کہا جاسکتا ہے، مگر بنیادی حقائق سے متصادم نہیں ۔ بہرحال قومی اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف کا تقرر تو ہوگیا، اور اب سینیٹ میں قائدِ حزبِ اختلاف کا تقرر باقی رہ گیا ہے ۔ بانی صاحب نے اِس کے لیے بھی سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس کو نامزد کررکھا ہے ۔ شنید ہے آج (بتاریخ 19 جنوری بروز سوموار) علامہ راجہ ناصر عباس صاحب کا سینیٹ میں بطورِ قائدِ حزبِ اختلاف کا نوٹیفکیشن جاری ہوجائے گا۔

# ڈاکٹر اکرام الحق یٰسین کا مطالعہ دستوریات

ڈاکٹر فاروق عادل

میرے ہاتھ میں دو کتابیں ہیں اور دوسری طرف ڈاکٹر اکرام الحق یٰسین کا سنجیدہ و متین چہرہ جس پر ہلکا سا تبسم، محبت بھری امید اور شائستگی کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا ہے۔

یہ موقع مطالعہ دستوریات پاکستان پر بات کرنے کا ہے لیکن میری توجہ مصنف پر ہے تو اس کا سبب معقول ہے۔ اسباب میں ایک آدھ بات ناگفتنی بھی ہے جسے حذف کرتے ہوئے میں براہ راست اس بات پر آتا ہوں جس کا تعلق میری ذات سے ہے۔ میری ذات سے اس کتاب کا تعلق یوں ہے کہ ڈاکٹر صاحب کے سلسلہ کتب کی پہلی دو کتابیں میرے پاس رکھے رکھے پرانی ہونے لگیں تو وہ خود ہی کہیں آگے پیچھے ہو گئیں۔ شریف آدمی وعدہ پورا کرے نہ کرے، شرمندہ ضرور ہوتا ہے۔ اب میں شرمندہ ہوا۔ شرمندگی کی وجوہات کا نہ پوچھیے، یہ دفتر کھلا تو گویا داستاں کھل جائے گا۔ بس، ایک واقعہ سن لیجیے۔

یہ واقعہ کچھ پرانا تو ہے لیکن برمحل ہے۔ شعبہ ابلاغ عامہ جامعہ کراچی میں ابلاغی علوم کے موضوعات پر ایک بین الاقوامی کانفرنس میں کسی جامعہ کے ایک استاد شریک ہوئے۔ وہ ہر ایسی محفل جہاں کوئی سنجیدہ بات ہو رہی ہوتی، ایک فرمان جاری کر کے اٹھ جاتے کہ یہاں بڑی علم ناک باتیں ہو رہی ہیں۔

ان کی ظرافت طبع کی داد آپ ضرور دیں کہ کس طرح انھوں نے الم ناک کی رعایت سے علم ناک کی ترکیب ایجاد کر کے مزاح پیدا کیا لیکن اس کے ساتھ ہی پاکستانی قوم کی علم ناکی پر بھی توجہ فرمائیں جس نے آئین، قانون جیسے مسائل کو جو قوموں کی زندگی میں شہ رگ جیسی اہمیت رکھتے ہیں، اٹھا کر طاق پر رکھ دیا کہ یہ علمی باتیں ہیں، ان سے علم والے ہی نمٹیں۔ نتیجہ یہ نکلا کہ پاکستان قریباً ایک دہائی تک سرزمین بے آئین رہا پھر خدا خدا کر کے آئین بن گیا تو قاعدے قانون ہمیں راس نہ آئے، یوں ہم نے اسے بہ یک جنبشِ قلم، قلم زد کر دیا۔ اس کے بعد تو ہمارے دیس میں وہ دھما چوکڑی مچی جس کے آفٹر شاکس سے ہم آج بھی لرزاں و ترساں ہیں۔

سوال یہ ہے کہ ہمارے یہاں آئین بروقت بن کیوں نہ سکا اور شومیٔ قسمت سے بن گیا تو کیوں برقرار نہ رہ سکا؟ دو سوال تو یہ ہیں۔ میرے الجھے ہوئے ذہن میں ایک سوال اور بھی ہے، یہ تیسرا سوال ہے۔ تیسرا سوال یہ ہے کہ پچیس تیس برس کی اٹھا پٹخ کے بعد بالآخر وہ آئین وجود میں آ گیا جو آج بھی ایک زندہ وجود رکھتا ہے اور بہت سی کٹھنائیوں سے ثابت و سالم ہمیں نکال لاتا ہے۔ اس کے باوجود کبھی یہ آواز اٹھتی ہے کہ اس آئین نے ہمیں دیا کیا ہے اور یہ کہ یہ تو ناکام ہو چکا، اب ایک نئے آئین کی بنا ڈالیے۔ سوال یہ ہے کہ آئین جیسی مقدس دستاویز کے ضمن میں ہمارا یہ رویہ کیوں ہے؟

آئین کے باب میں ہمارے کھلنڈرے مزاج کی اتنی کیفیات بیان ہو چکی ہیں تو لگے ہاتھوں ایک سوال اور بھی برداشت کر لیں۔ پاکستان کو وجود میں آئے پون صدی سے زائد عرصہ گزر چکا ہے۔ یہ ملک کیا ہے اور کیوں ہے، اس کی تفصیلی وضاحت اس کے آئین میں درج ہے لیکن اس کے باوجود ہمارے بہت سے طبقات میں ایک سوال آج بھی موجود ہے کہ آخر اس ملک کی ضرورت ہی کیا تھی؟ ہمارے خوابوں کی اس سرزمین سے کبھی کوئی ایسا شہ دماغ بھی اٹھتا ہے جو اس ملک کے قیام کو کسی استعماری قوت کی خواہش بنا دیتا ہے اور کسی کے ذہن میں یہ الجھن پیدا ہو جاتی ہے کہ اگر جمہوریت کو ہم نے بہ طور نظام اختیار کر لیا تو یہ بتائے کہ پھر اللہ کی حاکمیت اور اس کے ناقابل تنسیخ احکامات کا مستقبل کیا ہوگا؟

سوالات تو کچھ اور بھی ہیں لیکن اگر ہم ان سوالوں کے جوابات تک بھی پہنچ جائیں تو میرے خیال میں بہت سے عقدے سلجھ سکتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا ارادہ ہو نہ ہو، مجھے ان کی کتابوں سے ان سوالوں کے کچھ جواب ملے ہیں۔ اسی وجہ سے مجھے یہ کتابیں عزیز ہیں۔

قیام پاکستان کے بعد اس ملک کو جو پہلا چیلنج درپیش ہوا، اس کا تعلق اسی تنازع سے ہے جو آج بھی ہمیں پریشان کر رہا ہے یعنی اٹک تک کے علاقے کی ملکیت کس کے پاس ہے، پاکستان کے پاس ہے یا اس کا اصل مالک افغانستان ہے؟ ایپی فقیر ہمارے قبائلی علاقوں میں ایک اساطیری کردار کی حیثیت رکھتے ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے دنیا کی پہلی نظریاتی اسلامی ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھائے اور بہ زعم خود قبائلی علاقوں میں اسلامی ریاست قائم کر دی۔ اس کھیل کے پس پشت بھارت اور افغانستان تھا یا پھر ہمارے نسل پرست پاکستانی جنھیں پاکستانی بننے میں زمانہ لگ گیا۔ یہ واقعہ کئی پہلوؤں سے الجھا ہوا بھی ہے اور ہمارے کئی سوالوں کے جواب بھی فراہم کرتا ہے۔

اس حقیقت میں تو کوئی شبہ نہیں ہے کہ ہمارے یہاں آئینی مباحث بہت رہے ہیں۔ اس موضوع پر کتابیں بھی بہت لکھی گئی ہیں لیکن پاکستان میں آئین کو عزت و حرمت کیوں حاصل نہ ہو سکی اور یہ ملک طویل عرصے تک سرزمین بے آئین کیوں رہا، اس کا کوئی براہ راست جواب ہمیں آج تک نہیں مل سکا۔

میرے اس موقف پر یہ اعتراض جائز ہوگا کہ ایسا نہیں ہے جس کسی نے بھی اس موضوع پر کام کیا ہے، اس نے بتا دیا ہے کہ یہ جرم آمروں کا ہے۔ یہ اعتراض درست ہے اور یہ تشخیص بھی غلط نہیں کہ یہ سب آمروں کا کیا دھرا ہے لیکن ایک جرم اس سے بھی پہلے ہو چکا ہے جس سے ڈاکٹر اکرام الحق یسین کی کتابیں پردہ اٹھاتی ہیں۔

ہمارے یہاں بانیان پاکستان کی فہم و فراست پر سوال اٹھانے والے بہت ہیں۔ ان بزرگوں پر ایک اعتراض یہ ہے کہ انھوں نے پاکستان تو بنا دیا لیکن بغیر مناسب ہوم ورک کے بنایا۔ ہوم ورک والی بات کا تعلق اسی موضوع سے ہے جو یہاں زیر بحث ہے۔ ڈاکٹر صاحب کا مطالعہ دستوریات پاکستان بتاتا ہے کہ تحریک آزادی کے زمانے میں بہت سے اہل علم متحرک ہوئے تا کہ پاکستان کے آئین کے بارے میں ہوم ورک کیا جا سکے۔ نہ صرف ہوم ورک کیا جا سکے بلکہ ایک مناسب مسودہ بھی تیار کر لیا جائے لیکن اس کوشش کا حشر کیا ہوا؟ یہ کہانی ڈاکٹر صاحب نے بیان کر دی ہے۔

ہر وہ بزرگ جس سے اس بڑے کام کی توقع رکھی گئی، بدقسمتی سے وہ اس کی اہمیت سے آگاہ نہیں تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے دستاویزی ثبوتوں کے ساتھ بتا دیا ہے کہ ہمارے ان بزرگوں نے آئین پر اپنے مقاصد کو اہمیت دی اور کوئی نہ کوئی عذر کر کے اس کام سے علیحدہ ہو گئے۔ تو یہ کتاب ہمیں یہ بتاتی ہے کہ اول ہم آئین کی اہمیت کو اس طرح کبھی سمجھ نہ سکے جو اس کا حق ہے۔ دستور کو نہ سمجھ سکے تو پاکستان کو کیسے سمجھتے؟ یوں گویا یہ کتابیں مطالعہ دستوریات سے بڑھ کر مطالعہ پاکستان کی طرف متوجہ کرتی ہیں۔ بدقسمتی سے مطالعہ پاکستان کی اصطلاح ہمارے یہاں متنازع اور بدنام ہے، اس لیے میں ڈاکٹر صاحب کے لیے بہت سی نیک دعاؤں کے ساتھ اسی پر بس کرتا ہوں۔

# طاقت کا قانون

زمرد نقوی

بظاہر برتھ آف مڈل ایسٹ کے لیے میدان ہموار ہو چکا ہے۔ امریکی سامراج اور اسرائیل نے اعلیٰ جدید ترین ٹیکنالوجی میں برتری حاصل کر کے حزب اللہ اور حماس کو عسکری طور پر مفلوج اور ناقابل تلافی نقصان پہنچا کر خطے میں ایران کو تنہا کر دیا۔ امریکا نے وینزویلا پر حملہ کر کے وہاں کے صدر اور ان کی بیوی کو اغوا کر کے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ دنیا میں پھر سے جنگل کا قانون مائیٹ از رائیٹ نافذ ہونے جا رہا ہے جس میں طاقت ہی فیصلہ کن کردار ادا کرتی ہے۔

کوئی قانون یا اخلاقیات نہیں ۔ اس دفعہ یہ قانون گرین لینڈ، ڈنمارک ، یورپ پر بھی لاگو ہونے جا رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ کی نئے سرے سے پیدائش صرف مشرق وسطیٰ تک محدود نہیں رہے گی اس کا دائرہ کار ایران سے آگے بڑھ کر افغانستان اور پاکستان، بھارت تک پھیلے گا۔ اس طرح امریکا اسرائیل کے ذریعے اس پورے خطے پر کنٹرول حاصل کرلے گا۔ نہ صرف یہ کہ اس پورے خطے بلکہ سینٹرل ایشیاء کی ریاستوں کے تمام قدرتی اور معدنیاتی وسائل پر بھی قبضہ کر لے گا۔ ایران کی موجودہ حکومت کے خلاف فیصلہ کن کارروائی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ذاتی خواہش پر منحصر نہیں بلکہ ان کی حکومتی حکمت عملی کا حصہ ہے۔

یعنی یہ امریکی ڈیپ اسٹیٹ کا وہ منصوبہ ہے جس پر آخر کار طویل مدت کے بعد عملدر آمد کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ تہران سے ماہر بین الاقوامی امور محمد حسین باقری نے کہا ہے کہ آج یہاں تہران میں بالکل خاموشی ہے ۔ اور شائد طوفان سے پہلی والی خاموشی ہے یہاں تقریباً سب کنٹرول ہو چکا ہے ٹرمپ کے ٹویٹ کے بعد بھی کوئی باہر نہیں نکلا ہے۔ CIA اور موساد اسی طرح سے کام کرتے ہیں۔ پہلے اختلافات پیدا کرتے ہیں پھر لوگوں کو سڑکوں پر بلایا جاتا ہے اور پھر منظم جانی نقصان دنیا کو دکھایا جاتا ہے ۔ اور نتیجہ یہ دیا جاتا ہے کہ رجیم چینج میں کامیاب نہیں ہوئے تو عوام کے تحفظ کے نام پر براہ راست حملہ کر دیں گے ۔ اور یہ بہت ناسمجھی اور بیوقوفی کی بات لگتی ہے کہ کوئی یہ سوچے کہ ٹرمپ اور نیتن یاہو ایران کے عوام کی بھلائی کے لیے کچھ سوچ رہے ہیں۔

12 جنوری کو 30 لاکھ لوگوں نے سڑکوں پر آ کر ایران کی حقیقی صورت حال دنیا پر واضح کر دی کہ وہ حکومت اور سپریم لیڈر کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ماضی کے مقابلے میں اس دفعہ مظاہرے اتنے بڑے نہیں تھے لیکن ہلاکتیں اس دفعہ زیادہ ہوئی ہیں۔ احتجاج کے دوران پہلے دن سے گیارہویں دن تک ایک بھی گولی حکومت نے فائر نہیں کی۔ اس کے بعد تین دن میں ایک سو سے زائد سکیورٹی فورسز اہلکار شہید ہو گئے اس کا مطلب ہے کہ بڑے پیمانے پر مسلح دہشت گرد تنظیمیں سرگرم تھیں جو ہجوم پر پشت سے گولیاں چلا رہی تھیں۔ اس لیے حکومت کو آخر کار کریک ڈاؤن کرنا ہی تھا۔ یہ ایرانی قوم کے DNA میں شامل ہے کہ اندرونی طور پر جتنا بھی اختلاف ہو بیرونی طاقت سے متحد ہو کر لڑتے ہیں۔ اس لیے ٹرمپ کے پاس آپشن محدود ہیں لیکن کوئی بھی آپشن رجیم چینج تک نہیں جاتا۔

تاریخ میں ایسی مثالیں بہت کم ہوں گی جہاں ایک قوم مسلسل گزشتہ 45 برسوں سے اپنی خود مختاری اور آزادی کا دفاع کر رہی ہو۔ ایک طرف امریکی سامراج دوسری طرف اس کے اتحادی جو سامراجی آلہ کار بن کر ایران سے اس کی آزادی چھیننے کے درپے ہیں۔ لاکھوں انسانی جانوں کی قربانی، کھربوں ڈالر کا مسلسل نقصان، ناکہ بندیاں، یعنی جان جاتی ہے تو جائے اپنی آزادی پر کسی بھی قیمت پر سمجھوتہ نہیں کرنا، امریکی سامراج اور اس کے چیلے چانٹوں سے نبرد آزما ہونا کوئی مذاق نہیں۔ یہ ناقابل یقین معجزہ صرف اس وقت رونما ہوتا ہے جب پوری قوم چاہے مرد ہوں یا خواتین اپنی قیادت کے ساتھ مل کر سیسہ پلائی دیوار بن جائیں۔

انقلاب ایران سے لے کر آج تک ایرانی قوم نے مرد و خواتین کے امتیاز سے قطع نظر بے شمار مرتبہ سڑکوں پر آ کر اپنی قیادت کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا۔ اگر یہ انقلاب آج تک باقی ہے تو سچ پوچھا جائے تو اس میں مردوں سے زیادہ خواتین کا حصہ ہے۔ ایک ہفتہ پیشتر جب ایرانی 30 لاکھ کی تعداد میں اپنی قیادت سے یکجہتی کے لیے سڑکوں پر آئے تو وہ کسی ریاستی جبر یا بندوق کی نوک پر باہر نہیں آئے۔

جو ناداں سادہ لوح ایرانی خواتین کی آزادی کے حوالے سے غم میں مبتلا ہیں تو ایرانی خواتین کے لیے سنہری موقعہ تھا کہ وہ ٹرمپ اور نیتن یاہو کی آواز پر لبیک کہتیں۔ لیکن یہ تو وطن سے غداری اور نسلوں کی غلامی ہوتی۔ ایرانی قوم کی سامراج سے لڑائی اس کی اکیلے کی لڑائی نہیں ۔ ایرانی قوم اس وقت صرف اپنی آزادی کی لڑائی نہیں لڑ رہی بلکہ وہ دنیا کی دیگر تمام اقوام کی لڑائی بھی لڑ رہی ہے جن کی آزادیوں کو ٹرمپ نے یہ کہہ کر چیلنج کر دیا ہے کہ کوئی عالمی قانون اور اخلاقیات نہیں مانتا ۔ قانون صرف وہ ہے جو میرے دماغ اور امریکی مفادات میں ہے۔

عالمی سامراجی میڈیا اور اس کے ذیلی اداروں کے دھوکے میں آ کر پاکستانی عوام کو اس موقع پر غیر جانبدار نہیں رہنا چاہیے۔ ورنہ پاکستان کے لیے خدانخواستہ اسٹرا ٹیجک خطرات بہت ہوں گے۔ امریکا اور اس سے زیادہ اسرائیل اس ایٹمی پروگرام کے درپے ہے۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور قطر متحدہ عرب امارات مصر وغیرہ بلاوجہ نہیں ٹرمپ پر دباؤ ڈال رہے ہیں کہ وہ ایران پر حملے سے باز رہے۔ دنیا پھر سے ایک نئے اٹھارہ سالہ دور میں داخل ہوگئی ہے یہ چند ماہ پیشتر میں نے لکھا تھا۔ یہ بھی لکھا تھا کہ سال کے شروع سے جون، جولائی، اگست تک جو کچھ بھی ہوگا ناقابل یقین حیرت انگیز ہوگا ۔ ایران کے حوالے سے مارچ تک کا وقت انتہائی حساس ہے۔ اپریل، مئی سے پاکستان کے لیے حساس وقت اور جون ، جولائی اگست بھارت کے لیے فیصلہ کن ہوگا۔

# بلدیاتی الیکشن سے گریز

محمد سعید آرائیں

پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کی سندھ اور کے پی کی حکومتوں میں بلدیاتی انتخابات کی مدت ختم ہونے کے قریب ہے اور وفاق اور پنجاب میں مسلم لیگ (ن) کی حکومتیں بلدیاتی انتخابات سے مسلسل گریز کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے مختلف بہانوں سے …

بااختیار بلدیاتی نظام مقامی حکومتوں کی شکل میں آرٹیکل A-140 کے تحت اور آئین کے مطابق ہونا ضروری ہے جو کہتا ہے کہ مضبوط لوکل گورنمنٹ سسٹم ہونا چاہیے اس لیے رویے تبدیل کر کے ترامیم کریں اس کے بغیر کوئی فائدہ نہیں۔ قانون سازی پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کا کام ہے لیکن قانون ساز مقامی سطح کے مسائل میں الجھے ہوئے ہیں۔

وفاقی وزیر نے آئین کے آرٹیکل A-140 کے تحت اختیارات مقامی حکومتوں کی جو بات کی ہے وہ سوفی صد درست ہے مگر خود وفاق اور صوبے آئین کی یہ آرٹیکل ماننے سے انکاری ہیں اور انھوں نے اپنے اپنے صوبوں کے مقامی حکومتوں کے نظام کو بے اختیار بنا رکھا ہے اور جو قانون سازی کر رکھی ہے وہ آئین کے مذکورہ آرٹیکل A-140 کے برعکس ہے اور سندھ و بلوچستان اور کے پی میں وہاں کی اسمبلیوں نے جو قانون بنا رکھے ہیں اس کے تحت کہیں مقامی حکومت نہیں بلکہ میونسپل ادارے ہیں جن کے پاس بااختیار مقامی حکومتوں جیسے وسائل ہیں نہ ان کے سربراہوں کے پاس مالی و …

دیے ہیں اور ملتوی کرنے کا جواز یہ بنایا ہے کہ اب اسلام آباد کا میٹروپولیٹن کارپوریشن کا نظام ختم کر کے اب اسلام آباد میں قومی اسمبلی کے تین حلقوں کی بنیاد پر اب کراچی کی طرح تین ٹاؤن کارپوریشن قائم کی جائیں گی جس کے لیے صدر مملکت نے آرڈیننس بھی جاری کر دیا ہے۔

اسلام آباد کے تین ٹاؤنوں میں اتنی ہی یونین کونسلیں ہوں گی جتنی وفاقی حکومت نوٹیفائی کرے گی۔ وفاقی حکومت عوامی اعتراضات اور سفارشات سننے کے بعد ٹاؤن کارپوریشنوں اور یونین کونسلوں کی حدود میں ترمیم کر سکے گی۔ البتہ الیکشن شیڈول کے اعلان کے بعد کسی بھی قسم کی حد بندی میں تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ اسلام آباد میں مقامی حکومت سے مراد ٹاؤن کارپوریشنیں اور یونین کونسلیں ہوں گی جہاں مقامی حکومتیں فعال نہیں ہوں گی وہاں حکومت ایڈمنسٹریٹر مقرر کرے گی۔

سربراہ سے مراد ٹاؤن کارپوریشن کا میئر یا یونین کونسل کا چیئرمین ہوگا۔ صدارتی آرڈیننس کے مطابق ہر ٹاؤن کارپوریشن میں ایک میئر اور دو ڈپٹی میئر ہوں گے۔ ہر یونین کونسل کا چیئرمین بطور جنرل …

# صوابی کا سوال: مجرم محفوظ، افسر غیر محفوظ کیوں؟

قلمِ حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی-قلم حق

آج مولانا بجلی گھر صاحب کی وہ بات ایک مرتبہ پھر شدت کے ساتھ ذہن میں گونجنے لگی جو انہوں نے نہایت درد، کرب اور تلخ سچائی کے ساتھ کہی تھی کہ "اللہ دے پہ تور و قیمہ قیمہ کی اغہ خلق چی سوک دخزو حمایت کئ چی دا دی بہر بازار ونہ تہ اوزی"۔ یہ جملہ محض چند الفاظ نہیں بلکہ ہمارے معاشرے کی فکری پستی، الٹے ہوئے پیمانے اور بگڑے ہوئے معیارِ انصاف کی مکمل عکاسی کرتا ہے، جہاں خیر خواہی کو جرم اور احتیاط کو گناہ بنا دیا جاتا ہے۔ یہ حقیقت اب کسی دلیل کی محتاج نہیں کہ ہمارا معاشرہ شدید اخلاقی، سماجی اور حفاظتی بحران سے دوچار ہے۔ آئے دن خواتین کے ساتھ پیش آنے والے واقعات، بڑھتی ہوئی بدامنی اور جرائم نے ہر ذی شعور انسان کو اندر سے بے چین کر رکھا ہے۔ داحالات در※※ ي پ※ مخ کار※ دي، خو افسوس چی منل ي※ وک ن※ غواي۔ ایسے حالات میں اگر کوئی ذمہ دار شخص، خاص طور پر کوئی ریاستی افسر، احتیاط اور تحفظ کی بات کرتا ہے تو اس کی نیت پر شک کرنے کے بجائے اس کی بات کو سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں الفاظ کو نیت سے الگ کر کے پرکھا جاتا ہے، جس سے مسائل کم ہونے کے بجائے مزید بڑھ جاتے ہیں۔ صوابی میں تعینات ایس ایچ او عبدالعلی عرف گبر کا معاملہ بھی اسی بگڑی ہوئی سوچ کی ایک واضح مثال ہے۔ چند دن پہلے ہی ان کا تبادلہ صوابی ہوا تھا، مگر اتنے مختصر عرصے میں بھی انہوں نے عوام سے رابطہ، مسائل کی سماعت اور جرائم پر قابو پانے کے لیے عملی دلچسپی دکھائی۔ دا افسر ن※ شي کولای چی پ※ ※※ وخت ک※ اوس باور وي۔ کھلی کچہری کا انعقاد دراصل اسی سوچ کا مظہر تھا کہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کی فضا قائم کی جائے۔ ایسے فورمز عوامی مسائل کے حل اور زمینی حقائق جاننے کا بہترین ذریعہ ہوتے ہیں، بشرطیکہ ان میں کی گئی باتوں کو خلوص کے ساتھ سنا اور سمجھا جائے۔ اسی کھلی کچہری میں گبر صاحب نے جو گفتگو کی، وہ کسی نفرت، تنگ نظری یا تعصب پر مبنی نہیں تھی۔ انہوں نے موجودہ حالات کے تناظر میں صرف یہ کہا کہ خواتین کو اکیلے بازار جانے سے گریز کرنا چاہیے اور بہتر ہے کہ کوئی محرم یا قریبی مردان کے ساتھ ہوتا کہ کسی بھی ممکنہ خطرے سے بچا جا سکے۔ یہ بات نہ نئی ہے اور نہ ہی غیر معمولی۔ داخو زمونگ دکلي، جومات او کور خبر ※ د※۔ ہمارے معاشرے میں ہمیشہ سے یہ سمجھا جاتا رہا ہے کہ جب حالات خراب ہوں تو احتیاط لازم ہوتی ہے، خاص طور پر کمزور طبقات کے لیے۔ گبر صاحب کی گفتگو کا دوسرا اہم پہلو جرائم پیشہ عناصر کے لیے سخت اور واضح پیغام تھا۔ انہوں نے صاف لفظوں میں کہا کہ جو لوگ چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم میں ملوث ہیں وہ یا تو اپنی حرکتیں چھوڑ دیں یا علاقہ چھوڑ دیں، ورنہ قانون ان کے خلاف پوری طاقت سے حرکت میں آئے گا۔ یہ کسی پولیس افسر کا ذاتی مؤقف نہیں بلکہ اس کی وردی کا تقاضا ہوتا ہے۔ ک※ پولیس مجرمانو ت※ خبرداری ورن※ ※※ ي، نو امن ب※ ※※※ راشي؟ عوام بھی اسی افسر پر اعتماد کرتے ہیں جو مجرم کے سامنے مضبوطی سے کھڑا ہو۔ افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ان باتوں کو اصل مقصد سے ہٹا کر پیش کیا گیا۔ چند حلقوں نے دانستہ یا نادانستہ طور پر اس بیان کو خواتین کے خلاف بنا کر پیش کیا، حالانکہ یہ بیان سراسر خواتین کے تحفظ اور سلامتی سے متعلق تھا۔ جب یہ خبر سامنے آئی کہ گورنر صاحب نے ان بیانات کے بعد گبر صاحب کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ان کا تبادلہ کسی اور جگہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے تو یہ خبر صرف ایک افسر کے لیے نہیں بلکہ پورے علاقے کے لیے مایوسی کا سبب بنی۔ اسی فیصلے کے خلاف صوابی کے عوام کا امن چوک میں نکل آنا ایک غیر معمولی عمل تھا۔ یہ احتجاج اس بات کا ثبوت تھا کہ عوام محض تماشائی نہیں بلکہ وہ حق اور ناحق میں فرق کرنا جانتے ہیں۔ یہ احتجاج صرف گبر صاحب کی حمایت میں نہیں تھا بلکہ اس سوچ کے خلاف تھا جس میں سچ بولنے، احتیاط کی بات کرنے اور مجرموں کو للکارنے والوں کو سزا دی جاتی ہے۔ عوام نے واضح پیغام دیا کہ وہ ایسے افسران کے ساتھ کھڑے ہیں۔ یہاں ایک سنجیدہ سوال جنم لیتا ہے کہ کیا اب خواتین کے تحفظ کی بات کرنا واقعی جرم بن چکا ہے؟ کیا حالات کی خرابی کی طرف توجہ دلانا اتنا بڑا قصور ہے کہ اس پر ایک افسر کو ہٹا دیا جائے؟ گبر صاحب نے نہ کبھی خواتین کی تعلیم، روزگار یا سماجی کردار کی مخالفت کی اور نہ ہی انہیں گھروں تک محدود کرنے کی بات کی۔ ان کا مؤقف صرف یہ تھا کہ داحالات سم ن※ دي، ※※ احتیاط ضروري د※۔ یہی سوچ ہر باپ اپنی بیٹی کے لیے، ہر بھائی اپنی بہن کے لیے اور ہر شوہر اپنی بیوی کے لیے رکھتا ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جب یہی بات ایک وردی والا افسر کہتا ہے تو اسے مختلف زاویے سے دیکھا جانے لگتا ہے۔ گورنر صاحب سے یہ سوال کرنا بھی بنتا ہے کہ اصل توجہ الفاظ پر ہونی چاہیے یا ان سینکڑوں متاثرین پر جو روزانہ جرائم کا شکار ہوتے ہیں؟ متاثرین وک دي او دغوي آواز وک اوري؟ اگر واقعی اصلاح مطلوب ہے تو ایسے پولیس افسران کو تحفظ دیا جائے جو جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاخوف کھڑے ہوں۔ محض تبادلے مسائل کا حل نہیں بلکہ اکثر اوقات مسئلے کو مزید گہرا کر دیتے ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ پولیس پہلے ہی شدید دباؤ، سیاسی مداخلت اور وسائل کی کمی کا شکار ہے۔ ایسے میں اگر ہر حق بات پر افسر کو سزا ملے گی تو پھر کوئی بھی افسر دل جمعی سے کام نہیں کر سکے گا۔ صوابی جیسے علاقوں میں امن و امان برقرار رکھنا کوئی آسان کام نہیں۔ یہاں سماجی دباؤ، مقامی سیاست اور جرائم سب ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ دلت※ مضبوط، نڈر او ایماندار افسران پکار دي۔ عوام کا احتجاج دراصل اجتماعی شعور کی ایک مضبوط آواز تھا، جو یہ بتا رہی تھی کہ لوگ اب ہر ناانصافی کو خاموشی سے قبول کرنے کے لیے تیار نہیں، خاص طور پر جب معاملہ عوامی تحفظ سے جڑا ہو۔ یہ وقت جذباتی فیصلوں، وقتی بیانات اور سطحی سوچ کا نہیں بلکہ گہرے غور و فکر، انصاف اور تدبر کا ہے۔ بات کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کے بجائے اس کے پس منظر اور مقصد کو دیکھا جانا چاہیے۔ گبر صاحب نے کوئی غلط بات نہیں کی۔ انہوں نے صرف احتیاط، تحفظ اور قانون کی بات کی۔ داس※ فرض شناس افسران د ریاست اصل طاقت دي، او اگر ہم انہیں کمزور کریں گے تو اس کا خمیازہ پورے معاشرے کو بھگتنا پڑے گا۔

## دکانداروں کو جرمانے اور کچھ کو وارننگ جاری کی گئی

# پرائیس کنٹرول مجسٹریٹ چوہدری شفقت محمود تحصیلدار فتح جنگ کی تجاوزات کے خلاف کارروائیاں

**کھوڑ روڈ اور مین فتح جنگ چوک میں سبزی اور فروٹ فروشوں کی ریڑھیاں رکشے اور ہوٹلوں کی ٹیبل۔ کرسیاں فٹ پاتھوں سے ہٹوا کر تجاوزات کا خاتمہ کرا رہے ہیں**

فتح جنگ (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوام دوست وژن کے تحت ضلع اٹک میں تجاوزات کے خاتمے اور شہری نظم و ضبط کی بحالی کے لیے انتظامیہ متحرک ہے۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر اٹک راعاطف رضا، اسسٹنٹ کمشنر فتح جنگ کی ہدایات پر تحصیلدار و سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود نے کھوڑ روڈ پر تجاوزات کے خلاف بھرپور اور اچانک کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران فٹ پاتھ پر قائم غیر قانونی ریڑھیاں ہٹا دی گئیں جبکہ فٹ پاتھ پر تجاوز قائم کرنے والے ایک ہوٹل کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

انتظامیہ کی اس کارروائی سے فٹ پاتھ عام شہریوں کے لیے بحال ہو گئے، جس سے پیدل چلنے والوں کو شدید مشکلات سے نجات ملی۔ تحصیلدار چوہدری شفقت محمود نے موقع پر موجود دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو سختی سے ہدایت کی کہ فٹ پاتھ اور سڑک کے کنارے تجاوزات قائم کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات نہ صرف ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بنتی ہیں بلکہ شہریوں کے لیے حادثات کا سبب بھی بنتی ہیں، اس لیے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری رہیں گی۔ شہری حلقوں نے انتظامیہ کی اس بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ تجاوزات کے خاتمے کا یہ سلسلہ مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے تاکہ شہر کو صاف، منظم اور عوام دوست بنایا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق عوامی سہولت اور قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں مستقبل میں بھی جاری رہیں گی۔

آذربائیجان نیول فورسز کے کمانڈر ریئر ایڈمرل شاہین ممدوف نے نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات کی۔

## نیول ہیڈ کوارٹرز آمد پر چیف آف دی نیول اسٹاف نے معزز مہمان کا استقبال کیا

# کے کمانڈر کی نیول ہیڈ کوارٹرز میں چیف آف دی نیول اسٹاف سے ملاقات

**پاک بحریہ کے چاک و چوبند دستے نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا۔ بعدازاں، معزز مہمان نے یادگارِ شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی**

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آذربائیجان نیول فورسز کے کمانڈر، ریئر ایڈمرل شاہین ممدوف نے نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک بحریہ، ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات کی۔ نیول ہیڈکوارٹرز آمد پر چیف آف دی نیول اسٹاف نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ پاک بحریہ کے چاک و چوبند دستے نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا۔ بعدازاں، معزز مہمان نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور نیول ہیڈکوارٹرز کے پرنسپل اسٹاف آفسرز سے ان کا تعارف کرایا گیا۔ بعدازاں سربراہ پاک بحریہ سے ملاقات کے دوران دونوں سربراہان نے باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی میری ٹائم سیکیورٹی کی صورتحال اور تربیت و دفاع کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے موجودہ دوطرفہ دفاعی تعلقات کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے اور مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ معزز مہمان کو پاک بحریہ کے جاری منصوبوں کے بارے میں بریفنگ بھی دی گئی۔ پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات قائم ہیں جن میں قریبی بحری تعاون نمایاں ہے۔ آذربائیجان نیول فورسز کے کمانڈر کے اس دورے سے مجموعی طور پر دونوں ممالک اور بالخصوص دونوں ممالک کی بحریہ کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ ملے گا۔ آذربائیجان نیول فورسز کے کمانڈر ریئر ایڈمرل شاہین ممدوف نے نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات کی۔

### *لیبیا کی عرب مسلح افواج کے ڈپٹی کمانڈران چیف کی نیول ہیڈکوارٹرز میں سربراہ پاک بحریہ سے ملاقات*

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) لیبیا کی عرب مسلح افواج کے ڈپٹی کمانڈران چیف، لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر نے نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک بحریہ، ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات کی۔ نیول ہیڈکوارٹرز آمد پر چیف آف دی نیول اسٹاف نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی میری ٹائم سیکیورٹی کی ابھرتی ہوئی صورتحال اور دفاع و عسکری تربیت کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر نے علاقائی امن اور بحری تحفظ کے لیے پاک بحریہ کے کلیدی کردار کی تعریف کی۔ دونوں رہنماؤں نے موجودہ دوطرفہ دفاعی تعلقات کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے اور مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

## (PPCI) کے زیر اہتمام عہدوں کے انتخاب میں محمد طیب اعوان بھاری اکثریت سے مرکزی نائب صدر منتخب

**محمد طیب اعوان کی کامیابی صحافتی برادری کے اعتماد کا مظہر ہے اور ان کی قیادت میں پاکستان پریس کلب انٹرنیشنل مزید مضبوط اور منظم ہوگا**

اٹک (بیورو رپورٹ) پاکستان پریس کلب انٹرنیشنل (PPCI) کے زیر اہتمام ہونے والے مرکزی عہدوں کے انتخاب میں محمد طیب اعوان کو بھاری اکثریت سے مرکزی نائب صدر منتخب کر لیا گیا۔ ان کی کامیابی پر صحافتی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ مرکزی نائب صدر طیب اعوان، اور دیگر مرکزی قائدین نے محمد طیب اعوان کو منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی اور اس امید کا اظہار کیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے صحافی برادری کے مسائل کے حل اور ادارے کو مزید فعال بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ قائدین کا کہنا تھا کہ محمد طیب اعوان کی کامیابی صحافتی برادری کے اعتماد کا مظہر ہے اور ان کی قیادت میں پاکستان پریس کلب انٹرنیشنل مزید مضبوط اور منظم ہوگا۔ طیب عوان نے تمام مرکزی قائدین کا شکریہ ادا کیا

## درگاہ مقدسہ جلالیہ بھکھی شریف خدمت خلق کا بہترین پلیٹ فارم ہے، اسسٹنٹ کمشنر اسفندیار

**اس تقریب کا مقصد فقرا، غربا اور یتیم بچے اور بیواں کو شب برات کی خوشیوں میں شریک کرنا ہے۔ ڈاکٹر مفتی نوید الحسن مشہدی**

بھکھی شریف (بیورو رپورٹ) جلالیہ ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام شب برات) عید (کے موقع پر ہر سال کی طرح اس سال بھی 100 خاندانوں میں راشن تقسیم کر دیا گیا۔ تقریب کا اہتمام درگاہ مقدسہ جلالیہ بھکھی شریف پر کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ان خیالات کا اظہار درگاہ مقدسہ جلالیہ بھکھی شریف کے سجادہ نشین شیخ الحدیث الحاج ڈاکٹر مفتی پیر سید محمد نوید الحسن شاہ صاحب مشہدی سرپرست اعلیٰ جماعت جلالیہ پاکستان نے کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ درگاہ وہ ہے جہاں پر خدمت خلق کو اولین فریضہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ خدمت خلق کا سلسلہ مشائخ عظام بھکھی شریف سے چلا آ رہا ہے جس میں دن بدن بہاریں ہی بہاریں ہیں۔ کوئی بھی موقع ہو چاہے سیلاب سے متاثرہ علاقے ہوں چاہے زلزلہ سے متاثرہ علاقے ہوں چاہے کرونا جیسی وبا میں افراد گھرے ہوئے ہوں جو بھی موقع ہو یہ درگاہ صف اول میں ہو کر خدمت خلق کا فریضہ سرانجام دیتے ہوئے نظر آتی ہے۔ خدمت خلق سے ہی انسان کو قرب الٰہی میسر ہوتا ہے۔ شب برات کے موقع پر لوگ گھروں میں کھانے میں میٹھا شامل کرتے ہیں اس لئے ان بے سہارا فقرا غربا مساکین یتیم بچے اور بیواں میں راشن تقسیم کیا گیا تاکہ یہ لوگ بھی آسانی سے اپنے کھانے میں یہ چیزیں شامل کر سکیں۔

ریڈیو پاکستان کے مہدی حسن آڈیٹوریم میں منعقدہ "شام قلندر" کے اختتام پر ایوارڈز اور اعزازات تقسیم کرنے کی تقریب

## ریڈیو پاکستان کے مہدی حسن آڈیٹوریم میں منعقدہ "شام قلندر" کے اختتام پر ایوارڈز اور اعزازات تقسیم کرنے کی تقریب

# حضرت لال شہباز قلندر نے عشق، رواداری اور خدمت خلق کا درس دیا، سید قمر رضا نقوی

**ہم اگر اولیا کی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنا لیں تو معاشرے سے آدھے مسائل ختم ہو جائیں گے**

اسلام آباد) پ ر (اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کے چیئرمین سید قمر رضا نقوی نے کہا ہے کہ حضرت لال شہباز قلندر نے عشق، رواداری اور خدمت خلق کا درس دیا ہے۔ ہم اگر اولیا کی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنا لیں تو معاشرے سے آدھے مسائل ختم ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پریس کلب اور روزنامہ صدائے سچ کے اشتراک سے ریڈیو پاکستان کے مہدی حسن آڈیٹوریم میں منعقدہ "شام قلندر" کے اختتام پر ملک بھر سے مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کارکردگی کے حامل افراد میں ایوارڈز اور اعزازات تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب میں کیا۔ قبل ازیں قوالی کا آغاز جواد علی ملنگ اور بخت علی ڈھڈیال نے کیا جسے پاکستان کے معروف قوال عارف فیروز خان نے اپنے مخصوص انداز میں قوالی سے بام عروج تک پہنچاتے ہوئے محفل کو روحانی سوز و گداز سے بھر دیا۔ ان کے کلام سے متاثر ہو کر حاضرین کی بڑی تعداد آبدیدہ ہو گئی۔ مہمان خصوصی چیئرمین او پی ایف نے کہا کہ عارف فیروز خان قوال جیسی شخصیات ہمارا قومی فخر ہیں جنہوں نے دلوں میں اسلام کی روشنی پھیلائی اور کئی غیر مسلموں کو اسلام سے روشناس کروایا جبکہ تقریب میں موجود مختلف شعبہ ہائے زندگی میں پوری دنیا میں کامیابی کے جھنڈے گاڑنے والی شخصیات کو دیئے جانے والے ایوارڈز محض اعزاز نہیں ہیں بلکہ پوری قوم کے مشعل راہ ہیں جو ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ خدمت اور لگن ہی حقیقی کامیابی ہے۔ چیف ایڈیٹر روزنامہ صدائے سچ، سید تبسم عباس شاہ اور صدر نیشنل پریس کلب، اظہر جتوئی نے تمام شرکا کو خوش آمدید کہا۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات اور ماہرین نے شرکت کی۔ محفل کے مہمانان خصوصی میں چیئرمین اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن سید قمر رضا نقوی، وزیراعظم کے فوکل پرسن برائے یوتھ پروگرام سید ذیشان علی نقوی شامل تھے۔ ایوارڈز کے موقع پر مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کو اعزازات سے نوازا گیا جن میں عارف فیروز خان قوال کو اسلام کا حقیقی پیغام غیر مسلموں تک پہنچا کر انہیں مشرف بہ اسلام کرنے پر "سفیر مودت" کے اعزاز سے نوازا گیا، سو سے زیادہ کتابوں کے مصنف، آئل اینڈ گیس کی متعدد ذخائر دریافت کرنے والے ماہر جیالوجسٹ ڈاکٹر رفیق الحسن باقری، کشمیر، گلگت اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے لاکھوں افراد کو دائرہ اسلام میں داخل کرنے والی شخصیت حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانی شاہ ہمدان ہر ٹمل یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کرنے والے ریسرچ سکالر ڈاکٹر حسین احمد، دنیا بھر میں الرجی پر تحقیق، جدید ترین ویکسین اور ادویات ایجاد کرنے کی بدولت پاکستان کا نام روشن کرنے والے ڈاکٹر شاہد عباس، وفاقی دارالحکومت میں معیار تعلیم اور سرکاری تعلیمی اداروں کے نتائج کو بہترین کرنے والے ماہر تعلیم ڈاکٹر علی احمد کھرل) سابق ڈائریکٹر جنرل وفاقی نظامت تعلیم (، پاکستان اور پاکستان سے باہر ماحولیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے آگاہی کا فریضہ ادا کرنے والے لکھاری چوہدری محمد ارشد، پاکستان اور بیرون ملک میں سپورٹس کے شعبے میں گراں قدر خدمات پر راجہ ہارون حفیظ، نواسہ رسول کی ولادت کے حوالے سے پاکستان کی سب سے بڑی تقریب منعقد کرنے والی کاروباری شخصیت چوہدری فرخ رضا کو اعزازات سے نوازا گیا

آذربائیجان نیول فورسز کے کمانڈر ریئر ایڈمرل شاہین ممدوف کو نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد پہنچنے پر گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے۔

## وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلا تعطل پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، محمد علی رندھاو

# چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی زیر صدارت شاہدرہ ڈیم منصوبے کے حوالے سے اجلاس

**سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ڈائریکٹر جنرل اسلام آباد واٹر، ڈپٹی کمشنر سی ڈی اے اور اسلام آباد واٹر کے سینئر افسران نے شرکت کی**

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت شاہدرہ ڈیم منصوبے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ جسمیں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ڈائریکٹر جنرل اسلام آباد واٹر، ڈپٹی کمشنر سی ڈی اے اور اسلام آباد واٹر کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ متعلقہ افسران نے چیئرمین سی ڈی اے کو واٹر مینجمنٹ منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ واپڈا نے شاہدرہ ڈیم منصوبے کی فیزیبلٹی اسٹڈی کا عمل مکمل کر لیا ہے اور اس منصوبے کی مکمل فیزیبلٹی رپورٹ سی ڈی اے کیساتھ شیئر کر دی گئی ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ فیزیبلٹی رپورٹ میں ڈیم کیلئے اراضی کا حصول، پانی کی ترسیل، واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ سمیت دیگر ابتدائی تخمینے تیار کر لئے گئے ہیں۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ شاہدرہ ڈیم میں 125 ایکٹر رقبے پر پانی کو ذخیرہ کرنے کی گنجائش ہوگی۔ اسی طرح یہ منصوبہ اسلام آباد کے شہریوں کو یومیہ 10 ملین گیلن پانی فراہم کرنے کی صلاحیت رکھے گا۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ شاہدرہ ڈیم منصوبے کی فیزیبلٹی رپورٹ کی تکمیل کیساتھ ہی تفصیلی ڈیزائن پر کام کا آغاز کیا جائیگا۔ بریفنگ دیتے ہوئے مزید بتایا گیا کہ اس منصوبے کا پی سی-ون تیاری کے بعد منظوری کیلئے جلد پیش کیا جائیگا۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ ڈیم کی اراضی کے حصول سے قبل سپارکو سے باقاعدہ سروے کرایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اراضی کے حصول سے متعلق تمام معاملات کو شفافیت اور قانونی تقاضوں کے مطابق حل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبے کی فیزیبلٹی رپورٹ اور تفصیلی ڈیزائن کو منظوری کیلئے جڑواں شہروں کے پانی کے مسائل حل کرنے کیلئے قائم کمیٹی کے سامنے پیش کیا جائے۔ علاوہ ازیں، اجلاس میں دوتارہ ڈیم منصوبے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دوتارہ ڈیم منصوبے کی فیزیبلٹی رپورٹ پر کام جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ یہ منصوبے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پانی کی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کرینگے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلا تعطل پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

## شہدائے بہادر کے لیے ترقیاتی فنڈز کی فراہمی پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے شکر گزار ہیں ملک عادل شہزاد، ملک طفیل

**علاقے کی ترقی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے این اے پچاس کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے**

فتح جنگ (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی جانب سے شہرائے بہادر و ڈھوک مونڈ تحصیل فتح جنگ میں ترقیاتی فنڈز کی فراہمی پر اہلیان شہرائے بہادر و اہلیان ڈھوک مونڈ سابق کونسلر ملک طفیل اور ملک عادل شہزاد نے اظہار تشکر کا اظہار کیا تفصیلات کے مطابق فتح جنگ کے نواحی گاں شہرائے بہادر اور ڈھوک مونڈ میں صاحبزادہ گورنر و امیدوار قومی اسمبلی سردار فیضان حیدر خان کی خصوصی دلچسپی سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ترقیاتی کاموں کی مد میں خطیر رقم فراہم کی جس پر اہلیان شہرائے بہادر ملک عادل شہزاد، ملک طفیل، حاجی ملک اعجاز، ملک سرفراز ملک شفقت اور اہلیان ڈھوک مونڈ ملک فاروق اور ملک الطاف و دیگر نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اور صاحبزادہ گورنر سردار فیضان حیدر خان کا خصوصی شکریہ ادا کیا امیدوار قومی اسمبلی این اے پچاس سردار فیضان حیدر خان کا کہنا ہے کہ علاقے کی ترقی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے این اے پچاس کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے

## پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بڑی کارروائی، ملاوٹی دودھ فروخت کرنے والا ملک کولیکشن سینٹر سیل

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی راولپنڈی نے سرفراز مارکیٹ، النور کالونی میں کارروائی کرتے ہوئے ملاوٹی دودھ فروخت کرنے والے ملک کولیکشن سینٹر کو پکڑ لیا۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مطابق کارروائی کے دوران دودھ کے نمونے حاصل کیے گئے جو لیبارٹری ٹیسٹ میں فیل ہو گئے۔ ترجمان نے بتایا کہ دودھ میں خشک پاؤڈر اور ویجیٹیبل آئل کی ملاوٹ کی جا رہی تھی، جس پر موقع پر ہی تقریباً 700 لیٹر ملاوٹی دودھ تلف کر دیا گیا۔ فوڈ قوانین کی خلاف ورزی پر متعلقہ ملک کولیکشن سینٹر کو سیل کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرا دیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مزید کہنا تھا کہ عوام کو محفوظ اور معیاری دودھ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے صوبے بھر میں ملک کولیکشن سینٹرز کی سیمپلنگ کا عمل جاری ہے۔ شہری کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن 1223 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## حکومتِ پنجاب کی عوام کو معیاری و ارزاں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی اولین ترجیح

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) حکومتِ پنجاب نے عوام کو زندگی کے ہر شعبے میں سہولت فراہم کرنے کے لیے متعدد اقدامات اٹھائے ہیں، جن میں معیاری اور ارزاں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی بھی سرفہرست ترجیحات میں شامل ہے۔ انہی اقدامات کے تسلسل میں ڈپٹی کمشنر کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں اسسٹنٹ کمشنرز نے مختلف بازاروں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران سبزیوں، پھلوں، گوشت، دالوں، آٹا، چینی اور دیگر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو چیک کیا گیا جبکہ سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ان پرائس چیکنگ دوروں کا مقصد عوام الناس کو سرکاری نرخوں پر اشیائے خورد و نوش کی فراہمی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کی اس سلسلے واضح ہیں کہ گرانفروشی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی کے لیے فیلڈ میں نگرانی مزید مؤثر بنائی جائے۔

راولپنڈی۔ اپ کنٹری انکلورز ہاؤسنگ سوسائٹی میں سوئی گیس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر سی ای او اختر مسعود عباسی، شبیر عباسی، میجر) ر (عاصم خورشید، خالد قریشی، اخلاق سندھو و دیگر دعا کر رہے ہیں۔

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت شاہدرہ ڈیم منصوبے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا

## اپ کنٹری انکلو ہاوسنگ سوسائٹی میں سوئی گیس کے میٹر لگانے کی تقریب

**اپ کنٹری انکلو ہاوسنگ سوسائٹی میں سوئی گیس کے میٹر لگانے کی تقریب کا انعقاد ہوا۔ جبکہ مہمان خصوصی سی ای او اختر مسعود عباسی تھے**

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) اپ کنٹری انکلو ہاوسنگ سوسائٹی میں سوئی گیس کے میٹر لگانے کی تقریب کا انعقاد ہوا۔ جبکہ مہمان خصوصی سی ای او اختر مسعود عباسی تھے تقریب میں محمد شبیر عباسی ڈائریکٹر اپ کنٹری۔ جی۔ ایم اپ کنٹری میجر) ر (عاصم خورشد، چیف کوآرڈینیٹر اپ کنٹری خالد قریشی، ڈائریکٹر ارٹیکلچر اخلاق سندھو، سابق جی ایم گیس راجہ افتخار ستی۔ مرزا آصف، عبدالرحمٰن، انچارج بجلی جہانگیر اسلم۔ راجہ اظہار، مرزا رواف، مقامی زمیندار راجہ عمران خالق، محمد شکیل، رفیق بھٹ، حافظ شفیق، سلمان رش ء کے علاوہ ممبران اور رہائشی موجود تھے۔ اختر مسعود عباسی نے یقین دلایا کہ بنیادی ضرورت سوئی گیس تھی آج الحمدللہ پوری ہو گئی ہم نے اہم سنگ میل عبور کیا۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات کے باوجود ممبران اور رئیل اسٹیٹ کے لوگوں نے جس اعتماد کا اظہار کیا اس پر انشااللہ پورا اتر چکے ہیں۔ بنیادی سہولتیں پانی بجلی، گیس، نیاٹل، سی سی ٹی وی کے علاوہ 24/7 سیکورٹی موجود ھے۔ ہماری کوشش ہے کہ ایک آئیڈیل ہاوسنگ پروجیکٹ ہے جہاں مکانات بڑی تیزی بن رہیہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشکل حالات کے باوجود ممبران اور رئیل اسٹیٹ کے لوگوں نے جس اعتماد کا اظہار کیا اس پر انشا اللہ پورا اتر چکے ہیں۔ بنیادی سہولتیں پانی بجلی گیس، نیاٹل، سی سی ٹی وی کے علاوہ 24/7 سیکورٹی موجود ھے۔ ہماری کوشش ہے کہ ایک آئیڈیل ہاوسنگ پروجیکٹ ہے جہاں مکانات بڑی تیزی بن رہیہیں انشااللہ ہماری ٹیم اور انتظامیہ دن رات ممبران کی توقعات کو پورا کریں گے۔ راولپنڈی۔ اپ کنٹری انکلورز ہاوسنگ سوسائٹی میں سوئی گیس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر سی ای او اختر مسعود عباسی، شبیر عباسی، میجر) ر (عاصم خورشید، خالد قریشی، اخلاق سندھو و دیگر دعا کر رہے ہیں۔

## کاروائیوں کے دوران 3223 بجلی چور گرفتار 56 کروڑ سے زائد کے جرمانے

# بجلی چوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے مکمل طور پر متحرک ہیں، چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

**صارفین بجلی چوری کی اطلاع ہلپ لائن نمبر 118 پر کر کے اپنا اخلاقی و قومی فریضہ ادا کریں**

انجینئر چوہدری خالد محمود

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے آئیسکو ریجن میں انسداد بجلی چوری مہم کے بارے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کے ریجن بھر میں بجلی چوروں کے خلاف ایک منظم کریک ڈاؤن تسلسل سے جاری ہے۔ ستمبر 2023 سے جاری کاروائیوں کے دوران 6 ہزار 533 بجلی چوروں کو آئیسکو کی آپریشن، ایم اینڈ ٹی اور سرویلنس ٹیموں نے پکڑا۔ اس قومی جرم میں ملوث افراد کو 56 کروڑ 94 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے اور قانونی کاروائی کے تحت 3 ہزار 223 بجلی چوروں کو پولیس نے گرفتار کیا۔ متعدد ٹرانسفارمرز اور میٹر منقطع کر دیے گئے۔ انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا کے بجلی چوروں کے خلاف کاروائیوں سے نہ صرف لائن لاسز میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے بلکہ ایک بڑی رقم قومی خزانے میں بھی جمع کروائی گئی ہے۔ متعدد ٹرانسفارمرز اور میٹر منقطع کر دیے گئے۔ انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا کے بجلی چوروں کے خلاف کاروائیوں سے نہ صرف لائن لاسز میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے بلکہ ایک بڑی رقم قومی خزانے میں بھی جمع کروائی گئی ہے اور انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھیں گے اور صارفین بجلی چوری کی اطلاع ہلپ لائن نمبر 118 پر کر کے اپنا اخلاقی و قومی فریضہ ادا کریں۔

## ویک اینڈ پر برفباری سے لطف اندوز ہونے کے لیے ملک کے مختلف شہروں سے سیاحوں کا بے پناہ رش مری پہنچ گیا

**لاکھوں کی تعداد میں آنے والے سیاحوں کے باعث شہر اور گرد و نواح میں ٹریفک کا شدید دباؤ دیکھنے میں آیا**

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ویک اینڈ پر برفباری سے لطف اندوز ہونے کے لیے ملک کے مختلف شہروں سے سیاحوں کا بے پناہ رش مری پہنچ گیا۔ لاکھوں کی تعداد میں آنے والے سیاحوں کے باعث شہر اور گرد و نواح میں ٹریفک کا شدید دباؤ دیکھنے میں آیا تاہم سٹی ٹریفک پولیس مری کی جانب سے بروقت اور مؤثر انتظامات کے باعث ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھا گیا۔ چیف ٹریفک آفیسر مری عمران رزاق کی براہِ راست نگرانی میں ٹریفک کنٹرول کیا جا رہا ہے، جبکہ ڈی ایس پی ٹریفک مری غازی سہیل شہزاد ٹریفک سٹاف کے ہمراہ ٹھنڈا جنگل سمیت دیگر اہم مقامات پر خود فیلڈ میں موجود رہے اور صورتحال کی مانیٹرنگ کرتے رہے۔ سخت موسمی حالات اور شدید سردی کے باوجود ٹریفک وارڈنز نے فرض شناسی اور مستعدی کے ساتھ اپنی ڈیوٹیاں انجام دیں اور ٹریفک کو رواں دواں رکھا۔ سٹی ٹریفک پولیس مری کی جانب سے شہر میں داخلے اور داخلی راستوں پر اضافی نفری تعینات کی گئی تاکہ کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچا جا سکے۔ ترجمان ٹریفک پولیس مری نے سیاحوں سے اپیل کی ہے کہ دورانِ برفباری لین لائن کی سختی سے پابندی کریں، کسی بھی صورت ڈبل لائن نہ بنائیں اور ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے سے گریز کریں۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ سڑکوں پر گاڑیاں کھڑی کر کے سیلفیاں بنانے سے اجتناب کریں، ون وے کی خلاف ورزی نہ کریں اور اپنی و دوسروں کی جان کو خطرے میں نہ ڈالیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پوائنٹس پر تعینات ٹریفک وارڈنز اور افسران کی ہدایات پر مکمل عملدرآمد کریں، کیونکہ ٹریفک پولیس کی ہدایات پر عمل ہی محفوظ سفر اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کی ضمانت ہے۔

## جناب غازی فیصل سلیم نے اہلکاروں کو شاندار کارکردگی کے اعتراف میں تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا

**غازی فیصل سلیم نے پی ایچ پی پوسٹ غوثیہ چوک، ضلع راولپنڈی کے شفٹ انچارج کو خصوصی طور پر سراہا**

تلہ گنگ (بیورو رپورٹ) جناب غازی فیصل سلیم نے پی ایچ پی پوسٹ غوثیہ چوک، ضلع راولپنڈی کے شفٹ انچارج اور شفٹ کے دیگر اہلکاروں کو ریجنل آفس میں ان کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں انہیں تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعامات سے نوازا۔ مورخہ 26-01-2026 کو دورانِ ڈیوٹی بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کرنے اور اس کے قبضے سے 01 عدد کلاشنکوف اور 10 عدد روند برآمد کرنے پر دیے گئے۔ بعدازاں ملزم بمعہ اسلحہ تھانہ مندرہ، ضلع راولپنڈی کے حوالے کیا گیا۔

منڈی بہاؤالدین، درگاہ مقدسہ جلالیہ بھکھی شریف ڈاکٹر مفتی نوید الحسن مشہدی جلالیہ ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام 100 خاندانوں میں راشن تقسیم کر رہے ہیں جبکہ دوسری تقریب کے دعا کر رہے ہیں

وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی زیر صدارت 86 نئے زیارات گروپ آرگنائزرز کو سرٹیفکیٹس کے اجرا کی تقریب منعقد ہوئی

## کمپنیوں کی مؤثر مانیٹرنگ کے لیے این آئی ٹی بی کے تعاون سے ڈیجیٹل نظام متعارف کرایا جا رہا ہے

# وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی زیر صدارت 86 نئے زیارات گروپ آرگنائزرز کو سرٹیفکیٹس کے اجرا کی تقریب منعقد ہوئی

**وفاقی وزیر نے نئے نظام کے بروقت اجرا پر وفاقی سیکرٹری ڈاکٹر ساجد چوہان اور شعبہ زیارات کی کاوشوں کو سراہا**

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی زیر صدارت 86 نئے زیارات گروپ آرگنائزرز کو سرٹیفکیٹس کے اجرا کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے بتایا کہ وزارت سے رجسٹرڈ زیارات گروپ آرگنائزرز کی مجموعی تعداد 260 ہو گئی ہے، جبکہ تمام مجاز کمپنیوں کی فہرست وزارت کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ حکومتی وژن کے مطابق ایران اور عراق کی زیارات کو مربوط اور منظم بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، اور وزارت خارجہ کے ذریعے سفارتخانوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ صرف مجاز کمپنیوں کو ویزے جاری کیے جائیں۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی زیر صدارت 86 نئے زیارات گروپ آرگنائزرز کو سرٹیفکیٹس کے اجرا کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے بتایا کہ وزارت سے رجسٹرڈ زیارات گروپ آرگنائزرز کی مجموعی تعداد 260 ہو گئی ہے، جبکہ تمام مجاز کمپنیوں کی فہرست وزارت کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ حکومتی وژن کے مطابق ایران اور عراق کی زیارات کو مربوط اور منظم بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، اور وزارت خارجہ کے ذریعے سفارتخانوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ صرف مجاز کمپنیوں کو ویزے جاری کیے جائیں۔ انہوں نے نئے رجسٹرڈ آرگنائزرز کو زائرین کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی اور بتایا کہ کمپنیوں کی مؤثر مانیٹرنگ کے لیے این آئی ٹی بی کے تعاون سے ڈیجیٹل نظام متعارف کرایا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے نئے نظام کے بروقت اجرا پر وفاقی سیکرٹری ڈاکٹر ساجد چوہان اور شعبہ زیارات کی کاوشوں کو سراہا۔

لیبیا کی عرب مسلح افواج کے ڈپٹی کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ حفتر نے نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف سے ملاقات کی۔

## آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے

# آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس عارضی بجلی بندش کا شیڈول

**اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔**

اسلام آباد (شاف رپورٹر) آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 04 فروری 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گیا آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 04 فروری 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ 04 فروری 2026 کو صبح 09:00 بجے سے دوپہر 02:00 بجے تک اسلام آباد سرکل کے، این آئی ایچ، ٹی اینڈ ٹی، بھارہ کہو-1، بھارہ کہو-2، ٹریٹ، گالف سٹی، پارک ویو اور اتھل فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل میں صبح 07:00 بجے سے شام 06:00 بجے تک، کہوٹہ سٹی-1 اور لہتراڑ-1 فیڈرز، اٹک سرکل میں صبح 09:00 بجے سے شام 04:00 بجے تک، بھرمہ فیڈرز، جی ایس او سرکل میں صبح 09:00 بجے سے شام 04:00 بجے تک، 132 کے وی گرڈ اسٹیشن نیو واہ (کسی علاقے کی بجلی بند نہیں ہوگی)، صبح 10:00 بجے سے دوپہر 02:00 بجے تک، 132 کے وی گرڈ اسٹیشن گوجر خان (کسی علاقے کی بجلی بند نہیں ہوگی) اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

Sports

# کھیل کھلاڑی

## دنیائے فٹبال کے نامور کھلاڑی 72 برس کی عمر میں چل بسے

### 1979 اور 1980 میں اپنی ٹیم کو تاریخی کامیابی دلوانے والے عظیم کھلاڑی ہمیشہ کیلیے مداحوں کو اداس چھوڑ گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آج ہی میسی کو دنیا کا موجودہ صدی میں سب سے عظیم کھلاڑی قرار دیا گیا ہے اور آج ہی کے دن دنیائے فٹبال سے ایک افسوس ناک خبر بھی سامنے آئی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق نوٹنگھم فاریسٹ اور اسکاٹ لینڈ کے سابق ونگر جان رابرٹسن طویل علالت کے بعد 72 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ لیجنڈری کھلاڑی کے انتقال کی تصدیق ان کے اہل خانہ کی جانب سے نوٹنگھم فاریسٹ کے ذریعے جاری کیے گئے بیان میں کی گئی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جان رابرٹسن کرسمس کی صبح اپنی اہلیہ اور اہل خانہ کی موجودگی میں پُرسکون حالت میں انتقال کر گئے۔ اہل خانہ نے کہا کہ اگرچہ ان کا غم ناقابلِ بیان ہے مگر انہیں اس بات کا سکون ہے کہ اب ان کی تکلیفیں ختم ہو چکی ہیں اور وہ اپنی مرحوم بیٹی جیسیکا سے جا ملے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ فٹبال کی دنیا میں وہ ایک عظیم ہیرو تھے مگر خاندان کے لیے ایک محبت کرنے والے شوہر، والد اور دادا تھے۔ جان رابرٹسن نے اپنے کیریئر کا آغاز اور اختتام نوٹنگھم فاریسٹ سے کیا، جبکہ اس دوران انہوں نے مقامی حریف ڈربی کاؤنٹی کے لیے بھی کھیلنے کا تجربہ حاصل کیا۔ وہ فاریسٹ کی تاریخ کے سنہری دور کا لازمی حصہ رہے اور 1979 اور 1980 میں یورپی کپ جیتنے والی ٹیم میں مرکزی کردار ادا کیا۔ 1979 کے یورپی کپ فائنل میں سویڈن کے کلب مالمو کے خلاف واحد گول کے لیے ٹریور فرانسس کو کراس فراہم کرنا جان رابرٹسن ہی کا کارنامہ تھا۔ ایک سال بعد میڈرڈ میں کھیلے گئے فائنل میں انہوں نے ہیمبرگ کے خلاف فیصلہ کن گول کر کے نوٹنگھم فاریسٹ کو مسلسل دوسری مرتبہ یورپی چیمپئن بنوانے میں اہم کردار ادا کیا۔ مسلسل 5 سال میں جان رابرٹسن نے اسکاٹ لینڈ کی نمائندگی کرتے ہوئے 28 میچز کھیلے اور دو ورلڈ کپس 1978 اور 1982 میں اسکواڈ کا بھی حصہ رہے۔ فٹبال سے ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے کوچنگ کے شعبے میں بھی نمایاں خدمات سرانجام دیں اور اپنے سابق ساتھی مارٹن اونیل کے ساتھ وائکومب، ناروچ، لیسٹر سٹی، سیلٹک اور آسٹن ولا میں کام کیا۔

## امبانی کا میسی کو گھڑی کا تحفہ: قیمت جان کر آپ کے ہوش اُڑ جائیں گے

### اننت امبانی اپنے پسندیدہ کھلاڑی سے ملنے کا یہ نادر موقع کیسے گنوا سکتے ہیں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) فٹبال کی دنیا کے سپر اسٹار لیونل میسی جہاں بھی جاتے ہیں، سرخیاں خود ان کا پیچھا کرتی ہیں، ایسا ہی کچھ ان کے دورۂ بھارت میں ہوا۔ بھارت کے معروف ارب پتی

[illegible]

بزنس مین مکیش امبانی کا خاندان اپنی شاہانہ تقریبات اور تحفے تحائف دینے کے باعث دنیا بھر میں شہرت رکھتا ہے۔ مکیش امبانی کے بیٹے اننت امبانی فٹبال کے دیوانے ہیں اور لیونل میسی ان کے پسندیدہ کھلاڑی ہیں جو آج کل بھارت کے دورے پر ہیں۔ اننت امبانی اپنے پسندیدہ کھلاڑی سے ملنے کا یہ نادر موقع کیسے گنوا سکتے ہیں۔ انہوں نے میسی سے ملاقات کی جو دنیا کی مہنگی ترین ملاقات بن گئی۔ اس ملاقات میں اننت امبانی نے لیونل میسی کو ایک نہایت مہنگی اور نایاب گھڑی تحفے میں دی جس کی قیمت سن کر مداح دنگ رہ گئے۔ لیونل میسی کو تحفے میں دی جانے والی اس گھڑی کی قیمت 13 لاکھ امریکی ڈالر یعنی 36 کروڑ 40 لاکھ روپے ہے۔ یہ گھڑی عام نہیں بلکہ انتہائی محدود ایڈیشن کا حصہ ہے۔ اس ماڈل کے دنیا بھر میں صرف 12 نمونے تیار کیے گئے ہیں۔ اس لگژری گھڑی کی سب سے خاص بات جو اسے سب سے نمایاں بناتی ہے، اس کا بلیک کاربن فائبر کیس اور اسکیلیٹن ڈائل ہے۔ یہ ڈیزائن نہ صرف جدید ٹیکنالوجی کا مظہر ہے بلکہ اسے پہننے والے کی منفرد حیثیت بھی اجاگر کرتا ہے۔

## انڈر 19 ورلڈ کپ: بھارت نے بنگلادیش کو 18 رنز سے شکست دیدی

### بارش سے متاثرہ میچ میں بنگلادیش کی ٹیم 29 ویں اوور میں 146 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) انڈر 19 ورلڈ کپ کے ساتویں میچ میں بھارت نے بنگلادیش کو ڈی ایل میتھڈ کے تحت 18 رنز سے شکست دے دی۔ بلاوایو میں کھیلے گئے میچ میں 49 اوورز میں 239 رنز کا ہدف ڈک ورتھ لوئس کے تحت 29 اوورز میں 165 تک محدود کر دیا گیا۔ جس کے تعاقب میں بنگلادیش کی ٹیم 29 ویں اوور میں 146 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بنگلادیش کی جانب سے عزیز الحکیم 51 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ رفعت بیگ 37، رزان حسین 15، کلام صدیقی 15، شیخ پرویز جبن 7، زواد ابرار 5، سمیع البصیر 2، اقبال حسین ایمان 2، فرید حسن 1 اور الفہد 0 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ ہوئے۔ بھارت کی جانب سے وہان ملہوترا نے 4 وکٹیں حاصل کیں۔ کھلان پٹیل نے 2 جبکہ کنشک چوہان، ہینل پٹیل اور دیپیش دیویندرن نے 1، 1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل بنگلادیش کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بھارت کی ٹیم 49 ویں اوور میں 238 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کی جانب سے ابھیگیان کنڈو اور ویبھو سوریاونشی بالترتیب 80 اور 72 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ کنشک چوہان 28 دیپیش دیویندرن 11، کھلن پٹیل 8، وہان ملہوترا 7، کپتان آیوش مہاترے 6، آر ایس امبرش 5، ہرونش پنگالیا 2 اور ویدنت ترویدی 0 کے اسکور پر آؤٹ ہوئے۔ بنگلادیش کی جانب سے الفہد نے شاندار بولنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 وکٹیں حاصل کیں۔ عزیز الحکیم اور اقبال حسین ایمان نے 2، 2 جبکہ شیخ پرویز جبن نے 1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

## تینوں علی سسٹرز چیک جونیئر اوپن اسکواش 2026 کے فائنل فور میں پہنچ گئیں

### پیراگ میں ورلڈ اسکواش فیڈریشن کے جونیئر گولڈ سرکٹ میں پاکستان کی علی سسٹرز نے فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پشاور سے تعلق رکھنے والی تینوں علی سسٹرز نے چیک جونیئر اوپن 2026 سیمی فائنل میں رسائی حاصل کر لی۔ ماہ نور علی نے گرلز انڈر 15 ایونٹ میں فرانس کی ایلیا گروسی کو کسی دقت کے بغیر 0-3 شکست دے کر سیمی فائنل میں کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا، ان کی بڑی بہن سحرش علی نے اسی ایونٹ میں سوئزرلینڈ کی مایا کو کوئی گیم ہارے بغیر مات دے کر فائنل فور میں قدم رکھا۔ علی سسٹرز میں سب سے بڑی مہوش علی نے گرلز انڈر 17 ایونٹ میں پولینڈ کی ہانا روبیل کو 0-3 شکست دے کر سیمی فائنل میں کھیلنے کی راہ ہموار کر لی۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق پیراگ میں ورلڈ اسکواش فیڈریشن کے جونیئر گولڈ سرکٹ میں پاکستان کی علی سسٹرز نے فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا اور فائنل فور میں پہنچ گئیں۔

## ایشیا کپ: پاک یو اے ای میچ کے دوران امپائر زخمی ہو کر میدان سے باہر چلے گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور یو اے ای کے درمیان ایشیا کپ میچ میں امپائر زخمی ہو کر میدان سے باہر چلے گئے۔ یو اے ای کی اننگز کے چھٹے اوور میں پاکستانی وکٹ کیپر محمد حارث نے گیند بولر صائم ایوب کی جانب اچھالی جو سری لنکن امپائر روچیرا پالیاگروگے کے جا لگی۔ فزیو نے میدان میں آ کر ان کا معائنہ کیا اس دوران میچ کچھ دیر تک رکا رہا۔ امپائر میچ چھوڑ کر میدان سے باہر چلے گئے، ان کی جگہ ریزرو امپائر غازی سہیل نے میچ میں فرائض نبھائے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے یو اے ای کو 41 رنز سے شکست دے کر سپر فور مرحلے میں رسائی حاصل کر لی ہے۔

## میچ ریفری کو ہٹایا جائے، پی سی بی نے آئی سی سی کو ایک اور خط لکھ دیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو میچ ریفری کی تبدیلی سے متعلق ایک اور خط لکھ دیا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی نے آئی سی سی کو میچ ریفری تبدیل کرنے کا مطالبہ تسلیم نہ کرنے پر جوابی خط میں بھی سخت مؤقف اختیار کیا اور میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کے خلاف ایکشن نہ لینے کے فیصلے کو مسترد کر دیا۔ پی سی بی نے میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کو ہٹانے کا اپنا اصولی مطالبہ پھر دہرا دیا ہے جس کے بعد پاکستان اور یو اے ای کے درمیان آج طے شدہ میچ کے انعقاد پر شکوک وشبہات برقرار ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی اینڈی پائیکرافٹ کو نہ ہٹائے جانے پر ایشیا کپ کے باقی میچز کا بائیکاٹ کرنے کے موقف پر قائم ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے متنازع ریفری کیخلاف آئی سی سی انکوائری کو بھی رسمی کارروائی قرار دیا گیا ہے، انکوائری کے لیے تمام پہلوؤں کا نہ جائزہ لیا گیا اور نہ متعلقہ لوگوں سے رابطہ کیا گیا۔

## ایشیا کپ تنازع: محسن نقوی کی سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایشیا کپ میں پاک- بھارت میچ کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال پر سابق پی سی بی چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت کر لی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا کو مشاورت کے لیے ہیڈ آفس آنے کی دعوت دی جہاں ایشیا کپ میں پیدا ہونے والے تنازع پر مشاورت کی گئی۔ مزید بتایا گیا کہ اس حوالے سے مشاورت کا عمل حتمی مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ اس دوران دبئی میں قومی ٹیم کو ہوٹل سے گراؤنڈ بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا اور ٹیم اسٹیڈیم کے لیے روانہ ہو گئی۔

## پاکستانی کھلاڑی مہوش علی حریف کھلاڑی سے ٹکرا کر شدید زخمی

### مہوش علی کی حالت اب تسلی بخش ہے، والد کی جلد صحت یابی کے لیے دعاؤں کی اپیل

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کی معروف اسکواش کھلاڑی مہوش علی چیک جونیئر اوپن 2026 کے سیمی فائنل میں حریف کھلاڑی سے ٹکرا کر شدید زخمی ہو گئیں۔ مقامی اسپتال کے آئی سی یو وارڈ میں زیر علاج مہوش علی کی حالت قدرے بہتر ہے، اہل خانہ نے قوم سے دعاؤں کی اپیل کر دی۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق پیراگ میں ورلڈ اسکواش فیڈریشن کے جونیئر گولڈ سرکٹ میں پاکستان کی علی سسٹرز میں سب سے بڑی مہوش علی گرلز انڈر 17 ایونٹ کے سیمی فائنل میں مقابلے کے دوران شدید زخمی ہو گئیں۔ میچ میں 1-2 کی سبقت پانے والی مہوش علی چوتھے گیم میں اپنی حریف سے ٹکرا گئیں، تکلیف کی شدت کے باعث مہوش علی بہت دیر تک کورٹ میں بے سدھ پڑی رہیں، بعد ازاں مہوش علی کو ضروری طبی امداد کے لیے مقامی اسپتال پہنچایا گیا۔ مہوش علی کے والد اور کوچ عارف علی کے مطابق قومی ویمن جونیئر کھلاڑی کی حالت اب تسلی بخش ہے لیکن قوم ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرے۔ مہوش علی نے پولینڈ کی ہانا روبیل کو 0-3 شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی تھی، دوسری جانب پشاور سے تعلق رکھنے والی علی سسٹرز میں منجھلی بہن سحرش علی گرلز انڈر 15 ایونٹ کے سیمی فائنل میں سیڈ 2 چیک کھلاڑی جوہا ناری ہا کو اسے مات کھا گئیں، اب وہ برانز میڈل کے لیے جستجو کریں گی۔

## پاک آسٹریلیا ٹی ٹوئنٹی سیریز، سستے ترین ٹکٹس کب سے دستیاب ہوں گے

### سیریز کا پہلا میچ 29 جنوری، دوسرا میچ 31 جنوری اور تیسرا میچ یکم فروری کو کھیلا جائے گا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان تین میچز پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سیریز کے ٹکٹس کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق ٹکٹوں کی آن لائن فروخت جمعہ 16 جنوری سے شروع ہوگی۔ آن لائن ٹکٹس pcb.tcs.com.pk پر حاصل کیے جا سکیں گے۔ فیزیکل ٹکٹیں 19 جنوری بروز پیر سے ملک بھر کے ٹی سی ایس سینٹرز پر دستیاب ہوں گی۔ سیریز کا پہلا میچ 29 جنوری، دوسرا میچ 31 جنوری اور تیسرا میچ یکم فروری کو کھیلا جائے گا۔ تینوں ٹی ٹوئنٹی میچز قذافی سٹیڈیم لاہور میں شام 6 بجے شروع ہوں گے۔ پہلے میچ کی وی آئی پی انکلوژرز کی ٹکٹ 800 روپے جبکہ باقی دونوں میں 1000 روپے کی ہوگی۔ پریمیم انکلوژرز کا ریٹ پہلے میچ میں 600 روپے ہوگا جبکہ دوسرے اور تیسرے میچ میں 700 روپے میں خریدا جا سکتا ہے۔ اقبال اینڈ وی آئی پی ٹکٹ کی قیمت 1500 اور 2000 روپے مقرر کی گئی جبکہ جناح اینڈ وی آئی پی کا ٹکٹ 2000 اور آخری دو میچوں میں 2500 روپے کا ہوگا۔

Showbiz

# رونق میلہ

## ماہرہ برقع پہنے گی تو ڈانس کیسے کرے گی

### میرے جیسے لوگوں کی بدولت آج خواتین کو اپنی پسند کے مطابق زندگی گزارنے کا اختیار حاصل ہے، جواد احمد

لاہور (شوبز رپورٹر) گلوکار اور سماجی کارکن جواد احمد خواتین کے پردے سے متعلق متنازع بیان دینے پر شدید تنقید کی زد میں آ گئے۔ تفصیلات کے مطابق جواد احمد حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ کے دوران اس وقت خبروں کی زینت بن گئے جب ان کی ایک خاتون سامع سے تلخ کلامی ہو گئی۔ مبینہ طور پر خاتون نے جواد احمد پر تنقید کی جس پر انہوں نے سخت ردِعمل دیتے ہوئے کہا کہ تنقید کرنے سے پہلے اپنے طرزِ عمل پر بھی نظر ڈالنی چاہیے۔ جواد احمد نے کہا کہ ان جیسے لوگوں کی جدوجہد کی بدولت آج خواتین کو اپنی پسند کے مطابق زندگی گزارنے کا اختیار حاصل ہے۔

## استاد امانت علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 51 برس گزر گئے

لاہور (شوبز رپورٹر) برصغیر کے عظیم کلاسیکل گلوکار اور پٹیالہ گھرانے کے معروف فنکار اُستاد امانت علی خان کو دنیا سے رخصت ہوئے 51 برس بیت چکے ہیں، مگر ان کی گائی ہوئی غزلیں اور نغمے آج بھی سامعین کے دلوں کو چھو لیتے ہیں۔ 1922 میں ہوشیار پور (برصغیر) میں پیدا ہونے والے امانت علی خان نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد اُستاد اختر حسین خان سے حاصل کی۔ وہ پٹیالہ گھرانے کے بانی علی بخش جرنیل کے پوتے اور اُستاد فتح علی خان کے بھائی تھے۔ ان دونوں بھائیوں نے ایک ساتھ پرفارمنس دے کر بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔ قیام پاکستان کے بعد امانت علی خان لاہور منتقل ہوئے اور ریڈیو پاکستان سے وابستہ ہو گئے، جہاں انہوں نے کلاسیکل و نیم کلاسیکی گائیکی میں منفرد مقام حاصل کیا۔ ان کے معروف گیتوں میں 'ہونٹوں پہ کبھی ان کے میرا نام ہی آئے'، 'چاند میری زمیں پھول میرا وطن' اور 'یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے' شامل ہیں۔

## ڈرامے میں ٹرانس جینڈر کا کردار، ماریہ بی کو اعتراض کیوں

### ماریہ بی اس سے قبل بھی کئی بار ٹرانس جینڈرز اور ایل جی بی ٹی سے متعلق مواد پر کھل کر بات کر چکی ہیں

لاہور (شوبز رپورٹر) فیشن ڈیزائنر ماریہ بی نے ایک بار پھر پاکستانی ڈراموں میں ٹرانس جینڈر کرداروں کی پیشکش پر سخت ردعمل دیا ہے۔ حال ہی میں انہوں نے ڈرامہ "میری زندگی ہے تو" کی ٹیم کو تنقید کا نشانہ بنایا اور الزام عائد کیا کہ ڈراموں کے ذریعے خاموشی سے ایل جی بی ٹی کی سوچ کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ ماریہ بی نے اپنے ایک ویڈیو بیان میں ڈرامے کی قسط 19 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا "معیز بیٹا کیا یہ تم ہو؟" انہوں نے کہا کہ ایک گرلز کالج کے سین میں ایک ایسا کردار دکھایا گیا جو بائیولوجیکلی مرد ہے لیکن خواتین کے درمیان موجود ہے، جس پر انہیں شدید اعتراض ہے۔ ماریہ بی کے مطابق یہ ایک "چالاکی" تھی اور ڈرامہ سازوں نے سمجھا کہ عوام اس بات کو نوٹس نہیں کریں گے، مگر پاکستانی قوم نے یہ بات فوراً پہچان لی۔ اپنے ویڈیو پیغام میں ماریہ بی نے سوال اٹھایا کہ کیا ڈرامہ سازوں کے پاس خواتین اداکاراؤں کی کمی تھی یا وہ جانتے بوجھتے ایک بائیولوجیکل مرد کو خواتین کی جگہ میں لے آئے؟ انہوں نے کہا کہ اس طرح خواتین کے حقوق متاثر ہو رہے ہیں اور اداکاراؤں کے روزگار کو بھی خطرہ لاحق ہے۔ ماریہ بی نے مزید کہا کہ دنیا کے مختلف ممالک، خصوصاً امریکا میں، اس حوالے سے سنگین واقعات سامنے آ چکے ہیں، اس لیے ایسے موضوعات کو معمول بنا کر پیش کرنا خطرناک ہے۔

## 'دی لائن کنگ' اور 'الہٰ دین' کے مداحوں کیلیے افسوسناک خبر سامنے آ گئی

### 1994 میں دی لائن کنگ کی مشترکہ ہدایت کاری نے راجر ایلرز کو عالمی شہرت دلائی

لاہور (شوبز رپورٹر) ڈزنی کے معروف اینیمیٹر، ہدایت کار اور کہانی نویس راجر ایلرز 76 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ راجر ایلرز کے انتقال سے عالمی اینیمیشن انڈسٹری ایک ایسے تخلیق کار سے محروم ہو گئی ہے جس کے کام نے کروڑوں ناظرین کے بچپن کی یادوں کو ایک نئی شکل دی۔ ان کی وفات کی تصدیق ان کے قریبی ساتھی اور پروڈیوسر ڈیو بوسرٹ نے کی۔ بوسرٹ کے مطابق وہ چند روز قبل ہی مصر کے سفر کے دوران راجر ایلرز سے ای میل کے ذریعے رابطے میں تھے، جس کے باعث یہ خبر مزید ناقابلِ یقین محسوس ہو رہی ہے۔ انہوں نے راجر ایلرز کو ڈزنی اینیمیشن کے سنہری دور کا مضبوط ستون بھی قرار دیا۔ راجر ایلرز نے اپنے کیریئر کا آغاز 1982 میں فلم ٹرون کے لیے اسٹوری بورڈ آرٹسٹ کے طور پر کیا تھا۔ بعد ازاں انہوں نے اولیور اینڈ کمپنی اور دی لٹل مرمیڈ پر کام کیا، جبکہ بیوٹی اینڈ دی بیسٹ میں ہیڈ آف اسٹوری کی حیثیت سے نمایاں مقام حاصل کیا۔ 1994 میں دی لائن کنگ کی مشترکہ ہدایت کاری نے انہیں عالمی شہرت دلائی۔ ساتھی فنکاروں کے مطابق راجر ایلرز اپنی عاجزی، شفقت اور خوش مزاج شخصیت کے لیے جانے جاتے تھے۔ راجر ایلرز نے دی لائن کنگ، الہٰ دین، دی لٹل مرمیڈ اور بیوٹی اینڈ دی بیسٹ جیسی لازوال فلموں کی تخلیق میں کلیدی کردار ادا کیا۔

## اے آر رحمان نفرت میں اندھے ہو چکے ہیں، کنگنا رناوت

### سیاسی وابستگی کے باعث انڈسٹری میں تعصب کا سامنا رہتا ہے، بھارتی اداکارہ

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ اداکارہ اور رکن پارلیمنٹ کنگنا رناوت اور نامور موسیقار اے آر رحمان کے درمیان ایک نیا تنازع سامنے آ گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کنگنا رناوت نے الزام عائد کیا ہے کہ اے آر رحمان نے نہ صرف ان کی ہدایت کردہ فلم ایمرجنسی کے حوالے سے ان سے ملاقات سے انکار کیا بلکہ اسے پروپیگنڈا فلم بھی قرار دیا۔ کنگنا نے سوشل میڈیا پر اے آر رحمان کا اسکرین شاٹ شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ وہ نفرت میں اندھے ہو چکے ہیں اور انہیں ان پر افسوس ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں سیاسی وابستگی کے باعث انڈسٹری میں تعصب کا سامنا رہتا ہے۔

## 60 کروڑ کے فراڈ کیس میں نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کے ملوث ہونے کا انکشاف

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کی اداکارہ شلپا شیٹی کے شوہر اور بزنس مین راج کندرا 60 کروڑ روپے کے فراڈ کیس میں بھارتی اداکارہ نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کا نام بھی سامنے آ گیا ہے۔ ان دنوں راج کندرا اور اداکارہ شلپا شیٹی 60 کروڑ روپے سے زائد کے فراڈ کیس میں تحقیقات کا سامنا کر رہے ہیں، یہ مقدمہ ان کی سابقہ کمپنی کا ہے جس میں ان کی اہلیہ اداکارہ شلپا شیٹی کے ملوث ہونے کا بھی اشارہ دیا گیا ہے۔ اس ہائی پروفائل کیس کی تفتیش ممبئی پولیس کی اکنامک آفینسز ونگ (EOW) کر رہی ہے جس میں اب نئے انکشافات سامنے آئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راج کندرا نے تحقیقاتی ٹیم کو اپنے نئے بیان میں بتایا ہے کہ کمپنی کے جمع شدہ فنڈز کا ایک بڑا حصہ بنائی جانے والی فلموں اور دیگر پراجیکٹس کی تشہیری مہم پر خرچ کیا گیا، جس میں تقریباً 20 کروڑ بھارتی روپے پروموشن اور دیگر اخراجات پر خرچ کیے گئے۔

## ہالی ووڈ کے ہزار سے زائد فنکاروں کا اسرائیلی فلمی اداروں کا بائیکاٹ

لاہور (شوبز رپورٹر) ہالی ووڈ کے ایک ہزار سے زائد فنکاروں، فلم سازوں اور دیگر تخلیقی شخصیات نے اسرائیلی فلمی اداروں کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق اس اقدام کا مقصد ان اداروں کے ساتھ کسی بھی قسم کا تعاون روکنا ہے جو مبینہ طور پر فلسطینیوں کے خلاف جاری پرتشدد کارروائیوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں شریک ہیں۔ اس بائیکاٹ کا اعلان ایک اجتماعی حلف نامے کے ذریعے کیا گیا ہے جس پر ہالی ووڈ کی معروف شخصیات جیسے کہ آسکر ایوارڈ یافتہ اداکارہ اولیویا کولمین، ہدایتکارہ آوا ڈو ورنے، اداکارہ ٹلڈا اسوئنٹن، مارول فلموں کے اداکار مارک روفیلو، اور ہدایتکار ایڈم مکائے نے دستخط کیے ہیں۔

## جسٹن ٹروڈو اور کیٹی پیری کے تعلقات سے متعلق نیا دعویٰ سامنے آ گیا

لاہور (شوبز رپورٹر) غیر ملکی میڈیا رپورٹ میں دعویٰ سامنے آیا ہے کہ مشہور پاپ گلوکارہ کیٹی پیری اور کینیڈا کے سابق وزیراعظم جسٹن ٹروڈو کے درمیان تعلقات اب بھی قائم ہیں۔ امریکی جریدے Us Weekly کے مطابق کئی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ جولائی کے آخر میں ایک ساتھ ڈنر کرنے کے بعد بھی کیٹی پیری اور جسٹن ٹروڈو رابطے میں ہیں اور ایک دوسرے میں دلچسپی رکھتے ہیں تاہم انہوں نے اس رشتے کو نجی رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دونوں کے درمیان تعلقات ضرور ہیں مگر یہ رشتہ اس وقت 'سنجیدہ' نہیں ہے کیونکہ کیٹی پیری اپنی 'لائف ٹائمز' ٹور میں مصروف ہیں اور جسٹن ٹروڈو کی بھی [illegible] مصروفیات ہیں۔ تاہم ٹروڈو اور گلوکارہ اگلے چند ہفتوں میں ملاقات کر سکتے ہیں جس کی منصوبہ بندی سابق وزیراعظم نے کی ہے کیونکہ تب تک کیٹی کو ٹور سے بریک مل جائے گا۔

## مشہور 23 سالہ انفلوئنسر کی لاپتہ ہونے کے بعد پُراسرار موت

### 23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) میکسیکو کی معروف فیشن انفلوئنسر اور ٹک ٹاک اسٹار ماریان ازاگیرے پراسرار طور پر لاپتہ ہونے کے بعد انتقال کر گئیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ماریان ازاگیرے چند روز قبل پراسرار طور پر لاپتہ ہو گئی تھیں۔ پانچ دن بعد ریاست مشیواکان کے شہر موریلیا کے ایک ہوٹل سے خراب حالت میں بازیاب ہوئی تھیں انہیں بازیابی کے بعد طبی امداد کیلئے فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ دوران علاج جانبر نہ ہو سکیں۔ پولیس کے مطابق 23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں بازیابی کے وقت ٹک ٹاکر انتہائی نازک حالت میں تھیں اور انہیں دماغی مفلوجی (برین فیلئر) کا سامنا تھا، جس کے باعث ان کی موت واقع ہوئی۔ یاد رہے کہ حکام نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے اور ٹک ٹاکر کی موت کی وجوہات جاننے کے لیے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

## گھر ٹوٹنے کا طعنہ، بشریٰ انصاری پر سوشل میڈیا صارفین کی شدید تنقید

### ایونٹ کے دوران بشریٰ انصاری نے جاوید شیخ کی طلاق کے حوالے سے طنز کیا تھا

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان کی سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری اپنے ساتھی اداکار جاوید شیخ پر ذاتی نوعیت کا مذاق کرنے پر سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی نشانہ بن رہی ہیں۔ بشریٰ انصاری نے ایک پریس ایونٹ کے دوران پاکستان شوبز کے سینئر اور لیجنڈری اداکار جاوید شیخ کی ذاتی زندگی اور خاص طور پر ان کی طلاق کے حوالے سے کچھ جملے کہے جو نہ صرف جاوید شیخ کو ناگوار گزرے بلکہ سوشل میڈیا صارفین نے بھی اس تبصرے پر بشریٰ انصاری کو آڑے ہاتھوں لیا۔ یہ واقعہ اُس وقت پیش آیا جب بشریٰ انصاری، جاوید شیخ، بہروز سبزواری، روبینہ اشرف، اور شبیر جان ایک پریس ایونٹ میں شریک تھے۔ ایونٹ کے دوران بشریٰ انصاری نے جاوید شیخ کی ذاتی زندگی، خصوصاً طلاق کے حوالے سے طنزیہ انداز میں بات کی، جو جاوید شیخ کو ناگوار گزری۔ وائرل ویڈیو کلپ میں بشریٰ انصاری کو یہ کہتے سنا جا سکتا ہے کہ "میں جاوید شیخ کے گھر گئی تو انہوں نے مجھے کچھ کھلایا ہی نہیں کیونکہ ان کا کوئی گھر ہی نہیں تھا، وہ گھر میری آنکھوں کے سامنے بنا اور میری آنکھوں کے سامنے ہی ٹوٹ بھی گیا۔" اس پر جاوید شیخ نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے جواب دیا "بشریٰ نے میری ٹوٹی ہوئی شادی پر مذاق کیا۔"

## وہ مشہور اداکارہ کون ہے جسے پہلی ہی فلم سے نکال کر رانی مکھر جی کو کاسٹ کر لیا گیا

### پہلی فلم سے نکالا گیا، کرایہ دینے کے پیسے بھی نہیں تھے، اداکارہ

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کے نواب خاندان کی بیٹی اداکارہ سوہا علی خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں ان کی پہلی ہی فلم سے نکال دیا گیا تھا۔ سیف علی خان کی بہن سوہا علی خان نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ کس طرح انہیں اپنی پہلی فلم پہلی سے نکال دیا گیا تھا، جس کے بعد وہ مالی مشکلات کا شکار ہو گئیں۔ ایک انٹرویو میں سوہا نے بتایا کہ انہوں نے اپنی بینک کی کارپوریٹ ملازمت چھوڑ کر فلم میں کام کرنے کا فیصلہ کیا تھا، حالانکہ اس وقت ان کی تنخواہ اچھی تھی اور وہ لندن میں بسنے کی منصوبہ بندی کر رہی تھیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ ہدایتکار امول پالیکر نے انہیں فلم 'پہیلی' کے لیے کاسٹ کیا تھا، لیکن جب شاہ رخ خان نے فلم میں مرکزی کردار کے طور پر شمولیت اختیار کی تو سوہا کو نکال دیا گیا اور ان کی جگہ رانی مکھر جی کو لے لیا گیا۔ سوہا علی خان کے مطابق انہیں جب اچانک بتایا گیا کہ اب وہ فلم کا حصہ نہیں رہیں گی، تو وہ حیران اور پریشان ہو گئیں کیونکہ ان کے پاس کرایہ ادا کرنے کے بھی پیسے نہیں تھے اور وہ اپنی جاب چھوڑ چکی تھیں۔

**بقیہ 1**

کوایک سال میں 1 ارب ڈالر تک لے جانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ پاکستان اور قازقستان میں مختلف شعبوں میں تعاون کی مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کی تقریب اسلام آباد میں منعقد ہوئی، وزیراعظم شہبازشریف اور صدر قازقستان تقریب میں موجود تھے، دونوں رہنماؤں نے مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کئے۔ پاکستان اور قازقستان کے درمیان کان کنی اور پٹرولیم کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا، دونوں ملکوں کے درمیان اقوام متحدہ کے امن دستوں کے حوالے سے بھی مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ کیا گیا۔ پاکستان اور قازقستان کے درمیان قیدیوں کے تبادلے سے متعلق معاہدے کی دستاویز کا تبادلہ کیا گیا، دونوں ممالک کے درمیان میری ٹائم کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا، ٹرانزٹ ٹریڈ کے معاہدے کی دستاویز کا بھی تبادلہ کیا گیا، دونوں ممالک کے درمیان کسٹم کے شعبے میں تعاون سے متعلق معاہدے کی دستاویز کا بھی تبادلہ ہوا، ریلوے کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت کا بھی تبادلہ کیا گیا۔ پاکستان اور قازقستان کے درمیان پلانٹ پروٹیکشن اور ویٹرنری کے شعبوں میں تعاون اور صحت کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ کیا گیا، دونوں ملکوں کے درمیان مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ترقی کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا۔ اس کے علاوہ اے پی پی اور قازقستان کے سرکاری ٹی وی کے درمیان تعاون کا بھی معاہدہ کیا گیا، موسمیاتی تبدیلی کے شعبے میں تعاون کا بھی معاہدہ ہوا، دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت کا بھی تبادلہ کیا گیا۔ مالیاتی نظم ونسق وبینکنگ کے شعبے میں مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا، دونوں ملکوں کے درمیان ثقافت کے سے میں تعاون کا معاہدہ ہوا، لاجسٹک کے شعبے میں بھی تعاون کے معاہدے کی دستاویز کا تبادلہ کیا گیا، دونوں ملکوں کے درمیان ورچوئل اثاثوں کے شعبے اور بندرگاہوں کے شعبے میں تعاون کی دستاویز کا تبادلہ ہوا۔ مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کو عملی شکل دینے کیلئے پرعزم ہیں: وزیراعظم شہباز شریف دونوں ممالک کے درمیان مختلف معاہدوں کی مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہبازشریف کا کہنا تھا کہ اپنے بھائی صدر قازقستان اور ان کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہیں، دورہ دونوں ممالک کے تعلقات کو نئی جہت دینے کیلئے بہت اہم ہے، قازقستان کے کسی صدر نے 23 سال بعد پاکستان کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر قاسم جومارت توکایوف کے ساتھ تعمیری اور مثبت گفتگو ہوئی، طے پانے والی مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کو عملی شکل دینے کیلئے پرعزم ہیں، معاہدوں کے حقیقت کا روپ دھارنے سے معاشی اور ثقافتی تعاون میں اضافہ ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ میں امن کی بحالی اور تعمیر نو کیلئے بورڈ آف پیس اہم فورم ہے، دعا گو ہوں کہ غزہ میں مستقل امن ہو اور خوشحالی آئے، پاکستان اور قازقستان غزہ بورڈ آف پیس کے بھی رکن ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم میں اضافے کے بہت مواقع ہیں، ایک سال میں دوطرفہ تجارت کو ایک ارب ڈالر تک لے جانے کا ہدف ہے، صدر قازقستان کیلئے نشان پاکستان کا اعزاز قریبی تعلقات کا عکاس ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ مشترکہ کوششوں سے اقتصادی اور تجارتی تعاون کے اہداف حاصل کریں گے، پاکستان اور قازقستان توانائی کے شعبے میں بھی تعاون کو مزید فروغ دے سکتے ہیں، شراکت داری کو فروغ دیتے ہوئے تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ تجارتی ہدف حاصل کرنے کیلئے مل کر آگے بڑھیں گے: صدر قازقستان قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایوف نے کہا کہ شاندار استقبال اور مہمان نوازی پر حکومت پاکستان اور عوام کا مشکور ہوں، پاکستان قازقستان کا قابل اعتماد شراکت دار ہے، دوست ملک پاکستان کے دورے پر بہت خوشی ہوئی، دونوں ممالک مشترکہ اقدار اور روایات کے امین ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مشترکہ اعلامیہ اور معاہدے دوطرفہ تعلقات کے حوالے سے اہمیت کے حامل ہیں، دونوں ممالک کے تعلقات کو مضبوط بنانے میں وزیراعظم شہبازشریف کا کردار اہم ہے، خطے میں امن وامان کیلئے پاکستان کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دفاع کے شعبے میں بھی پاکستان کی ترقی عالمی سطح پر تسلیم کی جاتی ہے، وزیراعظم شہبازشریف کے ساتھ بہت مثبت اور تعمیری بات چیت ہوئی، ایک ارب ڈالر کا تجارتی ہدف حاصل کرنے کیلئے مل کر آگے بڑھیں گے، دونوں ممالک کے درمیان تجارت ومعیشت کے شعبے میں تعاون کو فروغ مل رہا ہے۔ قازقستان کے صدر کا کہنا تھا کہ پاکستان کے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں، وزیراعظم شہبازشریف سے ٹرانزٹ ٹریڈ، کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے استعمال پر گفتگو ہوئی، دونوں ممالک کے درمیان فضائی روابط بھی بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ قاسم جومارت توکایوف نے کہا کہ پیداواری شعبے میں پاکستان کو پروڈکشن پلانٹ لگانے کی دعوت دیتے ہیں، اسلامک فنانس میں بھی پاکستان کا اہم مقام ہے، اسلامک فنانسنگ کے شعبے میں تعاون پر اضافہ چاہتے ہیں، سائنس، تعلیم اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے، بات چیت کے ذریعے مسائل کے حل پر یقین رکھتے ہیں، یہ دورہ دونوں ممالک کے تعلقات میں نئے باب کا آغاز ہے۔ قازقستان کے صدر نے وزیراعظم شہبازشریف کو قازقستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔ قازقستان کے صدر کے اعزاز میں استقبالیہ، گارڈ آف آنر پیش قبل ازیں قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایوف کے اعزاز میں وزیراعظم ہاؤس میں پروقار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جہاں انہیں گارڈ آف آنر بھی پیش کیا گیا۔

**بقیہ 2**

پیغام میں کہا ہے کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی قابض افواج کی جانب سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں عالمی ضمیر کے لیے ایک کھلا چیلنج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے آزادی، حق خود ارادیت اور انصاف کے لیے لازوال قربانیاں دے رہے ہیں۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ اقوام متحدہ کی منظور شدہ قراردادیں آج بھی مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کی واضح بنیاد فراہم کرتی ہیں، مگر افسوس کہ عالمی طاقتیں خاموش تماشائی بنی ہوئی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان ہر عالمی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بن کر بھارتی مظالم کو بے نقاب کرتا رہے گا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا کہنا تھا کہ بھارت طاقت کے زور پر کشمیریوں کی جائز جدوجہد کو دبانا چاہتا ہے، لیکن تاریخ گواہ ہے کہ ظلم وجبر کبھی آزادی کی تحریکوں کو ختم نہیں کر سکا۔ کشمیری عوام کا عزم، حوصلہ اور قربانیاں اس بات کا ثبوت ہیں کہ آزادی کی صبح ضرور طلوع ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یوم کشمیر پر پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور اس عہد کی تجدید کرتی ہے کہ حق خود ارادیت کے حصول تک کشمیریوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھی جائے گی۔

**بقیہ 3**

ساتھ تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ حکومت پاکستان نے 1989-90 کے مہاجرین جموں وکشمیر کیلئے فی کس ماہانہ گزارا الاؤنس 5 ہزار روپے کرنے کا فیصلہ کیا ہے، الاؤنس بڑھانے کا فیصلہ وزیراعظم شہبازشریف کی جانب سے کشمیری عوام کے ساتھ گہری محبت، وابستگی اور غیر متزلزل یکجہتی کا مظہر ہے۔ امیر مقام نے کہا کہ 3 ارب کی لاگت سے 750 رہائشی گھروں کی تعمیر کے پائلٹ پراجیکٹ پر کام جاری ہے، مہاجرین جموں وکشمیر ہمارے دل کے نہایت قریب ہیں، رہائشی منصوبے کیلئے حکومت آزاد جموں وکشمیر نے سرکاری زمین مہیا کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کشمیریوں کی ہرممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔

**بقیہ 4**

کے ذریعے تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور کمبوڈیا کے تاریخی سفارتی تعلقات 1952 سے قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پاکستان کے انتخاب پر کمبوڈیا کی حمایت کو سراہا گیا، آسیان کے ساتھ پاکستان کے روابط میں کمبوڈیا کے کردار کو اہم قرار دیا گیا۔ ملاقات میں پارلیمانی تعاون کے فروغ کے لیے فرینڈشپ گروپس اور کمیٹی تبادلوں پر زور دیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان تجارت، دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، موسمیاتی تبدیلی شعبوں میں مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گندھارا تہذیب سے جڑی بدھ مت وراثت کو ثقافتی روابط کا مضبوط ذریعہ قرار دیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ نے انٹر پارلیمانی اسپیکرز کانفرنس میں کمبوڈیا کی شرکت کا خیر مقدم کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے امن، علاقائی استحکام اور ترقی کے لیے قریبی تعاون کے عزم کا اظہار کیا۔ سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور، سینیٹر عابد شیر علی، ضمیر حسین گھمرو، چیئرمین سینیٹ کی ایڈوائزر محترمہ مصباح کھر بھی ملاقات میں موجود تھے۔

**بقیہ 5**

نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اسی سلسلے میں گریڈ 1 تا گریڈ 15 کی 25 ہزار سے زائد سرکاری آسامیوں کے اشتہارات جاری کر دیے گئے ہیں ان اقدامات کا مقصد صوبے کے نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار کے مواقع فراہم کرنا اور گڈ گورننس کے اصولوں کو مضبوط بنانا ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر وزیراعلیٰ نے بتایا کہ گریڈ 16 اور گریڈ 17 کی 4 ہزار خالی آسامیوں کی سمری باقاعدہ طور پر بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو ارسال کر دی گئی ہے تاکہ شفاف، منصفانہ اور آئینی طریقہ کار کے تحت بھرتیوں کا عمل مکمل کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ جن محکموں میں ٹیسٹ اور انٹرویوز کا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے وہاں جلد از جلد تعیناتی کے احکامات جاری کیے جائیں گے تاکہ امیدواروں کو مزید انتظار کا سامنا نہ کرنا پڑے میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ دیگر محکموں کی خالی آسامیوں پر محکمہ فنانس کے طرز پر آن لائن ٹیسٹنگ سسٹم متعارف کرایا جائے گا جس کے تحت بھرتیاں خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر کی جائیں گی انہوں نے کہا کہ شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتیاں ہی گڈ گورننس کی بنیاد ہیں اور صوبائی حکومت اس اصول پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گی وزیراعلیٰ بلوچستان نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ وہ اپنے وعدے پر قائم ہیں اور بلوچستان کے لوگوں کی کوئی بھی نوکری بیچنے نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے مستقبل سے کسی کو کھیلنے کی اجازت نہیں دے گی اور ہر اہل امیدوار کو اس کا حق میرٹ پر دیا جائے گا۔

**بقیہ 6**

تھے، تاہم امریکی انخلا کے وقت یہ اسلحہ بڑی مقدار میں افغانستان میں چھوڑ دیا گیا۔ افغانستان کی تعمیر نو سے متعلق امریکی ادارے سگار کے سابق سربراہ جان سوپکو کے مطابق امریکی افواج کے انخلا کے دوران تقریباً 3 لاکھ جدید امریکی ہتھیار افغانستان میں موجود تھے۔ سی این این کے مطابق ان ہتھیاروں تک دہشت گرد تنظیموں کی رسائی نے دہشت گرد حملوں کی نوعیت اور شدت میں نمایاں اضافہ کر دیا ہے، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ صورتحال چین، ایران اور پاکستان کیلئے خصوصی طور پر خطرناک سمجھی جا رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے دہشت گرد امریکی ساختہ جدید رائفلز، مشین گنز اور اسنائپر ہتھیار استعمال کر رہے ہیں، دہشت گردوں کے زیر استعمال ہتھیاروں میں M-4، M-16، M-249 مشین گنز، Remington اسنائپر رائفلز اور نائٹ وژن ڈیوائسز شامل ہیں۔ سی این این کے مطابق اگست 2025 میں امریکا نے بی ایل اے کو باضابطہ طور پر دہشت گرد تنظیم قرار دیا تھا۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پاکستانی سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں سے برآمد ہونے والے امریکی مہر لگے ہتھیار سی این این کے نمائندوں کو دکھائے، جنوبی وزیرستان اور بلوچستان میں ہونے والے متعدد دہشت گرد حملوں کے دوران یہی جدید امریکی اسلحہ استعمال ہوا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ امریکی ہتھیاروں اور نائٹ وژن آلات کی دستیابی نے دہشت گردوں کی صلاحیت میں اضافے کا باعث بنی ہے اور یہ اسلحہ دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں میں ایک بڑی رکاوٹ بن چکا ہے، جس سے پاکستان کے سرحدی علاقوں میں سکیورٹی خدشات مزید بڑھ گئے ہیں

**بقیہ 7**

ٹیکنالوجی، ماحولیاتی دبا، پاپولزم اور عوامی عدم اعتماد جیسے پیچیدہ چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں۔ 7ویں سی پی اے ایشیا ریجنل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رضا ربانی نے کہا کہ دنیا بھر میں جمہوری ادارے سیاسی تقسیم، تیز رفتار ٹیکنالوجی، ماحولیاتی دبا، پاپولزم اور عوامی عدم اعتماد جیسے پیچیدہ چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں۔ سندھ اسمبلی اور کراچی کی تاریخی وسیاسی اہمیت کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ شہر ہمیشہ سیاسی شعور اور جمہوری سرگرمیوں کا مرکز رہا ہے، اس لیے ایسی کانفرنس کی میزبانی موزوں ہے۔ انہوں نے موجودہ عالمی رجحان کو پوسٹ آئیڈیالوجی سیاست قرار دیا، جہاں نظریات کے بجائے ٹیکنوکریٹک طرز حکمرانی کو فوقیت دی جا رہی ہے، جس سے عوام خود کو سیاسی عمل سے کٹا ہوا محسوس کرتے ہیں۔ اس خلا کے نتیجے میں پاپولزم ابھرتا ہے جو جذباتی سیاست کو فروغ دیتا ہے اور جمہوری اقدار کو نقصان پہنچاتا ہے۔ مصنوعی ذہانت (AI) کو ایک نیا بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے سابق سینیٹ چیئرمین نے کہا کہ مشینیں انسانی سیاسی دانش، تجربے اور اخلاقی فیصلوں کا متبادل نہیں بن سکتیں۔ انہوں نے زور دیا کہ جمہوریت کا مرکز عوام ہونا چاہئیں، اور یہ تبھی ممکن ہے جب پارلیمان عوامی اعتماد کی مضبوط امین بنیں۔ پارلیمان کو مکالمے، مفاہمت اور تنازعات کے پرامن حل کا مؤثر ذریعہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ تاریخ میں پارلیمان نے امن معاہدوں، آئینی اصلاحات اور ادارہ جاتی ہم آہنگی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کے تناظر میں رضا ربانی نے کہا کہ پارلیمانی بالادستی کی بحالی ہی امن، استحکام اور جمہوری تسلسل کا پائیدار راستہ رہی ہے۔ انہوں نے سینیٹ آف پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے بتایا کہ اس نے صوبائی حقوق، وفاقی توازن اور چھوٹے صوبوں کے تحفظ میں مصالحتی کردار ادا کیا۔ 18ویں آئینی ترمیم اور 7ویں این ایف سی ایوارڈ کو پارلیمانی اتفاق رائے کی بہترین مثالیں قرار دیا، جنہوں نے وفاق کو مضبوط اور قومی یکجہتی کو فروغ دیا۔ رضا ربانی نے خواتین، نوجوانوں اور محروم طبقات کی شمولیت کو جمہوری امن کے لیے بنیادی شرط قرار دیا۔ اختتام پر رضا ربانی نے کہا کہ مفاہمت ایک مسلسل جمہوری عمل ہے، جو مکالمے، آئین، شمولیت اور پارلیمانی اتفاق رائے سے ہی ممکن ہے، اور پاکستان کا تجربہ خطے کے لیے قابل تقلید ہے۔

**بقیہ 8**

علاقے میں ماں اور بیٹی کے سیوریج لائن میں گر کر جاں بحق ہونے کے مقدمے کی سماعت کی۔ عدالتی حکم پر سعدیہ ساجد کے والد ساجد حسین اور شوہر مرتضٰی عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ سماعت سے قبل مقتولہ کے والد ساجد حسین نے کمرہ عدالت میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ انہیں تاحال کسی قسم کی کوئی رقم یا ایک کروڑ روپے کا چیک موصول نہیں ہوا، تاحال شدید صدمے میں ہیں اور آج پہلی بار عدالت میں طلبی پر حاضر ہوئے ہیں۔ دوسری جانب پولیس نے چار روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے کے بعد پانچوں ملزمان کو ضلع کچہری کے بخشی خانے منتقل کیا جہاں سے انہیں بعد ازاں جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ پولیس نے ملزمان کے مزید 10 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ملزمان کا ڈیوٹی روسٹر چیک کرنا ہے تاکہ ان کے کردار کا تعین کیا جا سکے۔ سماعت کے دوران جوڈیشل مجسٹریٹ شفقت عباس نے تفتیشی افسر پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے استفسار کیا کہ چار دن میں کیا تفتیش کی گئی، اپنے گزشتہ حکم میں تفتیش کے نکات واضح طور پر درج کیے گئے تھے، اس کے باوجود کوئی خاطر خواہ پیشرفت سامنے نہیں آئی۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ ملزمان سے تفتیش کی گئی مگر انہوں نے ابھی تک کچھ نہیں بتایا جبکہ متوفیہ خاتون اور بچی کی میڈیکل رپورٹ فائل کے ساتھ لف کر دی گئی ہے جس کے مطابق مین ہول میں گرنے سے بازو سمیت جسم کے مختلف حصوں پر شدید چوٹیں آئیں۔ جج شفقت عباس نے ریمارکس دیئے کہ دو قتل ہوئے ہیں اور پولیس آرام سے تفتیش کر کے کچھ بھی نہیں لائی۔ عدالت نے کہا کہ اگر ذمہ داری واسا کی تھی تو پولیس کو خود تفتیش کر کے عدالت کو آگاہ کرنا چاہیے تھا، صرف خطوط لکھ دینا کافی نہیں، اس طرز تفتیش میں تو 14 روزہ جسمانی ریمانڈ بھی کم معلوم ہوتا ہے۔ سماعت کے دوران گرفتار ملزم سلمان یاسین نے کمرہ عدالت میں رو پڑا اور کہا کہ انہیں نہ سونے دیا جاتا ہے اور نہ ہی مناسب جگہ میسر ہے تاہم وہ تفتیش میں ہرممکن تعاون کیلئے تیار ہیں۔ ملزمان کے وکیل نے بتایا کہ ملزم عثمان یاسین نے ایس پی آفس میں خود گرفتاری دی اور ایک کروڑ روپے کا چیک بھی جمع کروایا جبکہ وکیل نے سلمان یاسین کو ڈسچارج اور دیگر ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کی استدعا کی۔ عدالت نے متوفیہ کے شوہر مرتضٰی سے بھی استفسار کیا جس پر انہوں نے کہا کہ اگر موقع پر روشنی کا مناسب انتظام ہوتا اور مین ہول ڈھکا ہوا ہوتا تو آج ان کا گھر اجڑنے سے بچ جاتا۔ عدالت نے پولیس کی مزید جسمانی ریمانڈ کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا، بعد ازاں جوڈیشل مجسٹریٹ نے پانچ ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع کر دی، عدالت نے ملزمان کو 9 فروری کو دوبارہ پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ مقدمے میں پراجیکٹ منیجر اصغر سندھو، احمد نواز سمیت پانچ ملزمان کو پولیس وین کے ذریعے عدالت لایا گیا تھا۔

**بقیہ 9**

وزارت تجارت، اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں دوطرفہ تجارت کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور اقتصادی تعاون، رابطوں اور سرمایہ کاری کو بڑھانے کے لیے ٹھوس راستے تلاش کیے گئے۔ ملاقات میں پاکستان اور وسطی ایشیا کے درمیان رابطوں کے چیلنجز سے نمٹنے اور دونوں ممالک کے درمیان مکمل تجارتی امکانات کو کھولنے کے لیے عملی حل پر بات چیت کی گئی۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بہتر ریل، سڑک اور ملٹی ماڈل کنیکٹوٹی پاکستان اور قازقستان تجارت کو مضبوط بنانے اور پائیدار، طویل مدتی اقتصادی روابط کو فعال کرنے کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ قازق وزیر نے بنیادی ڈھانچے کے بڑے منصوبوں، خاص طور پر ریلوے اور سڑکوں کی راہداریوں کو تیار کرنے کی تزویراتی اہمیت کو اجاگر کیا جس سے تقریباً 5 ارب امریکی ڈالر کی تجارت اور سرمایہ کاری کا بہاؤ پیدا ہوسکتا ہے جبکہ روزگار کے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں اور علاقائی سپلائی چینز کو سپورٹ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے قازقستان کے وسطی ایشیا کو جنوبی ایشیا، چین، یورپ اور گلوبل ساتھ بشمول پاکستان کی بندرگاہوں سے جوڑنے کے لیے ایک علاقائی مرکز بننے کے وژن پر زور دیا۔ وفاقی وزیر جام کمال خان نے علاقائی اور جغرافیائی سیاسی چیلنجوں کا اعتراف کرتے ہوئے ترکمانستان اور افغانستان کے ذریعے وسطی ایشیا کے ساتھ براہ راست روابط بڑھانے میں پاکستان کی دلچسپی پر اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ بہتر ٹرانزٹ روٹس سے نہ صرف پاکستان اور قازقستان کو فائدہ پہنچے گا بلکہ علاقائی اور عالمی تجارت کے وسیع مواقع بھی کھلیں گے جن میں پاکستان کی بندرگاہوں کے ذریعے افریقی اور آسیان منڈیوں تک رسائی بھی شامل ہے۔ دونوں وزرا نے ترجیحی شعبوں بشمول زراعت اور فوڈ سکیورٹی، فارماسیوٹیکل، ٹیکسٹائل، کھیلوں کے سامان، چمڑے کی مصنوعات، کان کنی اور معدنیات، توانائی اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ قازق فریق نے مشترکہ منصوبوں میں دلچسپی کا اظہار کیا، خاص طور پر فوڈ پروسیسنگ، ایگریکلچر ویلیو چینز اور فارماسیوٹیکلز کے شعبہ میں جبکہ پاکستان نے قازقستان کو پاکستان کے سرمایہ کاری کی سہولت کے فریم ورک کے تحت کان کنی، معدنیات اور زراعت پر مبنی صنعتوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ میٹنگ میں کاروبار سے کاروبار مصروفیت کی ضرورت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ دونوں فریقوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ تجارتی فروغ دینے والے اداروں اور ریگولیٹری رکاوٹیں پیدا کیے بغیر کاروباری اداروں کو جوڑ کر، مارکیٹ انٹیلی جنس کی اشتراک اور میچ میکنگ کی حمایت کرتے ہوئے ایک سہولت کار کا کردار ادا کرنا چاہیے۔ اس تناظر میں، ترجیحی شعبوں، تجارتی اہداف اور تجارتی مشنز، نمائشوں اور وفود کے تبادلے سمیت سرگرمیوں کے روڈ میپ کا خاکہ پیش کرنے والے ایک فریم ورک دستاویز کو حتمی شکل دینے کے لیے کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

**بقیہ 10**

سوال کرتے ہیں تو کہتے ہیں شعور دیا، تو کیا لوگ شعور کو روزگار کا ذریعہ بنائیں گے؟ لوگ گرین بس مانگتے ہیں تو کہتے ہیں شعور دیا تو کیا لوگ شعور پر سفر کریں گے؟ ورکر کا بیٹا جیل میں ہے، اپنے بیٹے کو برطانیہ میں بٹھایا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح راجن پور کے لوگوں نے میرا استقبال کیا ہمیشہ یاد رکھوں گی، ہمیشہ مسلم لیگ ن پر الزام لگتا ہے کہ سارا کام لاہور میں ہوتا ہے، آج سے راجن پور میں بھی گرین بسیں چلیں گی، پنجاب میں 1500 مزید بسیں آرہی ہیں، ایک سال کے اندر پنجاب کے ہر ضلع میں گرین بس چلی گی، ابھی راجن پور میں 15 بسیں آئی ہیں لیکن مزید بسیں آئیں گی۔

**بقیہ 11**

الرحمان عرف ڈکی بھائی کی اہلیہ عروب جتوئی کی عبوری ضمانت کی حاضری معافی منظور کرتے ہوئے 11 فروری تک توسیع کر دی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج منصور احمد قریشی نے کیس کی سماعت کی۔ ڈکی بھائی کی اہلیہ عروب جتوئی کی عبوری ضمانت کی میعاد ختم ہونے پر عدالت میں پیش ہونا تھا تاہم این سی سی آئی اے نے عروب جتوئی کے خلاف مقدمہ درج کر رکھا ہے۔ دوران سماعت عروب جتوئی کی جانب سے حاضری معافی کی درخواست دائر کی گئی اور عدالت کو بتایا گیا کہ عروب جتوئی بیمار ہیں لہٰذا حاضری معافی منظور کی جائے۔ عدالت نے عروب جتوئی کی حاضری معافی کی درخواست منظور کرتے ہوئے عبوری ضمانت 11 فروری تک توسیع کر دی۔

**بقیہ 12**

پر کویت پہنچ گئیں جہاں وہ ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن (ڈی سی او) کی پانچویں جنرل اسمبلی میں پاکستان کی نمائندگی اور رکن ممالک کے وزرا اور عالمی قیادت سے اعلیٰ سطحی ملاقاتیں بھی کریں گی۔ شزا فاطمہ خواجہ ڈی سی او کی جنرل اسمبلی کے افتتاحی سیشن سے خطاب بھی کریں گی۔ وزیر آئی ٹی ڈی سی او کے تھیمیٹک وزارتی راؤنڈ ٹیبل میں شرکت کریں گی جہاں رکن ممالک کے وزرا کے ساتھ مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل ترقی اور اس سے وابستہ خطرات بارے تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ اس موقع پران کی عالمی پالیسی سازوں سے بھی ملاقاتیں ہوں گی۔ ڈی سی او کی پریزیڈنسی پاکستان کو حوالگی کے موقع پر وفاقی وزیر کی تنظیم کی اعلیٰ قیادت سے ملاقات متوقع جبکہ تنظیم کی سیکرٹری جنرل دیما الیحیٰ سے ملاقات بھی شیڈول ہے۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر کی سعودی عرب کے وزیر مواصلات و انفارمیشن ٹیکنالوجی، کینیا کے وزیر برائے انفارمیشن، کمیونیکیشنز وڈیجیٹل اکانومی، روانڈا کے وزیر مملکت برائے انوویشن وآئی سی ٹی، آذربائیجان کے نائب وزیر برائے ڈیجیٹل ڈویلپمنٹ و ٹرانسپورٹ اور کویت کے وزیر مملکت برائے کمیونیکیشن افیئرز سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی متوقع ہیں۔ وفاقی وزیر ڈی سی او اور جنرل اسمبلی کے موقع پر منعقدہ سرکاری ظہرانے اور کویت کی میزبانی میں ہونے والے وزارتی سیشن میں بھی شرکت کریں گی جہاں عالمی مندوبین اور قیادت سے ملاقاتیں ہوں گی۔

**بقیہ 13**

فنڈنگ کیس میں ایف آئی اے کی جانب سے کیس کا چالان مکمل کر لیا گیا۔ بنکنگ کورٹ کے جج عبدالغفور کاکڑ نے کیس پر سماعت کی، فارن فنڈنگ کیس کے تفتیشی نے عدالت میں بیان دیا کہ میری طرف سے چالان مکمل کر کے حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لیگل کی جانب سے قانونی پراسس جلد مکمل کر لیا جائیگا، چند روز میں پراسس مکمل ہونے پر چالان باقاعدہ عدالت میں جمع ہو جائے گا۔ فارن فنڈنگ کیس میں اسپیشل پراسیکوٹر ذوالفقار ملک عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے پی ٹی آئی فارن فنڈنگ کیس کی سماعت 10 فروری تک ملتوی کر دی۔

**بقیہ 14**

کے حوالے سے کہا ہے کہ مسافروں کو آف لوڈ کرنے کے عمل کو قانونی تحفظ دینے کے لئے قواعد وضوابط تیار کر لیا گیا، قواعد منظوری کیلئے وزارت داخلہ کو موصول ہوگئی ہے، جائزہ لیا جارہا ہے، قواعد کی منظوری سے ہائی رسک مسافروں کو قانونی طور پر آف لوڈ کیا جاسکے گا، ایسے مسافروں کو آف لوڈ کیا جاتا ہے جن کے طرز عمل سے غیر قانونی ارادے واضح ہوں۔ دستاویز کے مطابق گزشتہ 3 سال کے دوران ایک لاکھ 47 ہزار 842 مسافروں کو آف لوڈ کیا گیا، 2023 میں 35 ہزار 270 اور 2024 میں 39 ہزار 214 مسافر آف لوڈ کیے گئے، 2025 میں 73 ہزار 358 مسافروں میں سے 45 ہزار 356 تکنیکی بنیاد پر آف لوڈ ہوئے، تکنیکی بنیادوں میں پرواز کی منسوخی یا خرابی، خراب موسم یا مسافر کا خود سے نہ جانا شامل ہے۔

**بقیہ 15**

ججز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ اور بین الاقوامی قانونی تعاون کو فروغ دینا ہے۔ وفاقی وزیر قانون نے پاکستان کے نظام انصاف کی مضبوطی میں کینیڈا کے تعاون کو سراہا اور بتایا کہ حکومت غریب قیدیوں اور نوعمر زیر حراست افراد کی سہولت کے لیے ایک پائلٹ منصوبہ متعارف کرانے جارہی ہے جس کا آغاز اسلام آباد اور راولپنڈی سے ہوگا۔ وفاقی سیکرٹری قانون و انصاف نے کیس مینجمنٹ سسٹم اور پاکستان کوڈ کے ذریعے قوانین کی ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق پیش رفت سے آگاہ کیا، جو شفاف اور مؤثر نظام انصاف کے قیام کی جانب اہم قدم ہے۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی اور دونوں فریقین نے عدالتی تربیت، قانونی اصلاحات اور باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

**بقیہ 16**

پنجاب پولیس اور قومی تحفظ کمیشن برائے انسانی حقوق نے جواب عدالت میں جمع کرا دیا۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ ابھی تمام فریقین کا جواب عدالتی ریکارڈ پر نہیں، جن فریقین کے جوابات آئے ہیں انہیں پڑھنے اور عدالت کی معاونت کیلئے وقت درکار ہے۔ وکلاء نے پولیس مقابلے فوری روکنے کیلئے حکم امتناعی کی درخواست دائر کی ہوئی ہے، استدعا ہے جاری پولیس مقابلے فوری روکنے کا حکم دیا جائے۔ عدالت نے استدعا فوری منظور کرنے کی مسترد کر دی۔ دوران سماعت درخواست گزار وکیل نے جواب الجواب کے لیے مہلت طلب کی جس پر سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کر دی گئی۔

**بقیہ 17**

پراجیکٹ ڈائریکٹر بریگیڈیئر ریٹائرڈ اسد محمود نے صوبائی وزیر کو 46 شہروں میں جاری کام کے سٹیٹس پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ مریم نواز کا سوہنا پنجاب پروگرام شہروں کی قسمت بدل دے گا کیونکہ اگلے 25 سال کی آبادی کی ضروریات مدنظر رکھ کر ماسٹر پلاننگ کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ مختلف شہروں میں 19 ریذیڈنٹ اور 6 اسسٹنٹ ریذیڈنٹ انجینئرز تعینات کر دیئے گئے۔ اسی طرح 41 انسپکٹرز کا بھی تقرر کر دیا گیا ہے جبکہ اسسٹنٹ پراجیکٹ ڈائریکٹرز کے فیلڈ دفاتر قائم کر دیئے گئے ہیں۔ پروگرام مانیٹرنگ یونٹ (پی ایم یو) اور کنسلٹنٹ ادارے ××نیسپاک×× کے سپرویژن سٹاف کی بھی تعیناتی کی جا چکی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محکمہ بلدیات وزیراعلیٰ مریم نواز کے مقرر اہداف کا حصول یقینی بنائے گا۔ پہلے مرحلے میں 52 میں سے 51 شہروں کے لئے ٹینڈرنگ کا عمل مکمل ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیشتر شہروں میں عملی کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ انتظامی افسران باقاعدگی سے دورے کریں۔ انہوں نے کہا کہ سیوریج سسٹم کے بغیر اکثر شہروں کے برے حالات ہیں۔ ان حالات میں پی ڈی پی جیسا میگا پراجیکٹ لانا نہایت ضروری تھا۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ میونسپل آفیسر انفراسٹرکچر (ایم او آئی) کا اس تمام منصوبے میں اہم کردار ہے لہٰذا تمام ایم او آئیز کام میں پیشرفت کے ریورٹ مرکزی ڈیش بورڈ پر اپ ڈیٹ کریں اور دی گئی ہدایات پر عملدر آمد یقینی بنائیں۔

**بقیہ 18**

بنا قوم کسی صورت قبول نہیں کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منصورہ مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سیکرٹری اطلاعات شکیل ترابی، ناظم تربیت گاہ حافظ سیف الرحمن بھی اس موقع پر موجود تھے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ (ن) لیگ اور پیپلزپارٹی گزشتہ کئی دہائیوں سے حکمرانی کر رہی ہیں، ان کا طرز حکمرانی دنیا میں بدترین گورننس کی مثال ہے، ملک کے ہر شعبہ کو تباہ کرنے کے بعد شریف اور بھٹو خاندان کی تیسری نسل کو حکمرانی کے لیے تیار کیا جارہا ہے، خدا کا شکر ہے کہ اب عوام ان کے بہکاوے میں نہیں آرہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو کو ونڈر بوائے کے طور کے پیش ہونے کے بعد اب مریم نواز نے بھی ونڈر لیڈی کی حیثیت سے برینڈنگ دی ہے، تاہم ونڈر لیڈی کی برین ڈرین سے متعلق گفتگو پر ماتم کرنے کو دل کرتا ہے، پنجاب کے حکمرانوں کو ادارکاریوں کے علاوہ اور کچھ نہیں آتا۔ انہوں نے سوال کیا کہ حکمرانوں کے بقول پنجاب میں گورننس بہتر ہے تو سکولوں کو پرائیویٹ سیکٹر کے حوالے کیوں کیا جارہا ہے؟ عوام سے خوفزدہ ن لیگ پنجاب میں غیر جمہوری، عوام دشمن بلدیاتی قانون لے کرآئی۔ فارم سینتالیس کی مدد سے سندھ پر پیپلزپارٹی قابض ہے، سترہ برس سے صوبہ پر قابض پارٹی نے کراچی میئر کی سیٹ پر بھی قبضہ کیا اور شہر کی قومی وصوبائی اسمبلی کی سیٹیں بھی ہتھیا لیں۔ وزیراعلیٰ سندھ بتائیں کہ قابضین کو قبضہ گروپ نہ کہا جائے تو اور کیا کہیں؟ انہوں نے کہا کہ ملک میں افسرشاہی کا راج ہے، مقامی حکومتوں کا موثر نظام موجود نہیں۔ جماعت اسلامی کراچی میں قبضہ گروپ کا قبضہ چھڑائے گی، 14 فروری کو بھرپور احتجاج ہوگا، بااختیار بلدیاتی نظام کی جدوجہد جاری رہے گی۔ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ میں جاری دہشتگردی کی لہر سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے حکمرانوں کو ایک دفعہ پھر باور کرایا کہ طاقت سے مسائل حل نہیں ہوں گے، عوام کو حقوق دینا ہوں گے۔ نوجوانوں کو روزگار اور تعلیم میسر نہیں ہوں گے تو یہ ملک دشمن عناصر کے ہتھے چڑھیں گے۔ بلوچستان کے عوام کو عزت دی جائے۔ نام نہاد امریکی جنگ میں شمولیت کے نتائج قوم پچیس برس سے بھگت رہی ہے، حکمران ٹرمپ کی چاپلوسی کی بجائے قوم کے وقار کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے کریں اور پالیسیاں تشکیل دیں۔ دنیا کا امن تباہ کرنے پر تلے ہوئے ٹرمپ کو وزیراعظم شہبازشریف نے امن کے نوبل انعام کے لیے نامزد کر کے ملک و قوم کے وقار کا سودا کیا۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ستتر برس کے بعد بھی قیام پاکستان کے مقاصد حاصل نہیں ہوئے، خدا کی مرضی کے بغیر نظام خدا سے بغاوت ہے، جماعت اسلامی کی سیاست ذات یا مفادات کی اسیر نہیں، جماعت اسلامی اقامت دین اور امت کے اتحاد کی جدوجہد کر رہی ہے۔ ملک میں چہرے نہیں نظام بدلنے کی ضرورت ہے۔ جماعت اسلامی نوجوانوں کو ساتھ کر کے ملک میں حقیقی تبدیلی لے کرآئے گی۔

**بقیہ 19**

ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈیش بورڈ کی تیاری اور اس کے عملی نفاذ سے متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ڈیش بورڈ کے ذریعے صوبہ بھر میں جاری ترقیاتی کاموں کی لائیو مانیٹرنگ ممکن ہو سکے گی، جبکہ سیکرٹری ہاؤسنگ خود ڈیش بورڈ کے ذریعے کام کی رفتار اور پیش رفت کی نگرانی کریں گے۔ ڈیش بورڈ میں جدید فیچرز اور اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال بھی کیا جائے گا، جس کے ذریعے فیلڈ افسران اور اہلکار ترقیاتی کاموں سے متعلق ریئل ٹائم ڈیٹا اپلوڈ کرسکیں گے۔ فیلڈ افسران کو ڈیش بورڈ کے مؤثر استعمال کے لیے باقاعدہ تربیت بھی دی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق لائیو مانیٹرنگ سسٹم کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور موثر انداز میں مکمل کرنا ممکن ہوسکے گا، جبکہ کام کی رفتار بڑھانے کے لیے بہتر اور فوری فیصلے لینے میں بھی مدد ملے گی۔ ترجمان نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں ترقیاتی کام بلاتعطل جاری ہیں تاکہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

**بقیہ 20**

دوران زراعت، ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ، پبلک پراسیکیوشن، لیبر، فوڈ سکیورٹی، ہائیر، سکول ایجوکیشن اور انرجی ڈیپارٹمنٹ کے ایجنڈا آئٹمز زیر غور آئے۔ کمیٹی نے پنجاب حکومت اور چین کے درمیان زراعت کے شعبے میں 3 ایم او یوز پر دستخط کا معاملہ کابینہ کو ارسال کیا جبکہ وزیراعلیٰ کو سرگودھا میں قائداعظم انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ کے قیام کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں چائلڈ لیبر کی ممانعت اور ایمپلائز سوشل سکیورٹی کے قوانین میں ترمیم پر بھی غور کیا گیا۔

**بقیہ 21**

کرتے ہوئے کہا کہ بسنت فیسٹیول کے دوران تمام متعلقہ فریقین عوام کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے۔ عدالت نے واضح کیا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ عدالت نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 11 فروری تک ملتوی کر دی۔

**بقیہ 22**

فیکلٹی آف آرٹس اینڈ ہیومینٹیز کے زیر اہتمام 'معرکہ حق کی بازگشت، آج کی عالمی دنیا اور مسئلہ کشمیر' پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود، سینئر صحافی سلمان غنی، ڈین فیکلٹی آف آرٹس اینڈ ہیومینٹیز پروفیسر ڈاکٹر محبوب حسین، چیئرمین شعبہ کشمیریات ڈاکٹر خواجہ زاہد عزیز، فیکلٹی ممبران اور طلباؤطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا کہ ہر سال ہم تجدید عہد کرتے ہیں کہ پاکستانیوں کا دل کشمیر کے ساتھ دھڑکتا ہے اور پوری قوم کشمیریوں کے حق خود ارادیت تک ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق نے آج پاکستان کو سفارتی سطح پر شاندار کامیابیاں عطاء کی ہیں اور دنیا بھر میں اس کی شناخت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کی آواز بننے کا یہ بہترین موقع ہے مگر ہمیں اپنی سوچ اور خیالات کو متحد رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جیسے ہم نے بھارت سے ٹیکنالوجی کے ذریعے جنگ میں شکست دی اسی طرح کشمیر کے لیے بھی سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں خود کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کے حوالے سے پاکستان حق پر ہے اور بھارت ناجائز مطالبات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا میں کشمیری اور فلسطینی عوام سب سے زیادہ مظلوم ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے اس بات پر زور دیا کہ قوموں کی آواز عالمی سطح پر اسی وقت سنی جاتی ہے جب وہ تعلیمی اور ٹیکنالوجی کے میدان میں خود کو مضبوط بناتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں علمی اور تکنیکی ترقی ہی قومی وقار اور مؤثر کردار کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی آج مکمل طور پر اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی نے ہمیشہ ملکی و عالمی سطح پر ایک ذمہ دار ادارے کے طور پر اپنا کردار ادا کرتے ہوئے مسئلہ کشمیر کے حوالے سے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی مسلسل حمایت کرتی آئی ہے۔ سینئر صحافی سلمان غنی نے کہا کہ 1990 سے آج تک پاکستان کے تمام سیاسی رہنماؤں نے مسئلہ کشمیر کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری جانتے ہیں کہ بھارت سے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے پاکستان کا مضبوط ہونا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ برہان مظفر وانی کی شہادت نے بھارتیوں کو خوف میں مبتلا کئے رکھا اور انہیں ہر کشمیری نوجوان میں برہان وانی دکھائی دیتا رہا۔ انہوں نے کہا کہ پہلگام کا واقعہ بھارت کی سازش تھی مگر وہ اپنے ہی جال میں پھنس گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے ساتھ قوم کھڑی ہوئی تو اپنے سے چھ گنا بڑی طاقت کو پسپا کر کے فتح مبین حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ کو ہواؤں کی ملکہ قرار دیا گیا اور یہ سب اتحاد واتفاق کی بدولت ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے حل، بھارت اور اسرائیل جیسے دشمنوں سے نمٹنے کے لئے پوری قوم کو متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی صرف تعلیمی درسگاہ نہیں بلکہ قومی مسائل کو اجاگر کرنے کا بہترین پلیٹ فارم بھی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر محبوب حسین نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر ایک ایسا قومی معاملہ ہے جس پر پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں ہی نہیں بلکہ پوری قوم متحد اور متفق ہے اور اس حوالے سے کسی قسم کا کوئی اختلاف موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تمام سیاسی جماعتیں اس نکتے پر یکسو ہیں کہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے لیے مشترکہ اور منظم کوششیں کی جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مسئلہ کشمیر پر قومی اتحاد پاکستان کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت عالمی سطح پر ایک نئے اور مثبت تشخص کے ساتھ ابھر کر سامنے آیا ہے اور دنیا پاکستان کی آواز سن رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے عالمی فورمز پر اپنا موثر اور ذمہ دار کردار ادا کرتا رہے گا۔ ڈاکٹر خواجہ زاہد عزیز نے مسئلہ کشمیر کی تاریخی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اقوام متحدہ میں بھارت کے گھناؤنے کردار کو آشکار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کی کشمیر پر چار جنگیں ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں نے حق خود ارادیت کے لئے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیمینار کے انعقاد کا مقصد یہ بتانا ہے کہ کشمیر ایک زندہ مسئلہ ہے۔

**بقیہ 23**

نگہبان کارڈ کی فراہمی کے لیے کیمپ سائٹس کے مقامات بینک آف پنجاب کے ساتھ شیئر کیے جائیں گے، مقامات حتمی ہونے کے بعد ضلعی انتظامیہ عوام کو نگہبان کارڈ فراہم کرے گی، حکومت نے کارڈ کی ترسیل اور وصولی کا شیڈول بروقت مکمل کرنے کی بھی ہدایت جاری کر دی ہے۔ نگہبان کارڈ کی تقسیم کے عمل میں پی ایس آئی آر کا عملہ بھی کیمپ آپریشن میں شامل ہوگا، جبکہ شہریوں کی رہنمائی کے لیے نگہبان کارڈ ہیلپ لائن اور کال سنٹر 15 فروری تک فعال کرنے کا ہدف مقرر کر دیا گیا ہے۔

**بقیہ 24**

تجارتی حجم 250 ملین ڈالر ہے جو اپنی صلاحیت سے بہت کم ہے، پاکستان اور قازقستان کے درمیان تجارتی حجم میں اضافے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔

**بقیہ 25**

ڈین فیکلٹی آف ایجوکیشن پروفیسر ڈاکٹر محمد شاہد فاروق، ڈائریکٹر ادارہ تعلیم وتحقیق پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم چوہدری، جامعات کے وائس چانسلرز، شعبہ جات کے سربراہان، فیکلٹی ممبران، طلباؤطالبات اور ان کے والدین نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی ادارہ تعلیم وتحقیق پاکستان بھر میں اساتذہ کی تربیت کا بہترین ادارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی نے اساتذہ کی اہمیت کو بڑھا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کو تعلیم دینے کے حوالے سے اساتذہ کی ذمہ داریاں کلاس روم کے اندر جتنی اہم ہے اتنی ہی کلاس روم سے باہر بھی اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنے گریجویٹس کو روزگار کے حصول کے قابل بنانے، مہذب شہری اور بہترین انسان بنانے کی ذمہ داری بھی اساتذہ کی ہے۔ انہوں نے ڈگریاں اور میڈل حاصل کرنے والے طلبہ کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ زندگی میں کامیابی پانے کے لئے اپنے والدین کا ہمیشہ خیال رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ کامیابی کا معیار دولت نہیں بلکہ علم اور تقویٰ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی کا وائس چانسلر بننا کسی اعزاز سے کم نہیں، مگر اس کے لئے علم حاصل کرنا ضروری ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم چوہدری نے کہا کہ ادارہ تعلیم وتحقیق باصلاحیت فارغ التحصیل پیدا کرنے کی اپنی شاندار تاریخ رکھتا ہے جس سے اس کی اہمیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اسی طرح ہر بچے کا یہ حق بھی ہے کہ اسے بہترین اساتذہ کی سرپرستی میں معیاری تعلیم فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے وہ محافظ ہیں جو ہر نسل کو سنوارتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تقریب میں 127 ایم فل ایجوکیشن، 15 بی ایڈ (ڈیڑھ سالہ) اور 717 انڈر گریجویٹ کی ڈگریاں عطاء کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ادارہ تعلیم وتحقیق کے اساتذہ کے 60 تحقیقی مقالہ جات ملکی و بین الاقوامی جرائد میں شائع ہو چکے ہیں جبکہ فیکلٹی ممبران 30 قومی وبین الاقوامی کانفرنسز، ورکشاپس، نمائش، سیمینارز اور سمپوزیم میں بھی شرکت کر چکے ہیں۔ بعد ازاں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کامیاب طلباؤطالبات کو ڈگریاں اور میڈلز پیش کئے۔

**بقیہ 26**

تعلقہ ڈوکری کے سیلاب متاثرہ گاؤں بہاول جت پہنچ گئے۔ جہاں بہاول جت کے مکینوں نے ورلڈ بینک کے صدر کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے بتایا کہ سندھ حکومت اور ورلڈ بینک کے تعاون سے بہاول جت میں 145 سیلاب متاثرہ گھروں کی تعمیر نومکمل کی گئی ہے، جن میں سے 83 فیصد گھروں کے مالکانہ حقوق خواتین کو دیے گئے ہیں۔ ورلڈ بینک کے صدر نے وزیراعلیٰ سندھ کے ہمراہ سندھ پیپلز ہاؤسنگ فار فلڈ افیکٹیز (SPHF) پروگرام کے تحت تعمیر شدہ گھروں کا معائنہ کیا۔ مرادعلی شاہ نے بتایا کہ سندھ کی خواتین بااختیار ہیں اور سماجی شمولیت میں مزید اضافہ کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے لیے 21 لاکھ مکانات کی تعمیر سندھ حکومت اور ورلڈ بینک کا تاریخی اقدام ہے اور یہ دنیا کی سب سے بڑی بحالی کوششوں میں شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کمیونٹیز کو اپنی زندگیوں کی تعمیر نو کے لیے بااختیار بنایا جا رہا ہے۔ اجے بنگا نے مکانات کی بحالی کے منصوبے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ اپنی نوعیت کا پہلا کمیونٹی قیادت میں ہاسنگ پروگرام ہے، جس میں خاندان خود گھر تعمیر کرتے ہیں اور آمدن کمیونٹی کے اندر رہتی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ کے مطابق ہر گھر کی تعمیر سے مقامی مزدوروں کو تقریباً 160 دن کی اجرت ملتی ہے اور منصوبے کی لاگت کا 25 فیصد براہ راست اجرت میں جاتا ہے۔ دورے کے دوران ورلڈ بینک کے صدر مقامی افراد میں گھل مل گئے اور ان کے ساتھ تصاویر بنوائیں۔ کشمور سے تعلق رکھنے والی ایک سکھ سیلاب متاثرہ فیملی بھی بہاول جت پہنچی، جس کے ساتھ وزیراعلیٰ سندھ اور صدر ورلڈ بینک نے فوٹو بنوایا۔ اجے بنگا نے خواتین میں مالکانہ حقوق کی اسناد بھی تقسیم کیں۔ وزیراعلیٰ سندھ نے بتایا کہ SPHF پروگرام کے تحت 15 لاکھ مکانات زیر تعمیر جبکہ 7 لاکھ 50 ہزار مکانات مکمل ہو چکے ہیں، اور 15 لاکھ 50 ہزار سے زائد مستفید افراد کے بینک اکاؤنٹس کھلوائے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب 10 لاکھ سے زائد خواتین زمینی مالکانہ حقوق رکھتی ہیں اور مزید خواتین کو بھی یہ حقوق دیے جائیں گے۔ ورلڈ بینک کے صدر نے بتایا کہ سیلاب متاثرین کے لیے 950 ملین ڈالر کی امداد فراہم کی گئی، جس میں ابتدائی 500 ملین اور اضافی 450 ملین ڈالر شامل ہیں۔ ان کے مطابق ہر خاندان کو اوسطاً 1400 ڈالر مالیت کے گھر کی تعمیر کے وسائل فراہم کیے گئے ہیں اور پروگرام کا مرکز غریب ترین گھرانے ہیں۔ اجے بنگا نے کہا کہ محفوظ گھروں کو صاف پانی، صفائی ستھرائی، بہتر غذائیت اور سماجی شمولیت سے جوڑا جا رہا ہے، جو انسانی سرمائے کی ترقی کے لیے مضبوط بنیاد ہے۔ انہوں نے سندھ کے کمیونٹی پر مبنی بحالی ماڈل کو عالمی مثال قرار دیا۔ دورے کے اختتام پر ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا نے بہاول جت میں امرود کا یادگار پودا لگایا اور کمیونٹی سنٹر میں خواتین سے ملاقات کی، جہاں سندھی ثقافت کے رنگ، اجرک اور سندھی ٹوپی کے تحائف پیش کیے گئے۔ اجے بنگا نے اردو میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مالکانہ حقوق آپ کی آزادی ہیں اور صاف پانی کی فراہمی آپ کی زندگی میں ایک بڑی پیش رفت ہے۔

**بقیہ 27**

تھے، ملزمان کی بچے کو اغوا کرنے کی ویڈیو بھی منظر عام پر آئی تھی۔ بچے کے اغوا کا مقدمہ عیدگاہ تھانے میں درج کیا گیا تھا، تین ماہ کے اذان کو 25 دسمبر 2025 کو اغوا کیا گیا تھا، بچے کے ماں باپ گداگر ہیں اور فٹ پاتھ پر رہتے ہیں، اغوا کار خاتون اور مرد اذان کے والدین کو علاج کے بہانے ہسپتال لائے اور بچے کو لے کر غائب ہو گئے تھے۔ پولیس حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ اغوا کاروں کو تلاش کر رہے ہیں، خاتون اور مرد کی تصویر کی مدد سے شناخت کا عمل جاری ہے جبکہ تاحال خاتون اور مرد کی شناخت نہیں ہوسکی۔

**بقیہ 28**

جمہوریت پر اعتماد مجروح ہوتا ہے، خاص طور پر ان لوگوں کے لیے جو بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ پارلیمان کو مصالحت، مکالمے اور تنازعات کے حل کا مرکز ہونا چاہیے، مگر عملی طور پر اس کردار میں کمزوریاں موجود ہیں، جو تشویش کا باعث ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ جمہوریت کی عزت و وقار کا اصل مظہر پارلیمان ہیں، مگر آج بھی ان اداروں میں موثر کارکردگی اور نتیجہ خیز نگرانی کی کمی محسوس ہوتی ہے۔ انہوں نے مغربی ممالک کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی نگرانی، شمولیت اور شفافیت سے عوام کو جمہوریت کے ثمرات مل سکتے ہیں، اور ہمیں نیا پہیہ ایجاد کرنے کے بجائے انہی تجربات سے سیکھنا چاہیے۔ ملک احمد خان نے مصنوعی ذہانت (AI) کو ایک بڑا چیلنج اور ممکنہ موقع قرار دیا، طبی، صنعتی اور تعلیمی شعبوں میں فوائد تسلیم کیے، مگر سوال اٹھایا کہ کیا قانون ساز ادارے AI کو مؤثر طور پر ریگولیٹ کرنے کے لیے تیار ہیں؟ انہوں نے خبردار کیا کہ AI کو مکمل طور پر نجی کمپنیوں یا جنگی مقاصد کے لیے چھوڑنا خطرناک ہو سکتا ہے، اس لیے قانون سازی اور نگرانی ناگزیر ہے۔ سندھ اسمبلی کے خواتین کے تحفظ سے متعلق قوانین کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ قابل تقلید مثالیں ہیں جن سے دیگر اسمبلیاں سیکھ سکتی ہیں۔ انہوں نے سری لنکا، مالدیپ اور برطانیہ کے نمائندوں کے تجربات کو مفید قرار دیتے ہوئے علاقائی مکالمے اور کانفرنسز کے تسلسل پر زور دیا۔ اختتام پر انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ کامن ویلتھ ممالک کے درمیان تجربات کا تبادلہ، مسلسل مکالمہ اور پارلیمانی اصلاحات جمہوریت کو مضبوط بنانے میں مدد دیں گی۔

**بقیہ 29**

دکانداروں اور شہریوں نے گفتگو کرتے ہوئے حکومتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار اور 25 سال بعد بسنت فیسٹیول کی بحالی پر بھرپور خیر مقدم کیا۔ سینئر صوبائی وزیر نے محکمہ داخلہ، پولیس، ٹریفک پولیس، ٹرانسپورٹ اور ریسکیو 1122 کو موقع پر فوری ہدایات دیتے ہوئے بسنت کے دوران ٹریفک روٹس اور متبادل راستوں کی موثر منصوبہ بندی کی ہدایات بھی جاری کیں۔ مریم اورنگزیب نے تمام انتظامات اور دیئے گئے اہداف کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ بسنت سے لاہوریوں کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے ہیں، یہ تہوار لاہور کی پہچان ہے، بسنت کو محفوظ اور منظم بنانے کے لیے ساری حکومتی مشینری متحرک ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف خود ایک ایک انتظام کی نگرانی کر رہی ہیں، دوران بسنت کسی بھی افسوسناک واقعے سے بچنے کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ بسنت کے موقع پر شہری ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے 519 بسیں، 60 ہزار رکشے، میٹرو بس اور اورنج لائن ٹرین مفت سروس فراہم کریں گی، بسنت کے دوران موٹر سائیکل سڑک پر لانے سے گریز کریں، غیر ضروری سفر سے پرہیز کیا جائے، سیفٹی راڈ کے بغیر موٹر سائیکل سڑک پر لانے کی اجازت نہیں ہوگی، شہری اپنی موٹر سائیکل پر حفاظتی راڈ لازمی نصب کروائیں یا موٹر سائیکل گھر پر رکھیں، بسنت کے موقع پر شہری اپنی چھتوں کو محفوظ بنائیں اور حفاظتی انتظامات مکمل کریں، والدین اپنے بچوں کی حفاظت کو اولین ترجیح بنائیں، لاہوری ثابت کریں کہ وہ ذمہ داری کے ساتھ خوشی منانا جانتے ہیں محفوظ بسنت، ذمہ دار شہری، صاف فضاء لاہور کا خوبصورت پیغام دنیا کو دیں۔

**بقیہ 30**

5,5 ہزار روپے ادا کر دیئے جائیں گے۔ نئی یونیفارم کے تحت فیلڈ میں تعینات ٹریفک وارڈنز ڈارک بلیو پینٹ اور وائٹ شرٹ پہنیں گے جبکہ دفاتر میں تعینات سٹاف کوٹ استعمال کرے گا اور خواتین وارڈنز اسکارف لیں گی۔ ٹریفک پولیس حکام نے مزید بتایا کہ 12 فروری تک تمام وارڈنز زیرو کٹ اور نئی یونیفارم کے ساتھ مکمل طور پر تیار رہیں تاکہ مقررہ تاریخ سے نئی ڈریس کوڈ پر عملدر آمد یقینی بنایا جا سکے۔

**بقیہ 31**

ایک مثبت اور خوش آئند پیش رفت قرار دیا اور کہا کہ خطے میں امن واستحکام پاکستان کے بنیادی مفادات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے نازک موقع پر امریکا ایران مذاکرات میں پاکستان کا کردار اس کی ذمہ دار خارجہ پالیسی اور امن دوست سوچ کا عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ تنازعات کا حل طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ ہمایوں خان نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ خطے اور دنیا میں امن کے قیام کے لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔

**بقیہ 32**

جس کا مقصد مسافروں، بالخصوص سمندر پار پاکستانیوں کے لیے سفر کو مزید آسان اور سستا بنانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مسافر اس خصوصی رعایت کے تحت 10 فروری 2026 تک اپنی بکنگ کروا سکتے ہیں۔ یہ رعایت یکم فروری سے 10 مارچ 2026 اور یکم مئی سے 15 مئی 2026 کے دوران سفر کرنے والے مسافروں کے لیے دستیاب ہوگی۔ پی آئی اے کے ترجمان کا کہنا ہے کہ مسافر اس رعایت سے فائدہ اٹھانے کے لیے پی آئی اے کے سرکاری بکنگ دفاتر، ویب سائٹ، موبائل ایپ یا اپنے قریبی مستند ٹریول ایجنٹس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے اپنی روایتی مہمان نوازی کے ساتھ مسافروں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

**بقیہ 33**

لیں گے کیا؟، وہ کیا محاورہ ہے ڈگے کھوتے توں تے غصہ کمہار تے، خدا دشمن بھی کم نسل اور کمینہ نہ دے۔

**بقیہ 34**

ڈاکٹر محمد علی، پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود، وائس چیئرمین پاشا راحیل اقبال، سی ای او ٹیکسل عمیر جاوید، سی ای او برین ایکس جنید اے قریشی، اوزی ٹیکنالوجی سے اسد محمود، چیف آپریٹنگ آفیسر نکسوم محمد جنید بٹ، ماہرین تعلیم، صنعتی رہنما، فیکلٹی ممبران اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے تیزی سے بدلتے ہوئے ٹیکنالوجی کے شعبے کے لیے گریجویٹس کو تیار کرنے کے لیے تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان مضبوط روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کیریئر فیئر بی ایس کمپیوٹر سائنس، بی ایس سافٹ ویئر انجینئرنگ، بی ایس انفارمیشن ٹیکنالوجی اور بی ایس ڈیٹا سائنس کے طلبہ کے لیے مفید ثابت ہوگا۔ تقریب میں 500 کے قریب گریجویٹ ہونے والے طلبہ نے شرکت کی، جن میں پنجاب یونیورسٹی جہلم کیمپس کے طلبہ بھی شامل تھے۔ 60 سے زائد معروف کمپنیوں نے بطور ریکروٹر رجسٹریشن کرائی، جن میں ممتاز سافٹ ویئر ہاؤسز اور کارپوریٹ ادارے شامل تھے۔ اس ایونٹ کے ذریعے طلبہ کو ملازمت، انٹرن شپ، پیشہ ورانہ نیٹ ورکنگ اور صنعت سے براہ راست روابط کے قیمتی مواقع فراہم کیے گئے۔ اسٹیورٹ پرائیویٹ لمیٹڈ نے بطور پلاٹینم اسپانسر جبکہ ڈیزیل لیز نے بطور گولڈ اسپانسر ایونٹ میں شرکت کی، جو طلبہ کی کیریئر ڈویلپمنٹ اور باصلاحیت افراد کے حصول کے لیے صنعت کے مضبوط تعاون کا مظہر ہے۔

**بقیہ 35**

تقریباً اسی لاکھ سے ایک کروڑ خواتین اس ہارمونل مرض کے ساتھ زندگی گزار رہی ہیں۔ ماہرین صحت نے خبردار کیا ہے کہ پی سی او ایس تیزی سے بڑھتا ہوا اگر بڑی حد تک تشخیص سے محروم رہنے والا ایک سنگین عوامی صحت کا مسئلہ بن چکا ہے جو نوجوان لڑکیوں اور شادی شدہ خواتین دونوں کو متاثر کر رہا ہے جس کے نتیجے میں بانجھ پن کے خطرات بڑھ رہے ہیں۔ یہ انتباہ لاہور کے ایک مقامی ہوٹل میں ڈیکوڈنگ پی سی او ایس کے عنوان سے شروع کیے گئے ایک آگاہی پروگرام کے موقع پر کیا گیا جہاں شہر کے بڑے ہسپتالوں سے تعلق رکھنے والی سینئر ماہر امراض نسواں نے اس مرض کے بڑھتے ہوئے بوجھ اور بروقت تشخیص و مسلسل آگاہی کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ ماہرین کے مطابق پی سی او ایس ایک پیچیدہ ہارمونل اور میٹابولک بیماری ہے جس میں ماہواری کی بے قاعدگی یا بندش، جسم میں مردانہ ہارمونز کی زیادتی، وزن میں اضافہ، کیل مہاسے، چہرے یا جسم پر غیر ضروری بالوں کی افزائش اور بیضہ دانی میں رسولیاں بن جانا شامل ہیں۔ اگرچہ پاکستان میں پی سی او ایس کا کوئی قومی ریکارڈ موجود نہیں تاہم ہسپتالوں کے اعداد وشمار اور علاقائی مطالعات سے یہ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ تولیدی عمر کی پندرہ سے بیس فیصد خواتین اس مسئلے سے متاثر ہوسکتی ہیں۔

**بقیہ 36**

رہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق ماہانہ بنیاد پر برآمدات میں 35 فیصد اضافہ اور درآمدات میں 5 فیصد کمی ہوئی جب کہ مالی سال کے 7 ماہ میں برآمدات 18 ارب اور درآمدات 40 ارب ڈالر رہیں۔ ٹیکسٹائل شعبہ برآمدات میں سرفہرست رہا، ویلیو ایڈڈ سیگمنٹ میں نمایاں بہتری ہوئی جب کہ اسپورٹس، کیمیکل، فارما اور انجینئرنگ برآمدات میں بھی اضافہ ہوا۔ حکام کے مطابق جنوری 2026 میں تجارتی خسارہ کم ہو کر 28 فیصد رہ گیا۔

**بقیہ 37**

کے پی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جعلی حکومت وہ ہوتی ہے جو لوگوں کا حق اور ترقی کھا جاتی ہے، جہاں 13 سال سے حقیقی حکومت ہے وہ صوبہ زوال کا شکار کیوں ہے؟ انہوں نے کہا کہ جعلی حکومت وہ ہوتی ہے جو امن کھا جاتی ہے، خوشی کھا جاتی ہے، جو بے حس ہوتی ہے، جب لوگ روزگار، سڑکیں مانگتے ہیں تو کہتے ہیں ہم نے شعور دیا، تو کیا شعور پر بیٹھ کر کالج جائیں گے؟ کے پی کے عوام روزگار کا سوال کرتے ہیں تو کہتے ہیں شعور دیا، تو کیا لوگ شعور کو روزگار کا ذریعہ بنائیں گے؟ لوگ گرین بس مانگتے ہیں تو کہتے ہیں شعور دیا تو کیا لوگ شعور پر سفر کریں گے؟ ورکر کا بیٹا جیل میں ہے، اپنے بیٹے کو برطانیہ میں بٹھایا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح راجن پور کے لوگوں نے میرا استقبال کیا ہمیشہ یاد رکھوں گی، ہمیشہ مسلم لیگ ن پر الزام لگتا ہے کہ سارا کام لاہور میں ہوتا ہے، آج سے راجن پور میں بھی گرین بسیں چلیں گی، پنجاب میں 1500 مزید بسیں آرہی ہیں، ایک سال کے اندر پنجاب کے ہر ضلع میں گرین بس چلی گی، ابھی راجن پور میں 15 بسیں آئی ہیں لیکن مزید بسیں آئیں گی۔

**بقیہ 38**

تجارتی حجم 250 ملین ڈالر ہے جو اپنی صلاحیت سے بہت کم ہے، پاکستان اور قازقستان کے درمیان تجارتی حجم میں اضافے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ قازقستان کے دورے کی دعوت پر اپنے بھائی قاسم جومارت توکایوف کا مشکور ہوں، تجارت اور اقتصادی شعبے میں تعاون کو وسعت دینے کے لیے 5 سالہ روڈ میپ پر اتفاق کیا ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ دونوں ملکوں کے درمیان طے پانے والے 37 سمجھوتے دوطرفہ تعاون میں سنگ میل ثابت ہوں گے، 23 سال بعد کسی بھی قازق صدر کا پاکستان کا یہ پہلا سرکاری دورہ ہے۔ صدر قازقستان قاسم جومارت توکایوف نے کہا کہ بزنس فورم کے انعقاد پر وزیراعظم شہبازشریف کا مشکور ہوں، دوطرفہ تعلقات کی تذویراتی شراکت داری میں تبدیلی کا ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں نے اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کا عزم کیا ہے، پاکستان اور قازقستان علاقائی اور عالمی رابطے کا اہم ذریعہ ہیں،

# راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر کی ریلی

## جس میں راولپنڈی کے تاجروں کی مختلف تنظیموں اور کینٹ بورڈ کے سٹاف نے شرکت

راولپنڈی(رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ اور انجمن تاجران راولپنڈی کینٹ کے زیراہتمام 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے بینک روڈ صدر میں ایک ریلی کا انعقاد کیا گیاجس میں راولپنڈی کے تاجروں کی مختلف تنظیموں اور کینٹ بورڈ کے سٹاف نے شرکت، اس موقع پر ڈپٹی سی ای او کنٹونمنٹ بورڈ ناصر کمال بھی موجود تھے، کنٹونمنٹ بورڈ کی مرکزی تنظیم تاجران کینٹ رجسٹرڈ راولپنڈی کی سربراہی گروپ لیڈر زاہد بختاوری کر رہے تھے۔ اس موقع پر تنظیم کے سرپرست اعلیٰ شیخ عنایت اللہ، قائم مقام صدر چوہدری عمران رشید، چیئرمین رفیق بھاٹیہ، چیئرمین جوائنٹ ایکشن کمیٹی ناظم بٹ، سینئر وائس چیئرمین راؤ عرفان شاہد، جنرل سیکرٹری ملک احمد اعوان، شیخ محمد بخش، سعادت خان، رابطہ سیکرٹری ایاز بٹ، وجیہ الدین اور دیگر اہم رہنماؤں نے شرکت کی۔ زاہد بختاوری نے شرکائے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم یہاں ایک عظیم مقصد کیلئے جمع ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کے نہتے عوام پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے جا رہے ہیں، ایسے وقت میں مظلوم کشمیری بہن بھائیوں کے حق میں آواز بلند کرنا ہمارا فرض اور ذمہ داری ہے۔ کشمیری عوام کے مظالم ہم سے اس بات کا تقاضا کر رہے ہیں کہ ہم یہود و ہنود کے سامنے ڈٹ جائیں، ہمیں مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے دنیا کو بیدار کرنے کی ضرورت ہے، ڈپٹی سی ای او کنٹونمنٹ بورڈ ناصر کمال نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم ہرصورت کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت جاری رکھیں گے، شیخ عنایت اللہ نے کہا کہ مظلوم کشمیری عوام کی قربانیوں اقوام عالم کے سامنے اجاگر کریں۔ چوہدری عمران رشید نے کہا کہ کشمیری عوام پر ہونے والے ظلم وستم کو ہم کبھی بھی فراموش نہیں کر سکتے۔ انجمن تاجران کے رہنما خان مشتاق نے کہا کہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم کشمیری عوام کے ساتھ اپنی محبت اور حمایت کا اظہار کریں، اس موقع پر شرکائے ریلی نے مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کیخلاف بھارتی مظالم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف شدید نعرے بازی کی، شہر کی فضا کشمیر بنے گا پاکستان، کشمیر کی آزادی تک بھارت سے جنگ رہے گی کے فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی، شرکا نے ریلی کا جوش ولولہ دیدنی تھا، ریلی کے شرکا نے مقبوضہ کشمیر کے نہتے شہریوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا مظاہرہ کیا' ریلی بینک روڈ سے نکل کر شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی واپس اسی مقام پر اختتام پذیر ہوئی۔

# افسانہ نگار اور خطاط محمد نعیم یاد کی اردو افسانوی کتب پر ایم فل سطح کا تحقیقی مقالہ مکمل کر کے ستار احمد نے ایم وائی یونیورسٹی، اسلام آباد سے اپنی ایم فل کی ڈگری کامیابی سے مکمل کر لی

## ضلع خوشاب کے ادبی ماحول کے لیے بھی ایک خوش آئند پیش رفت قرار دی جا رہی ہے

جوہرآباد: (نمائندہ خصوصی) ضلع خوشاب کے شہر جوہرآباد سے تعلق رکھنے والے معروف افسانہ نگار اور خطاط محمد نعیم یاد کی اردو افسانوی کتب پر ایم فل سطح کا تحقیقی مقالہ مکمل کر کے ستار احمد نے ایم وائی یونیورسٹی، اسلام آباد سے اپنی ایم فل کی ڈگری کامیابی سے مکمل کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ستار احمد کا تعلق بھی جوہرآباد سے ہے اور وہ ایک سرکاری سکول میں شعبہ درس و تدریس سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے اپنے تحقیقی مقالے کے لیے اردو ادب کے ایک اہم اور دقیق موضوع کا انتخاب کرتے ہوئے مقالہ بعنوان: نعیم یاد کے افسانوں میں تانیثی رجحانات کا جائزہ تحریر کیا، جس میں محمد نعیم یاد کی افسانوی کتب کو تحقیق وتنقید کے جدید تناظر میں زیر مطالعہ لایا گیا۔ اس تحقیقی کام کی نگرانی ڈاکٹر نسیم اختر نے کی، جن کی رہنمائی میں مقالہ مکمل کیا گیا۔ ادبی حلقوں کے مطابق یہ تحقیق نہ صرف محمد نعیم یاد کی تخلیقی خدمات کا اعتراف ہے بلکہ ضلع خوشاب کے ادبی ماحول کے لیے بھی ایک خوش آئند پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔ اس کامیابی پر ضلع خوشاب کے حلقۂ ادب، ادبی شخصیات، اساتذہ اور اہلِ علم نے محمد نعیم یاد اور ستار احمد کو مبارک باد پیش کی ہے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

# یومِ یکجہتی کشمیر، ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے زیرِ اہتمام دارالحکومت میں شاندار یکجہتی ریلی کا انعقاد

## کشمیریوں کے حق میں پُرجوش نعرے بازی، مودی کا پتلا نذرِ آتش، پاکستان کی شاہ رگ کشمیر پر سیاسی وسماجی قوتوں کے متفقہ کردار پر زور

مظفرآباد/ اسلام آباد (اے ایس این) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے زیرِ اہتمام ایک پُرجوش اور منظم یکجہتی ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے دوران کشمیری عوام کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے گئے اور بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا پتلا نذرِ آتش کر کے بھارتی قیادت کے خلاف نفرت کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ بحیثیت مملکتِ پاکستان، کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی ایک مضبوط قومی مؤقف ہے، جسے مزید مؤثر اور ہمہ گیر بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سیاسی اور سماجی قوتیں اپنی مخصوص ترجیحات سے بالاتر ہو کر پاکستان کی شاہ رگ کشمیر کے حوالے سے متفقہ اور مربوط کردار ادا کریں۔ مقررین کا کہنا تھا کہ علامتی یکجہتی اپنی جگہ اہم ہے، تاہم اصل ضرورت اس امر کی ہے کہ زمینی سطح پر بھی یکجہتی کے اثرات اور ثمرات واضح طور پر نظر آئیں۔ اس ضمن میں خوداحتسابی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا گیا کہ یہ اعتراف کرنے کا حوصلہ بھی ہونا چاہیے کہ کشمیریوں کے ساتھ جس سطح کی یکجہتی ہونی چاہیے، اس کے لیے ابھی مزید عملی اقدامات درکار ہیں۔ مرکزی سیکرٹری جنرل ایم کیو ایم عزت علی بھائی، سید ابرار حسین بخاری اور ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی صدر سیدہ صائمہ باجی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کشمیری عوام کی جدوجہدِ آزادی کبھی رائیگاں نہیں جائے گی۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو ان کا حقِ خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ یوم یکجہتی کشمیر صرف ایک دن کا پیغام نہیں بلکہ مسلسل جدوجہد اور عملی یکجہتی کا تقاضا کرتا ہے، جس کے لیے تمام مکاتبِ فکر کو یک زبان اور یکسو ہو کر آگے بڑھنا ہوگا۔

### وفاقی وزیرِ قانون سے کینیڈا کے ہائی کمشنر کی ملاقات، عدالتی اصلاحات پر تعاون کے عزم کا اعادہ

**حکومت غریب قیدیوں اور نوعمر زیرِ حراست افراد کی سہولت کے لیے ایک پائلٹ منصوبہ متعارف کرانے جا رہی ہے**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے بدھ کو یہاں کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان نے ملاقات کی جس میں عدالتی اصلاحات، قانونی نظام کی بہتری اور ادارہ جاتی تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی جوڈیشل اکیڈمی (ایف جے اے) میں کینیڈا حکومت کے تعاون سے جاری عدالتی تربیتی اقدامات پر بھی گفتگو ہوئی، جو ہائی کمیشن آف کینیڈا اور MUSAWI کے اشتراک سے منعقد کیے جا رہے ہیں۔ ان پروگرامز کا مقصد (بقیہ نمبر 15)

### مبینہ جعلی پولیس مقابلوں کیخلاف درخواست پر سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں جاری مبینہ جعلی پولیس مقابلوں کے خلاف درخواست پر سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل نے میاں داؤد ایڈووکیٹ سمیت دیگر وکلاء کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت (بقیہ نمبر 16)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

# خیبر پختونخواہ، بلوچستان کے حالات سنگین، دہشتگردی کے اسباب کو ختم کرنا ہوگا: حافظ نعیم الرحمن

## (ن)، پی پی کا طرزِ حکمرانی دنیا میں بدترین گورننس کی مثال ہے، شریف اور بھٹو خاندان کی تیسری نسل کو حکمرانی کے لیے تیار کیا جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حکمران پانچ فروری کو یوم یکجہتی کشمیر رسم کے طور پر نہ منائیں، مقبوضہ وادی میں بھارتی تسلط اور ظلم کے خلاف واضح اور جاندار موقف اپنایا جائے۔ خیبر پختونخواہ اور بلوچستان کے حالات سنگین ہیں، دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے اسباب پر غور کرنا ہوگا۔ ملک میں دہشت گردی کی بڑی وجہ امریکہ سے دوستی ہے۔ پاکستان کا غزہ امن بورڈ کا حصہ (بقیہ نمبر 18)

### پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے لیے اے آئی ڈیش بورڈ کا قیام

**لائیو مانیٹرنگ سسٹم کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور موثر انداز میں مکمل کرنا ممکن ہو سکے گا**

لاہور (این این آئی) ترقی یافتہ پنجاب کے وژن کے تحت صوبے بھر میں ترقیاتی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی کے لیے ایک جدید لائیو ڈیش بورڈ تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 19)

### کابینہ کمیٹی کا اجلاس، مختلف ایجنڈہ آئٹمز پر غور

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے امور قانون سازی ونجکاری (ایس سی ایل پی اینڈ پی) کا اجلاس سول سیکرٹریٹ میں ہوا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری احمد رضا سرور اور متعلقہ سیکرٹری صاحبان نے شرکت کی۔ اجلاس کے (بقیہ نمبر 20)

### اساتذہ طلبہ کو مصنوعی ذہانت، چیٹ جی پی ٹی کی تربیت فراہم کریں' پروفیسر ڈاکٹر محمد علی

لاہور (این این آئی) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا ہے کہ اساتذہ کو اپنے طلباؤ طالبات کو مصنوعی ذہانت اور چیٹ جی پی ٹی کے ساتھ تعلیم وتربیت فراہم کرنا ہوگی۔ وہ پنجاب یونیورسٹی ادارہ تعلیم وتحقیق کے زیر اہتمام پانچویں تقسیم تقریب اسناد سے فیصل آڈیٹوریم میں خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 25)

ابوظہبی: خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری 2026 کے زید ایوارڈ برائے انسانی برادرانہ مجلس میں شریک ہیں۔

### صدر ورلڈ بینک نے سندھ کے کمیونٹی پر مبنی بحالی ماڈل کو عالمی مثال قرار دے دیا

**صدر اجے بنگا نے بہاول جت میں امرود کا یادگار پودا لگایا اور کمیونٹی سینٹر میں خواتین سے ملاقات کی**

کراچی (این این آئی) ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا نے سندھ پیپلز ہاؤسنگ فار فلڈ افیکٹیز پروگرام کے تحت تعمیر شدہ گھروں عالمی مثال قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ محفوظ گھروں کو صاف پانی، صفائی ستھرائی، بہتر غذائیت اور سماجی شمولیت سے جوڑا جا رہا ہے، جو انسانی سرمائے کی ترقی کے لیے مضبوط بنیاد ہے۔ انہوں نے سندھ کے کمیونٹی پر مبنی بحالی ماڈل کو عالمی مثال قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا (بقیہ نمبر 26)

### کراچی پولیس کی ناکامی، اسپتال سے اغوا 3 ماہ کا بچہ تاحال بازیاب نہ ہوسکا

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ سٹی کی انویسٹی گیشن (ڈی سی آئی) پولیس بچے کو بازیاب کرانے میں ناکام رہی، سول ہسپتال کے شعبہ اطفال سے گزشتہ سال اغوا کیا گیا 3 ماہ کا اذان تاحال بازیاب نہ ہوسکا۔ تین ماہ کے اذان کو شعبہ اطفال سے خاتون اور مرد اغوا کر کے لے گئے (بقیہ نمبر 27)

# پارلیمان اس لیے اہم ہے کیونکہ جمہوریت کا دارومدار انہی اداروں پر ہے: سپیکر

## ایوانوں میں تشدد، شور شرابہ، غیر سنجیدہ بحث اور عوامی مسائل کے حل کی کمی ہو تو جمہوریت پر اعتماد مجروح ہوتا ہے، عالمی پارلیمانی کانفرنس سے خطاب

کراچی (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ پارلیمان اس لیے اہم ہے کیونکہ جمہوریت کا دارومدار انہی اداروں پر ہے اور عوام کا اعتماد پارلیمانی طرزِ عمل سے جڑا ہوا ہے۔ بدھ کو 7ویں سی پی اے ایشیا ریجنل کانفرنس اور دوسری مشترکہ ایشیا وجنوب مشرقی ایشیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ملک احمد خان نے کہا کہ اگر ایوانوں میں تشدد، شور شرابہ، غیر سنجیدہ بحث اور عوامی مسائل کے حل کی کمی ہو تو (بقیہ نمبر 28)

# ماں کی دعا اولاد کی تقدیر بدلنے کی طاقت رکھتی ہے: علامہ قیصر یعقوب

## ماں ایک رشتہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ عظیم نعمت اور بے مثال رحمت ہے: موہڑہ مانجیاں میں خطاب

دولتالہ (محمد فرقان قریشی) ماں کی گود انسان کی پہلی درسگاہ اور اس کی تربیت قوموں کی بنیاد ہوتی ہے، اگر معاشرے کو مضبوط، باکردار اور بااخلاق بنانا ہے تو ہمیں ماؤں کے مقام، عزت اور خدمت کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا، ان خیالات کا اظہار علامہ قیصر یعقوب نے گزشتہ روز معروف ماہر تعلیم ماسٹر پرویز اختر کی والدہ اور بزرگ مذہبی شخصیت صوبیدار حاجی مہربان حسین کی اہلیہ کی برسی کے موقع پر منعقدہ محفل میلاد مصطفیٰ سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ نیک اولاد والدین کے لیے صدقہ جاریہ ہوتی ہے، وہ اولاد سعادت مند ہوتی ہے جو بعد از وفات اپنے والدین کو ایصال ثواب کے اسباب پیدا کرتی ہے، منعقدہ محفل میں علامہ قاری عبدالواحد نقشبندی، پروفیسر اخلاق احمد تبسم، قاری تیمور رضوی، قاری عبدالرحمن سلطانی، قاری سعید بلال چشتی، علامہ غضنفر محمود، صدر پریس کلب سکھو محمد فرقان قریشی، ممتاز ماہر تعلیم و ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ایلیمینٹری سکول موہری ماسٹر محمد رضوان قریشی، رہنماء پاکستان مسلم لیگ عمران اصغر قریشی، قریبی عزیز و اقارب سمیت قرب و جوار کی ہر مکتبہ فکر سے منسلک شخصیات اور گورنمنٹ ایلیمینٹری سکول موہری کے سٹاف نے شرکت کی اور مرحومہ کے درجات میں بلندی کی دعا کی۔

# بلاول بھٹو کی قیادت میں کشمیر ایک دن اور بہت جلد آزاد ہو کر پاکستان کا حصہ بنے گا

## یوم یکجہتی کشمیر پر مسیحی برادری کا کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمینٹرز کے سیکرٹری جنرل نیر حسین بخاری، سنٹرل سیکریٹریٹ کے انچارج سید سبط الحیدر بخاری المعروف سبطی شاہ اور مرکزی مسیحی راہنما راشد چوہان، نرگس فیض ملک، راجہ شکیل عباسی ایڈووکیٹ، پاسٹر قیصر، پاسٹر آصف نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کی قیادت میں کشمیر ایک دن اور بہت جلد آزاد ہو کر پاکستان کا حصہ بنے گا، یوم یکجہتی کشمیر پر مسیحی برادری کا کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، بی بی نے شہید بھٹو کی قیادت میں کشمیر کے مسئلہ کو عالمی سطح پر اجاگر کیا، عالمی برادری حق خودارادیت کشمیر کے لیے بھارت پر دباؤ ڈالے، مودی سرکار کی کشمیریوں کو غلام رکھنے کی تمام بربریت ناکام ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے کہا تھا کشمیر کی آزادی کے لئے ایک ہزار سال بھی جنگ لڑیں گے یہ ہماری جنت نظیر وادی ہے کشمیری اب یا کبھی نہیں کی بنیاد پر آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں پاکستان کی ریاست اور تمام سیاسی جماعتیں ہر فورم پر کشمیریوں کی اخلاقی سفارتی شنویت جاری رکھیں گے کشمیری ہمارے بھائی ہیں ان کا رہن سہن ہمارا ہے بھارت کی تمام حکومتیں 78 سال سے کشمیریوں کو دبانے میں مکمل ناکام رہی ہیں یہ تحریک اب منزل آزادی قریب پہنچ چکی ہے۔

# ملک بھر کی طرح ضلع چکوال میں کشمیری عوام کی حق خودارادیت اور آزادی کشمیر سے اظہار یکجہتی کیلئے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا

## اس سلسلے میں ضلعی سطح پر ریلیوں اور سیمینارز کا اہتمام کیا گیا

چکوال (مرزا ساجد اقبال سے) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ملک بھر کی طرح ضلع چکوال میں کشمیری عوام کی حق خودارادیت اور آزادی کشمیر سے اظہار یکجہتی کیلئے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا اس سلسلے میں ضلعی سطح پر ریلیوں اور سیمینارز کا اہتمام کیا گیا جس میں کشمیر کی آزادی تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعادہ کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں مرکزی یوم یکجہتی کشمیر ریلی منعقد ہوئی۔ جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کی۔ ریلی میں اے ڈی سی جی بلال بن عبد الحفیظ، اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی، محکمہ تعلیم، ضلع کونسل، ریسکیو 1122، پیرا فورس، سول ڈیفنس، سپورٹس ※ انفارمیشن و دیگر سرکاری محکموں کے افسران و اہلکاران، میڈیا سمیت سول سوسائٹی کے نمائندگان اور ڈی پی ایس سمیت دیگر سکولوں کے بچوں نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے یوم یکجہتی کشمیر کی اہمیت کو اجاگر کیا اور کہا کہ یہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی مکمل حمایت اور ان کے بے مثال جذبہ حریت کو خراج تحسین وسلام پیش کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پر سفاک بھارت کا غاصبانہ قبضہ اور نہتے کشمیری عوام پر بھارتی فوج کے بدترین مظالم بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔

# کشمیر مسلمانوں کی جہدو جہد آزادی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

## وکلاء برادری ہمیشہ کشمیری عوام کی پشتی بان رہی ہے

اوکاڑا (داؤد راجپوت) صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑا چوہدری فاروق اشرف سنگوکا اور جنرل سیکرٹری طارق نسیم منگن نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کشمیر مسلمانوں کی جہدو جہد آزادی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کی طرف مبذول کرواتے ہیں۔ وکلاء برادری ہمیشہ کشمیری عوام کی پشتی بان رہی ہے آئندہ بھی ان کی اخلاقی سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ بھارت گزشتہ کئی دہائیوں سے کشمیریوں پر ظلم وجبر کے پہاڑ توڑ رہا ہے مگر کشمیری عوام کے حوصلے آج بھی بلند ہیں۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے حکوت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر مزید موثر انداز سے اٹھایا جائے اور بھارتی جارحیت کے خلاف ٹھوس سفارتی اقدامات کئے جائیں

### سیوریج لائن میں بچی سمیت گر کر جاں بحق ہونے والی سعدیہ کے شوہر، والد کی عدالت پیشی

**ہمیں ابھی تک کوئی رقم یا چیک نہیں ملا، ابھی ہم صدمے میں ہیں، عدالت نے بلوایا ہے تو حاضر ہوئے ہیں' والد**

لاہور (این این آئی) بھاٹی گیٹ میں سیوریج لائن میں گر کر جاں بحق ہونے والی خاتون سعدیہ کا والد اور شوہر ضلع کچہری میں پیش ہوئے۔ اس سوال کہ کیا آپ کو ایک کروڑ روپے کا چیک مل گیا ہے کے جواب میں والد ساجد حسین نے کہا کہ ہمیں ابھی تک کوئی رقم یا چیک نہیں ملا۔ صحافی نے سوال کیا کیا آپ معاملے کو صلح صفائی کی طرف لے کر جا رہے ہیں جس پر انہوں نے کہا کہ ابھی ہم صدمے میں ہیں، آج پہلی بار عدالت نے بلوایا ہے حاضر ہوا ہوں۔

# وزیر بلدیات کا پی ڈی پی پر کام کی رفتار پر اظہار اطمینان

## مختلف شہروں میں 19 ریذیڈنٹ اور 6 اسسٹنٹ ریذیڈنٹ انجینئرز تعینات، 41 انسپکٹرز کا بھی تقرر کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر جاری کام کی رفتار پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے مقررہ ٹائم لائن کا ہر مرحلے پر خیال رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ پی ڈی پی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے زور دیا کہ کمشنر صاحبان زیر زمین ٹینک اور ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کے لئے اراضی کی فراہمی یقینی بنائیں۔ اجلاس میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور ایڈیشنل سیکرٹری احمر سہیل کیفی نے بھی شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 17)

سیکرٹری بی آئی ایس پی امیر احمد علی وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ سید عمران احمد شاہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔

### لاہور ہائیکورٹ کا محفوظ بسنت کیلئے ریڈ زون پارکس میں میڈیکل کیمپس قائم کرنے کا حکم

**بسنت فیسٹیول کے دوران تمام متعلقہ فریقین عوام کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے' عدالت کے ریمارکس**

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے محفوظ بسنت منانے کے حوالے سے ریڈ زون والے پارکس میں میڈیکل سہولیات کیمپ قائم کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے محفوظ بسنت منانے کے حوالے سے اہم احکامات جاری کرتے ہوئے ریڈ زون میں واقع پارکس میں میڈیکل سہولت کیمپس قائم کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے بسنت کے موقع پر تمام حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ جسٹس ملک اویس خالد نے گزشتہ ساعت کا تحریری حکم جاری (بقیہ نمبر 21)

### رمضان المبارک کے پیش نظر نگہبان کارڈ کی فراہمی کا عمل تیز کرنے کی ہدایت

**نگہبان کارڈ کے لیے قائم کی جانے والی کیمپ سائٹس سے متعلق تفصیلات طلب کر لی گئیں**

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے رمضان المبارک کے پیش نظر نگہبان کارڈ کی فراہمی کا عمل تیز کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔ ایوانِ وزیراعلی نے صوبہ بھر میں نگہبان کارڈ کے لیے قائم کی جانے والی کیمپ سائٹس سے متعلق تفصیلات طلب کر لی ہیں جبکہ تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو فوری طور پر سائٹس کی تفصیلات فراہم کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 23)

### مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے پاکستان کو سیاسی و معاشی طور پر مستحکم کرنا ہوگا' ڈاکٹر محمد علی

لاہور (این این آئی) وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے پاکستان کو سیاسی و معاشی طور پر مستحکم کرنا ہوگا جو علم کے بغیر ممکن نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب یونیورسٹی (بقیہ نمبر 22)

لاہور: ڈی جی کاؤنٹر نارکوٹکس فورس پنجاب بریگیڈیئر مظہر اقبال نجی یونیورسٹی میں منشیات فروشی سے متعلق آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

# ضلع کرم پاراچنار: ملک کے دیگر حصوں کی طرح ضلع کرم میں بھی 05 فروری کو یومِ یکجہتیٔ کشمیر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے سلسلے میں جوش وجذبے سے منایا گیا

## ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان کی ہدایات کی روشنی میں گورنر کاٹیج پاراچنار میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی

کرم) محمد خالق اورکزئی سے ــــــــــ) ضلع کرم پاراچنار: ملک کے دیگر حصوں کی طرح ضلع کرم میں بھی 05 فروری کو یوم یکجہتیٔ کشمیر کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے سلسلے میں جوش وجذبے سے منایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان کی ہدایات کی روشنی میں گورنر کاٹیج پاراچنار میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ پرچم کشائی کے دوران ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر ریونیو آفتاب خوشحالوی، ایس پی آپریشنز پولیس فلک نواز، تحصیلداران، مختلف قومی تعمیراتی و ترقیاتی محکموں کے افسران، سیکرٹری انجمنِ حسینیہ پاراچنار، صدر تحریکِ حسینی پاراچنار اور قبائلی عمائدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر آفتاب خوشحالوی، ایس پی آپریشن فلک نواز، ڈاکٹر سید حسین جان اور سیکرٹری انجمنِ حسینیہ پاراچنار حاجی ضامین علی نے اپنے خطاب میں مقبوضہ کشمیر میں بھارتی افواج کے مظالم اور غاصبانہ تسلط کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر اور اس کے عوام پاکستان کا حصہ ہیں اور ہم کسی بھی صورت میں کشمیری بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کشمیر کی آزادی کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ اسی طرح لوئر کرم (صدہ) میں متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے مختلف پروگرامز اور ریلیاں منعقد کی گئیں، جن میں لائن محکموں کے سربراہان اور مشران نے شرکت کی۔ ریلی صدہ کچہری سے شروع ہو کر پریس کلب پر اختتام پذیر ہوئی۔ اپنے خطابات میں مقررین نے بھارتی افواج کی جانب سے کشمیری عوام پر کیے جانے والے مظالم کی شدید مذمت کی اور کہا کہ نام نہاد بھارتی حکمران اور بھارتی فورسز عالمی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزیاں کر رہے ہیں، جو ان کی بوکھلاہٹ کا واضح ثبوت ہے۔ آخر میں ملک کی سلامتی، کشمیر کی آزادی، سیکیورٹی فورسز اور امن و امان کے لیے خصوصی دعا کی گئی)

# تحریک تحفظ آئین پاکستان کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے اسٹریٹ موومنٹ

## رہنماؤں نے مورو شہر کے مختلف علاقوں میں عوام میں پمفلٹ اور ہینڈ بل تقسیم کیے

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) تحریک تحفظ آئین پاکستان کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے اسٹریٹ موومنٹ۔ پاکستان تحریکِ انصاف سندھ کے نائب صدر غلام مرتضیٰ ڈیپر کی قیادت میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں نے مورو شہر میں 8 فروری 2026ع کو دی جانے والی شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور اسٹریٹ موومنٹ چلائی۔ اس موقع پر سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے ضلع صدر محمد یاسین سومرو، مورو بار کے ایڈووکیٹ گلزار عالمانی، ایڈووکیٹ غلام مصطفیٰ چوہان، پی ٹی آئی تعلقہ صدر جان محمد پنجارو، امتیاز علی راجپر، جنسار علی کلہوڑو، کامریڈ ارشاد علی کورائی، اسحاق ڈیپر، قربان کھوسو، ثناء اللہ مستوئی، اخلاق، علی گل اور دیگر سیاسی وسماجی رہنما بھی ساتھ میں موجود تھے۔ رہنماؤں نے مورو شہر کے مختلف علاقوں میں عوام میں پمفلٹ اور ہینڈ بل تقسیم کیے اور مورو کے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ 8 فروری 2026ع کو اپنے کاروبار اور دکانیں بند رکھ کر تحریک تحفظ آئین پاکستان کی شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنائیں۔

# ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو نے آج ایک اہم پریس کانفرنس سے خطاب کیا

## جس میں ضلع نوشہرو فیروز کے الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا کے بیورو چیفس اور نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو نے آج ایک اہم پریس کانفرنس سے خطاب کیا، جس میں ضلع نوشہرو فیروز کے الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا کے بیورو چیفس اور نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پریس کانفرنس کے دوران ایس ایس پی میر روحل خان کھوسو نوشہرو فیروز نے ضلع پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیت، مستعدی اور جرائم کے خلاف اپنائی گئی مؤثر حکمتِ عملی کے نتیجے میں ایک بین الصوبائی بدنام زمانہ عون محمد جٹ گینگ گرفتار۔ بھاری تعداد میں چوری و ڈکیتی شدہ موبائل فونز برآمد، پولیس مقابلے کے دوران دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار۔ گاڑی، غیر قانونی اسلحہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والے اوزار برآمد ہونے کی تفصیل بتا ※ ی۔ ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو نے بتایا کہ تھانہ نوشہرو فیروز سٹی کی حدود میں دورانِ پیٹرولنگ، نیئر سوجی پھاٹک، پولیس پارٹی کا جرائم پیشہ عناصر سے مقابلہ ہوا۔ فائرنگ کے تبادلے کے بعد پنجاب سے تعلق رکھنے والی بین الصوبائی بدنام زمانہ عون محمد جٹ گینگ کے دو کارندے زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ گرفتار ملزمان کی شناخت عون محمد ولد نبی بخش جٹ (ساکن ضلع اوکاڑہ پنجاب) اور محمد اصغر ولد محمد صدیق بھٹی کے نام سے ہوئی۔

# اسٹریٹ موومنٹ کے سلسلے میں تحصیل دوآبہ، ہنگو میں پاکستان تحریکِ انصاف کی ایک عظیم الشان گرینڈ میٹنگ منعقد ہوئی

## ان شاء اللہ عوام کی طاقت سے ایک مثبت تبدیلی ضرور آئے گی

تحصیل) ٹل دوابہ ) بیورو رپورٹ ) ہنگو دوابہ پاکستان تحریکِ انصاف ضلع ہنگو کے صدر و ایم این اے ہنگو/ اورکزئی یوسف خان کی قیادت میں 8 فروری کے اسٹریٹ موومنٹ کے سلسلے میں تحصیل دوآبہ، ہنگو میں پاکستان تحریکِ انصاف کی ایک عظیم الشان گرینڈ میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں پارٹی کے مقامی رہنماؤں، عہدیداران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم این اے یوسف خان نے خطاب کرتے ہوئے اسٹریٹ موومنٹ کی تیاریوں، تنظیمی حکمتِ عملی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اتحاد، نظم وضبط اور جذبے کے ساتھ پارٹی پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ ایم این اے یوسف خان کا کہنا تھا کہ پاکستان تحریکِ انصاف کے کارکنان ہر مشکل گھڑی میں اپنی قیادت کے ساتھ کھڑے ہیں اور عوام کے حقوق کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ عوام کی طاقت سے ایک مثبت تبدیلی ضرور آئے گی۔

# یومِ یکجہتی کشمیر 5 فروری 2026۔ یومِ یکجہتی کشمیر کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد ڈپٹی کمشنر آفس ہنگو میں کیا گیا

## پروگرام کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے کیا گیا، بعد ازاں کشمیری شہداء کی عظیم قربانیوں کے اعتراف میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی

ہنگو) محمد خالق اورکزئی سے)۔۔۔ یومِ یکجہتی کشمیر 5 فروری 2026۔ یومِ یکجہتی کشمیر کے موقع پر پروقار تقریب کا انعقاد ڈپٹی کمشنر آفس ہنگو میں کیا گیا۔ تقریب میں ڈی پی او ہنگو خان زیب مہمند، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہنگو عبد النصیر خان، اسسٹنٹ کمشنر ہنگو اسفندیار خالد، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز، لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان، محکمہ تعلیم کے افسران واساتذہ کرام، مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد، سماجی شخصیات، اقلیتی برادری کے نمائندگان، امن کمیٹی کے ممبران، صحافی حضرات اور علاقہ مشران نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے کیا گیا، بعد ازاں کشمیری شہداء کی عظیم قربانیوں کے اعتراف میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ اس موقع پر قومی پرچم کشائی کی گئی اور پاکستانی قومی ترانہ بجایا گیا۔ تقریب کے دوران یومِ یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے تقاریر، ملی نغمے اور اظہارِ یکجہتی پر مبنی پروگرامز پیش کیے گئے، جن میں مقررین نے کشمیری عوام کی جدوجہدِ آزادی، صبر واستقامت اور لازوال قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا اور عالمی برادری سے مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا۔ بعد ازاں کشمیری بھائیوں سے اظہارِ یکجہتی کے لیے واک کا بھی اہتمام کیا گیا، جس میں شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا کر کشمیری عوام کے حق میں آواز بلند کی۔ پروگرام کے اختتام پر کشمیر کی آزادی، پاکستان کی سلامتی اور

# اسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شنواری کی سربراہی میں مظلوم کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے صدہ میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا

## ملک کی سلامتی، کشمیر کی آزادی، سیکیورٹی فورسز اور امن و امان کے لئے دعا کی گئی۔ انشاء اللہ کشمیر بنے گا

کرم) محمد خالق اورکزئی سے ) 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر صدہ لوئر کرم۔ ملک کے دیگر حصوں کی طرح صدہ میں بھی اسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شنواری کی سربراہی میں مظلوم کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے صدہ میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم عصمت اللہ شنواری، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر سنٹرل کرم ڈاکٹر اسد ظہور، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر لوئر کرم شاہد علی، تحصیلداران لوئر کرم وسنٹرل کرم، محکمہ ٹی ایم اے لوئر کرم، ریسکیو 1122، ایگریکلچر، وِلج سیکٹریز محکمہ لوکل گورنمنٹ، ایریگیشن، وائلڈ لائف، چائلڈ پروٹیکشن، لائیوسٹاک، فارسٹ، سی اینڈ ڈبلیو ایس ڈی او زاہد، صدہ جیل سٹاف، کرم سکاؤٹس سیکٹری گل جنان، تحصیل چیئرمین سنٹرل کرم، ولیج چیئرمین کونسلران صاحبان، مشران علاقہ ملک زرغون شاہ وغیرہ شریک تھے۔ اسکے علاقہ ہر مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ پروگرام میں شرکاء نے تقاریر کئے اور مظلوم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی ظاہر کی اور بھارتی مظالم کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ بعد میں صدہ پریس کلب تک ریلی نکالی گئی جس میں شرکاء نے مختلف قسم کے بینرز کتبے اٹھار کھے تھے جس پر کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے نعرے درج تھے۔ شرکاء نے آپنے تقاریر میں بھارتی فوج کی طرف سے کشمیری عوام پر مظالم کی شدید الفاظ میں مزمت کی گئی اور کہا کہ نام نہاد بھارتی حکمران اور بھارتی فورسز عالمی انسانی حقوق کی براہ راست خلاف ورزیاں کر کررہے ہیں، جواب بوکھلاہٹ کا شکار ھے۔ آخر میں ملک کی سلامتی، کشمیر کی آزادی، سیکیورٹی فورسز اور امن و امان کے لئے دعا کی گئی۔ انشاء اللہ کشمیر بنے گا پاکستان)



لاہور: آئی جی پنجاب راؤ عبد الکریم سنٹرل پولیس آفس میں ایڈیشنل آئی جیز، آر پی اوز اور ڈی پی اوز کے اہم ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

### یہ آپ کا قصور نہیں، اخلاقی پستی، تربیت کا مسئلہ ہے، مسرت چیمہ کا عابد شیر علی کی پوسٹ پر ردعمل

**عوام کی نفرت اور لعن طعن کا بدلہ خاں صاحب پر غصہ نکال کے لیں گے کیا؟' سینئر رہنما پی ٹی آئی**

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما عابد شیر علی کی بانی چیئر مین عمران خان سے متعلق ایک پوسٹ پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ یہ آپ کا قصور نہیں آپ کی اخلاقی پستی اور تربیت کا مسئلہ ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ عوام کی نفرت اور لعن طعن کا بدلہ خاں صاحب پر غصہ نکال کے (بقیہ نمبر 33)

### پنجاب یونیورسٹی ایف سی آئی ٹی کے زیر اہتمام کیریئر فیئر کا انعقاد

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی فیکلٹی آف کمپیوٹنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام طلباؤ طالبات اور معروف صنعتی اداروں کو ایک ہی چھت تلے اکٹھا کرنے کے لیے 15 واں کیریئر فیئر 2026 منعقد ہوا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر (بقیہ نمبر 34)

### جنوری میں تجارتی خسارہ کم، برآمدات پہلی بار 3 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئیں

**ٹیکسٹائل شعبہ برآمدات میں سرفہرست رہا، ویلیو ایڈڈ سیگمنٹ میں نمایاں بہتری ہوئی**

کراچی (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاشی اصلاحات سے برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے مطابق جنوری میں پاکستان کی برآمدات پہلی بار 3 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئیں جب کہ درآمدات کم ہو کر ساڑھے 5 ارب ڈالر کے قریب (بقیہ نمبر 36)

### ہارمونل بیماری کے باعث ایک کروڑ پاکستانی خواتین بانجھ پن کا شکار ہوسکتی ہیں' ماہرین صحت کی وارننگ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں تولیدی عمر کی پندرہ سے بیس فیصد خواتین پولی سسٹک اووری سنڈروم کا شکار ہیں یعنی ملک بھر میں (بقیہ نمبر 35)